www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | ہفتہ 29 شوال 1447ھ 18 اپریل 2026ء صفحات 08 | شمارہ 283

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

وزیراعظم کی ٹرمپ کے خصوصی مشیر، ترک، قازق اور آذربائیجان کے صدور سے ملاقاتیں، عالمی امن کیلئے ایران امریکہ مذاکرات پر مشاورت

انطالیہ ڈپلومیسی فورم میں شہباز شریف عالمی رہنماؤں کی توجہ کا مرکز

امریکی صدر کے سینئر مشیر برائے عرب و افریقی امور سعد بولوس نے وزیراعظم کو صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے خصوصی پیغام پہنچایا، خطے میں استحکام کے لیے پاکستان کے مثبت کردار کی تعریف

مشرق وسطیٰ میں امن کے لیے پاکستان، ترکیہ اور قطر کا مشترکہ محاذ، غزہ و فلسطین کی تشویشناک صورتحال پر سہ فریقی مشاورت، تینوں ممالک کا مسلم امہ کے مسائل کے حل کیلئے مل کر کام کرنے کا فیصلہ

وزیراعظم پاکستان شہباز شریف کی کوششوں سے خطے میں جنگ رک گئی، اس جنگ بندی کو امن کے ایک موقع کے طور پر دیکھنا چاہیے، رجب طیب اردوان کا انطالیہ ڈپلومیسی فورم کے آغاز پر خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے انطالیہ میں منعقدہ ''ڈپلومیسی فورم'' کے موقع پر ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان سے اہم دوطرفہ ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان برادرانہ تعلقات کی مضبوطی، اقتصادی تعاون کے فروغ اور علاقائی امن کی صورتحال پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ، ترک وزیر خارجہ ہاکان فیدان اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ صدر رجب طیب اردوان نے وزیراعظم شہباز شریف کا ترکیہ آمد پر خیر مقدم کیا اور انطالیہ ڈپلومیسی فورم میں شرکت پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر ترک صدر نے خطے میں امن کے قیام کے لیے پاکستان کی سفارتی کاوشوں کو سراہتے ہوئے یقین دلایا کہ ترکیہ پاکستان کی ان کوششوں کی مکمل حمایت جاری رکھے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے فورم کے کامیاب انعقاد پر ترک صدر کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ یہ فورم اب ایک اہم عالمی پلیٹ فارم کی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ انہوں نے انطالیہ میں قیام کے دوران ملنے والی روایتی ترک مہمان نوازی پر صدر اردوان کا شکریہ بھی ادا کیا۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے حالیہ علاقائی...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی آئل ٹینکر آبنائے ہرمز عبور کرنے والا پہلا جہاز بن گیا

جہاز میں تقریباً 4 لاکھ 50 ہزار بیرل خام تیل موجود تھا، بلوم برگ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) خلیج فارس میں جاری کشیدگی اور امریکی ناکہ بندی کے باوجود پاکستان کے جھنڈے والی ایک آئل ٹینکر نے اہم پیش رفت کرتے ہوئے آبنائے ہرمز سے کامیابی کے ساتھ گزر کر نیا ریکارڈ قائم کر دیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے بلومبرگ کے مطابق شالیمار...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

صدر مملکت آصف زرداری سے صوبائی وزیر صادق عمرانی، نواب ثناء زہری، سردار عمر گورگیج، حسن زہری و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کی ترقی کیلئے ریاستی کوششیں پوری قوت سے جاری ہیں، صدر مملکت

ملک بھر سے غیر ملکی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ناکام بنانے کیلئے پر عزم ہیں، بات چیت

آصف زرداری سے سردار عمر گورگیج، نواب زہری، عبدالقدوس بزنجو و دیگر کی ملاقات، ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال

کوئٹہ + اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری سے جمعہ کو بلوچستان سے تعلق رکھنے والے اراکین پارلیمنٹ نے ملاقات کی جس میں پاکستان بالخصوص بلوچستان کی مجموعی سیاسی صورتحال اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر مملکت کا ملک بھر سے غیر ملکی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ناکام بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

آبنائے ہرمز کھولے جانے کے بعد ایرانی فورسز گشت کر رہی ہیں

پسماندہ علاقوں کی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کوشاں ہیں، وسائل کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جا رہا ہے، بیکڑ کے بعد بارکھان کو اپنا دوسرا گھر تصور کرتا ہوں

صحت، تعلیم اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات کئے جا رہے ہیں، قبائلی رہنما میر عبدالکریم کھیتران سے بات چیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بارکھان کے قبائلی رہنما میر عبدالکریم کھیتران نے ملاقات کی جس میں بالخصوص ضلع بارکھان کی سیاسی و علاقائی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران آئندہ مالی سال کے بجٹ میں کوہ سلیمان ڈویژن کے ترقیاتی منصوبوں کی تشکیل پر مشاورت کی گئی اور اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ منصوبہ بندی کو عوامی ضروریات سے ہم آہنگ بنایا جائے گا تاکہ...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز کی قیادت میں اپوزیشن ارکان ملاقات کر رہے ہیں

آبنائے ہرمز کھل گئی، شکریہ ایران، شکریہ شہباز، شکریہ فیلڈ مارشل، آبنائے ہرمز کھلنے پر صدر ٹرمپ کا ردعمل

سیز فائر کی مدت کے دوران آبنائے ہرمز تجارتی بحری جہازوں کیلئے کھلی رہے گی، عباس عراقچی، جب تک 100 فیصد معاہدہ نہیں ہوتا بحری ناکہ بندی برقرار رہے گی، امریکی صدر

تیل جہازوں کے گزرنے پر پابندی ہوگی، ٹرمپ نے ایران نہیں اپنے دوستوں کی ناکہ بندی کی ہے، پاسداران انقلاب، ایرانی وزیر خارجہ کے اعلان کے بعد تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی

پاکستانی وزیراعظم اور فیلڈ مارشل زبردست شخصیات ہیں، ڈونلڈ ٹرمپ کا بہادری اور مدد کیلئے سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور قطر کا بھی شکریہ، نیٹو کو معاملے سے دور رہنے کا مشورہ

امریکی صدر کی قیادت میں لبنان میں جنگ بندی ممکن بنائی، شہباز شریف، واشنگٹن 20 ارب ڈالر کے منجمد ایرانی اثاثے جاری کرنے پر تیار، ایران اپنا افزودہ یورینیم کا ذخیرہ ترک کر دے گا

مفاہمتی یادداشت کے تحت ایران کو طبی مقاصد کیلئے نیوکلیئر ریسرچ ری ایکٹر رکھنے کی اجازت ہوگی، ایران یقین دہانی کرائیگا کہ اس کی تمام جوہری تنصیبات زمین کے اوپر ہوں گی، رپورٹ

تہران، واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کا اعلان کر دیا جس کے بعد تجارتی جہازوں کی آمد و رفت بحال کر دی گئی۔ اپنے بیان میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ آبنائے ہرمز سے تمام تجارتی جہازوں کی آمد و رفت کو جنگ بندی کی باقی مدت کے لیے مکمل طور پر کھلا قرار دیا گیا ہے۔ عباس عراقچی نے سوشل میڈیا پر جاری...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان چائنا انویسٹمنٹ سیمینار 2026 معاشی ترقی کا آغاز ہے، گورنر

جامعات اور انڈسٹری کو قریب لانے کی ضرورت ہے، معاشی ماہرین، تاجر و صنعتکار ایک میز پر بیٹھ کر ترقی کی بنیاد رکھ سکتے ہیں

ہم مستقبل میں پاکستان کو عالمی سرمایہ کاری کے پاور ہاؤس کے طور پر تصور کرتے ہیں، جعفر مندوخیل کا سیمینار کے شرکاء سے خطاب

کراچی (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ پاکستان چائنا انویسٹمنٹ سیمینار 2026 محض ایک رسمی اجتماع نہیں بلکہ یہ نئی معاشی ترقی اور تبدیلی کا آغاز ہے۔ ہم مل کر ایک ایسے شاندار مستقبل کی تشکیل کر رہے ہیں جہاں ہمارا پیارا ملک...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

آبنائے ہرمز: دنیا بھر کی 20 فیصد توانائی کی ترسیل کا راستہ

2025 میں روزانہ 2 کروڑ بیرل تیل و دیگر مصنوعات یہیں سے گزریں

اسلام آباد (م ڈ) آبنائے ہرمز کے ذریعے دنیا کی تقریباً 20 فیصد تیل اور مائع قدرتی گیس (LNG) کی ترسیل ہوتی ہے۔ اس آبنائے کی جغرافیائی حیثیت...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیلی حملے کا خدشہ، پاک فضائیہ کا بڑا آپریشن، ایرانی وفد کو بحفاظت تہران پہنچایا

گزشتہ ہفتے پاکستان نے کوئی دو درجن جیٹ طیارے ایرانی وفد کی بحفاظت وطن واپسی کیلئے تعینات کیے

پاکستان نے اس فضائی حفاظت پر اس وقت اصرار کیا جب ایرانی وفد نے ممکنہ خطرے کے فرضی امکان کا ذکر کیا

اگر آپ اس آپریشن کو ایک پائلٹ کے نقطہ نظر سے دیکھیں تو یہ ایک بہت بڑا آپریشنل مشن تھا، علاقائی سفارتکار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کی فضائیہ نے گزشتہ ہفتے امریکہ کے ساتھ امن مذاکرات کے بعد ایرانی مذاکرات کاروں کو بحفاظت وطن واپس پہنچانے کے لیے ایک بڑا فضائی آپریشن کیا۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کو ذرائع نے بتایا کہ ایرانی وفد نے خدشہ ظاہر کیا تھا کہ اسرائیل انہیں نشانہ بنا سکتا ہے اس آپریشن کے بارے میں معلومات رکھنے والے دو پاکستانی ذرائع کے مطابق پاکستان نے کوئی دو درجن جیٹ طیارے ایرانی وفد کی بحفاظت وطن واپسی کے لیے...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

بھارتی میڈیا کا پاک بھارت بیک چینل سفارتکاری کا دعویٰ

جنگ کے بعد سے دونوں ممالک کے نمائندوں نے 4 ملاقاتیں کیں

ٹریک ٹو سفارتکاری کا چوتھا دور رواں سال فروری کو دوحہ میں ہوا تھا، رپورٹ

نئی دہلی (م ڈ) بھارتی میڈیا نے پاکستان اور بھارت کے درمیان بیک چینل سفارت کاری کا دعویٰ کیا ہے۔ بھارتی اخبار کے مطابق مئی 2025 کی جنگ کے بعد سے اب تک دونوں ممالک کے ماہرین، سیاست دانوں اور سابق سفارت کاروں نے کم از کم 4 بیک چینل ملاقاتیں کی ہیں۔ بھارتی اخبار کا دعویٰ ہے کہ ٹریک ٹو سفارت کاری...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

محمود خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر ناراض، مردان جلسے میں شرکت سے انکار

علیمہ خان کی تنقید کے باعث تحریک تحفظ آئین نے مردان جلسے میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کیا

اپنے ہی صوبہ میں جلسہ کامیاب کروانے کے لئے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کو ٹاسک سونپ دیا گیا



مردان (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کے مردان میں جلسے کے حوالے سے پی ٹی آئی کے اپنے اتحادی ہی ناراض ہو گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق علیمہ خان کی تنقید کے باعث تحریک تحفظ آئین نے مردان جلسے میں شرکت نہ کرنے...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت اور اسرائیل سے کتب کی درآمد پر پابندی درست قرار

معاملہ حکومتی ہے، عدالتی دائرہ اختیار میں نہیں آتا، وفاقی آئینی عدالت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی آئینی عدالت نے اپنے تحریری فیصلے میں بھارت اور اسرائیل سے کتب و دیگر اشیاء کی درآمد پر عائد پابندی کو درست قرار دیتے ہوئے...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر مندوخیل، پی آئی بی کے وائس چیئرمین بلال کاکڑ و دیگر سیمینار کے دوران گفتگو کر رہے ہیں

پاکستان نے چار سال بعد یورو بانڈز کا اجرا کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے چار سال بعد یورو بانڈز کا اجرا کر دیا۔ وزارت خزانہ کے مطابق عالمی مالیاتی منڈیوں میں 50 کروڑ ڈالر کا یورو بانڈ جاری کیا گیا، میڈیم ٹرم نوٹ پروگرام کے تحت تین سال کیلئے بانڈز جاری کیے۔ انہوں نے کہا کہ یورو بانڈز...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

بہت ہو چکا! لبنان پر اب کوئی بمباری نہیں ہوگی، ڈونلڈ ٹرمپ

اسرائیل کو مزید بمباری کی اجازت نہیں، امریکی صدر نے کی وارننگ دیدی

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اسرائیل کو سخت الفاظ میں خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اب بہت ہو چکا! لبنان پر اب کوئی بمباری نہیں ہوگی۔...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کا کردار موثر اور ذمہ دارانہ ہے، ایرانی صدر

اسلامی امہ کا اتحاد صیہونی رجیم کے عزائم پورے ہونے سے روکے گا

وعدے توڑے جانے کی وجہ سے امریکہ پر اعتماد نہیں، مسعود پزشکیان

تہران (م ڈ) ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان نے ثالثی اور جنگ بندی میں پاکستان کے کردار کو موثر اور ذمہ دارانہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایرانی وفد کی اسلام آباد مذاکرات میں میزبانی قابل قدر اور قابل تحسین ہے۔ اپنے بیان میں ایرانی صدر نے کہا کہ ان کا ملک امن، استحکام اور خطے میں برادرانہ تعلقات کا خواہاں ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایرانی عوام کا وعدے توڑے جانے کی وجہ سے امریکا پر اعتماد نہیں اور زور دیا کہ عالمی قوانین اور اصولوں کے...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

جنگ بندی کیلئے پاکستان کا مخلصانہ اور مثبت کردار ہمیشہ یاد رکھیں گے، ایران

محسن نقوی کی ایرانی ہم منصب سے ملاقات، سکندر مومنی نے مصالحتی کردار پر پاکستان کی تاریخ ساز کاوشوں کو سراہا

پاکستان خطے میں پائیدار امن اور استحکام چاہتا ہے، جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں، ڈائیلاگ ہی میں تنازعات کا حل ہے، محسن نقوی

تہران (م ڈ) ایران کے وزیر داخلہ سکندر مومنی نے کہا ہے کہ جنگ بندی برادر ملک پاکستان کی ثالثی میں قائم ہوئی، ایران پاکستان کا مخلصانہ اور مثبت کردار ہمیشہ یاد رکھے گا۔ تفصیل کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایرانی ہم منصب سکندر مومنی سے ملاقات کی جس میں خطے کی تازہ ترین صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایرانی وزیر داخلہ سکندر مومنی نے جنگ بندی اور مصالحتی کردار پر پاکستان کی...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

انطالیہ: وزیراعظم شہباز شریف اور ترک صدر طیب اردگان ملاقات کر رہے ہیں

امریکی دباؤ نے بھارتی عوام کو مصیبت میں دھکیل دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مودی سرکار نے عوامی مفادات کو پس پشت ڈال کر امریکی دباؤ کے سامنے سر تسلیم خم کر لیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق امریکہ کی جانب سے بھارت کو روسی تیل خریدنے کیلئے دی گئی پابندیوں میں رعایت ختم...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

فتنہ الخوارج کو طالبان رجیم کی پشت پناہی حاصل ہے، عامر سہیل

داعش، القاعدہ کے ساتھ بھی ہمارے قریبی روابط تھے، گرفتار دہشتگرد

افغان صوبے پکتیکا میں دہشت گردی کی تربیت حاصل کی، اعتراف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سیکورٹی فورسز کے ہاتھوں گرفتار خارجی دہشت گرد نے افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے گٹھ جوڑ کو بے نقاب کر دیا۔ فتنہ الخوارج کے...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

پاک نیوزی لینڈ ملٹری اسٹاف مذاکرات کا 12واں دور برسلز میں منعقد

پاک نیوزی لینڈ فوجی تعلقات، علاقائی سلامتی اور فوجی تعلیم و تربیت پر گفتگو

برسلز (م ڈ) پاک نیوزی لینڈ ملٹری اسٹاف مذاکرات کے 12ویں دور کا نیٹو ہیڈ کوارٹرز برسلز میں انعقاد ہوا۔ پاکستان کی طرف سے چیف آف جنرل اسٹاف لیفٹیننٹ...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں بجلی کے بعد انٹرنیٹ کی لوڈشیڈنگ کا آغاز

صارفین کو سروسز میں ممکنہ تعطل سے آگاہ کر دیا ہے، ترجمان ٹیلی کام کمپنی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کے باعث موبائل نیٹ ورک اور انٹرنیٹ سروسز بری طرح متاثر ہے، بجلی کی غیر اعلانیہ...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

بجلی کی قیمت میں 26 پیسے فی یونٹ اضافے کا امکان

مارچ کی فیول کاسٹ ایڈجسٹمنٹ کی مد میں درخواست دائر، 28 اپریل کو سماعت ہوگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت عوام پر بجلی کا ایک اور بم گرانے کیلئے تیاری کر رہی ہے، بجلی کی قیمت میں 26 پیسے فی یونٹ اضافے کا امکان ہے۔ سنٹرل پاور...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

سعودیہ نے پاکستان میں رکھے 3 ارب ڈالر رول اوور کر دیئے، معاہدے پر دستخط

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی موجودگی میں ڈیپازٹ کی مدت میں توسیع کے معاہدے پر دستخط کیے گئے

پاکستان اور چین کے وزرائے خزانہ کی اہم ملاقات، سٹریٹجک شراکت داری اور معاشی تعاون پر تبادلہ خیال

دونوں ممالک کا مالی تعاون بڑھانے پر اتفاق، سرمایہ کاری اور اقتصادی روابط کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی موجودگی میں سعودی ڈیپازٹ کی مدت میں توسیع کے معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان سعودی ڈیپازٹ کی مدت میں توسیع کے حوالے سے معاہدے کی...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

چمن: گھر میں دھماکہ، 14 سالہ لڑکا جاں بحق، 5 افراد زخمی

درہ کوژک سے ملنے والے تھرماس کو گھر میں کھولنے کی کوشش میں دھماکہ ہو گیا

چمن (محمد اصغر اچکزئی) پرانا چمن کے علاقے میں ایک گھر میں دھماکہ سے 14 سالہ لڑکا وکیل احمد جاں بحق جبکہ 5 افراد زخمی ہو گئے، زخمیوں کو سول ہسپتال چمن...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 2 بھائی جاں بحق

حملہ آور فائرنگ کے بعد گاڑی چھوڑ کر فرار، کیس ایس سی آئی ڈبلیو کو منتقل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کاسی روڈ پر نامعلوم شخص کی فائرنگ سے دو بھائی جاں بحق ہو گئے ملزم اپنی گاڑی چھوڑ کر پیدل فرار ہو گیا پولیس کے مطابق کاسی روڈ کے...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

ملکی تاریخ میں پہلی بار پاور سیکٹر کے اہلکاروں کو فری یونٹس کی سہولت ختم

فری یونٹس کا خاتمہ عوام کا سب سے پرانا اور دیرینہ مطالبہ تھا، لاہور ہائیکورٹ فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہیں

انشاء اللہ ہر وہ اقدام ضرور کریں گے جو ملک اور قوم کی اجتماعی بہتری کے لیے، وفاقی وزیر اویس لغاری

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن سردار اویس احمد خان لغاری نے پاور سیکٹر ملازمین کے فری یونٹ کے بارے میں لاہور ہائیکورٹ فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ملکی تاریخ میں پہلی بار وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں پاور سیکٹر کے اہلکاروں کے فری یونٹس کی سہولت ختم...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

شہر قائد سے کالعدم تنظیم کے 3 دہشت گرد گرفتار

تعلق کالعدم فتنہ الہندوستان سے ہے، دوران تفتیش اہم انکشافات

کراچی (بیورو رپورٹ) شہر قائد سے کالعدم تنظیم کے 3 دہشتگرد گرفتار کرلیے گئے۔ ڈی آئی جی سی ٹی ڈی کے مطابق گرفتار ملزمان کا تعلق کالعدم فتنہ الہندوستان سے ہے، دہشت گردوں نے دوران تفتیش اہم انکشافات کیے ہیں۔ حکام کا کہنا تھا کہ ملزمان...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی پولیس محمد طاہر بی پی او میں نیپا کے زیر تربیت افسران سے خطاب کر رہے ہیں

آئی ایم ایف نے پاکستانی معاشی ترقی کی شرح میں کمی کا خدشہ ظاہر کر دیا

پاکستان کا 7.2 ارب ڈالر کا پروگرام معاشی استحکام اور اصلاحات پر مرکوز ہے، عالمی مالیاتی فنڈ

خلیجی ممالک سے تیل اور ترسیلات زر پر زیادہ انحصار پاکستان کیلئے خطرات ہیں، آؤٹ لک رپورٹ

نیویارک (م ڈ) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے مشرق وسطیٰ جنگ کے باعث پاکستانی معاشی ترقی کی شرح میں کمی کا خدشہ ظاہر کر دیا ہے۔ آئی ایم ایف کی ریجنل اکنامک آؤٹ لک رپورٹ کے مطابق مشرق وسطیٰ جنگ کے باعث پاکستان کی جی ڈی پی گروتھ میں تقریباً 0.6 فیصد تک کی ہو سکتی ہے۔ پاکستان کے کرنٹ اکاؤنٹ اور مالی خسارے پر منفی اثرات...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

بیرسٹر گوہر نے بشریٰ بی بی کی رہائی کیلئے کوششیں شروع کر دیں

پی ٹی آئی چیئرمین نے بانی کی فیملی کو مذاکرات کرنے پر قائل کر لیا

کوٹ لکھپت جیل میں پی ٹی آئی کے اسیر رہنماؤں سے ملاقات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے بشریٰ بی بی کی رہائی کیلئے کوششیں شروع کر دی ہیں۔ ذرائع کے مطابق بیرسٹر گوہر نے اسٹیبلشمنٹ سے رہنماؤں سے ملاقاتیں شروع کر دیں، پی ٹی آئی کے چیئرمین نے بانی کی فیملی کو مذاکرات اور لچک کا مظاہرہ کرنے پر قائل کر لیا ہے۔ بانی پی ٹی آئی کی فیملی جیل کے...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: پشتونخوا نیپ کے زیر اہتمام گیس لوڈشیڈنگ کے خلاف نکالی گئی ریلی کے شرکاء

ملک سے غذائی اشیاء کی برآمدات میں کمی، درآمدات میں اضافہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک سے غذائی اشیاء کی برآمدات میں جاری مالی سال کے دوران کمی جبکہ درآمدات میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں غذائی اشیاء کی برآمدات سے ملک کو 3.801 ارب ڈالرز کا مبادلہ حاصل ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 5.750 ارب ڈالر کے مقابلہ میں 34 فیصد کم ہے، مارچ...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

عازمین حج کی پہلی پرواز آج سعودی عرب روانہ ہوگی

468 پروازوں کے ذریعے عازمین کو حجاز مقدس پہنچایا جائے گا

سرکاری سکیم کے تحت ایک لاکھ 19 ہزار عازمین حج کی سعادت حاصل کرینگے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عازمین حج کی پہلی پرواز آج سعودی عرب کیلئے روانہ ہوگی۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق پاکستان سے سرکاری حج سکیم کے تحت...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان سے مصالحت کی کوشش، افغان سابق عہدیدار گرفتار

ملا معتصم آغا کو طالبان کی خفیہ ایجنسی نے 5 روز قبل قندھار سے حراست میں لیا

کابل (م ڈ) افغانستان کے جنوبی صوبے قندھار میں طالبان کے اپنے ایک سابق سینئر عہدیدار ملا معتصم آغا جان...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم نے ڈیزل کی قیمتوں میں بڑی کمی کی منظوری دیدی

قیمت میں 32 روپے 12 پیسے فی لیٹر کی منظوری کے بعد ڈیزل کی قیمت 385.54 روپے سے کم ہو کر 353.43 روپے ہو گئی

پٹرول کی قیمت برقرار رکھنے کا فیصلہ، تیل کی قیمتوں میں کمی کے اثرات کو جس قدر جلد ممکن ہو عوام تک پہنچائیں گے، شہباز شریف

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے 12 پیسے فی لیٹر کمی کی منظوری دے دی۔ وزیراعظم ہاؤس سے جاری ہونے...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

بجلی کا شارٹ فال 4 ہزار میگاواٹ ہو گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک بھر میں گرمی کی شدت بڑھتے ہی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ میں غیر معمولی اضافہ ہو گیا۔ ملک میں بجلی کا شارٹ فال 4 ہزار میگاواٹ...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

بشریٰ بی بی آنکھ کے آپریشن کے بعد واپس جیل منتقل

دائیں آنکھ میں ریٹینل ڈیٹچمنٹ تشخیص ہوا جس پر فوری معائنہ کرایا گیا

معائنے اور فالو اپ ڈاکٹرز کے مشورے مطابق کیے جائیں گے، جیل حکام

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی دائیں آنکھ کی بینائی متاثر ہونے کی شکایت پر آپریشن کیا گیا۔ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کے مطابق دائیں آنکھ میں ریٹینل ڈیٹچمنٹ تشخیص ہوا جس پر جیل انتظامیہ نے فوری نوٹس لیتے ہوئے ماہرین چشم سے معائنہ کرایا۔ سپرنٹنڈنٹ جیل کے مطابق 16 اپریل کی شام مریضہ کو راولپنڈی کے نجی اسپتال منتقل کیا گیا، سرجری سے قبل ضروری ٹیسٹ اور طبی معائنہ مکمل کیا...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

ایف آئی اے کی مختلف کارروائیاں، انسانی سمگلر سمیت 2 افراد گرفتار

انسانی اسمگلنگ میں ملوث بدنام زمانہ ملزم رضا عرف چاچا موٹی کو سریاب روڈ پر کامیاب چھاپے کے دوران حراست میں لیا گیا

تفتان میں کارروائی کے دوران محمد رضا کو گرفتار کیا گیا جو جعلی سفری دستاویز پر پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش کر رہا تھا، حکام

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ میں فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) نے کارروائی کرتے ہوئے انسانی اسمگلنگ میں ملوث بدنام زمانہ ملزم رضا عرف چاچا موٹی کو گرفتار کر لیا۔ حکام کے مطابق ملزم کو سریاب روڈ پر کامیاب چھاپے کے دوران حراست...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی ملاقات

40 منٹ طویل ملاقات میں آنکھ کے آپریشن کے بعد صحت پر گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) اڈیالہ جیل میں قید بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے درمیان ایک اہم ملاقات ہوئی ہے۔ جیل ذرائع کے مطابق یہ ملاقات بشریٰ بی بی کی حالیہ سرجری کے بعد کرائی گئی ہے، جس میں بانی پی ٹی آئی نے اپنی اہلیہ کی خیریت دریافت کی۔ جیل ذرائع کا کہنا ہے کہ ملاقات...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ شہر میں گیس فراہمی کم، پریشر کم تر لائنوں میں ہوا آنے لگی

حلقہ پی بی 41 کے منتخب ایم پی اے کی کارکردگی لائق تحسین ہے، کامران خلجی

پی ایم اے کی ہڑتال غیر قانونی ہے، پی ایم اے کوئٹہ

"چپ کا شور" کی ادبی دنیا میں گونج

بانی پی ٹی آئی کو نا کردہ گناہوں کی سزا دی جا رہی ہے، حاجی سیف اللہ

حکمران محکوم اقوام کو ہراساں کر رہے ہیں، اے کیو ایم

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کا بینوولنٹ فنڈ بحال، بقایاجات ادا

ڈی سی کوئٹہ کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کا جائزہ اجلاس

نوکنڈی میں ایک اور ڈکیتی

BICVD کی آسامیوں کو اقربا پروری کی نذر ہونے نہیں دیں گے، نقیب اللہ کاکڑ

تربت انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر فل اسکیل ایمرجنسی ایکسرسائز

آسامیوں کے اشتہار میں "غیر مسلم" کی اصطلاح متعصبانہ ہے

پیرامیڈیکس کی نومنتخب کابینہ کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، غلام نبی مری

محکمہ جنگلات کی ملازمین کے خلاف دھرنے کا اعلان واپس لے لیا گیا

سول ہسپتال کوئٹہ تمام ایمرجنسی سروسز بلاتعطل جاری ہیں

صحت نسواں سے متعلق پالیسی اصلاحات خوش آئند ہیں، عظمیٰ یعقوب

تعلیم قومی ترقی کی بنیاد ہے، بشیر احمد خان اچکزئی

طبی شعبے میں نرسز کا مرکزی کردار ہے، ریاض لونیس

سبزی فروشوں کو نشانہ بنانا غیر انسانی سوز اقدام ہے، بلوچ کانگریس

این ایچ اے کو بلوچستان میں تعاون کی ضرورت، آغا عنایت اللہ

محمد صادق شنجرانی کا تعزیتی پیغام

پاکستان کو سفارتی کردار خوش آئند ہے، مولانا محمد شفیق دولت زئی

حاجی نور احمد رودینی کی اہلیہ انتقال کر گئیں

جمال الدین انتقال کر گئے

وکیل نے پیسے لیے اب دھمکا رہا ہے، جہانگیر احمد حنفی

کوئٹہ سے بھی روڈ ٹو مکہ پروجیکٹ شروع کیا جائے، قاری عبدالرشید

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

بدعنوانی کے ناسور سے معاشرے کو پاک کرنے میں طالبات کردار ادا کریں، ڈائریکٹر تعلیم

ابتدائی سطح پر ہی دیانتداری کا شعور عام کرنے سے شفاف اور مضبوط معاشرے کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے

ڈی ای او زراتون بلوچ، ڈپٹی ڈائریکٹر گوادر ارم رشید، ڈپٹی ڈائریکٹر جہانگیر میمن، پرنسپل خالد بلوچ، ہیڈ مسٹریس بانڑی بلوچ کا خطاب

تھا۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر ایجوکیشن بلوچستان (سب آفس گوادر) ہارون الرشید تھے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (خواتین) زراتون بلوچ، ڈائریکٹریٹ گوادر ارم رشید، ڈپٹی ڈائریکٹر جہانگیر میمن، اکیڈمک پرنسپل خالد بلوچ، اور ہائیر سیکنڈری اسکول سربندن کی ہیڈ مسٹریس بانڑی بلوچ سمیت دیگر معززین نے

اگر انہیں ابتدائی سطح پر ہی دیانتداری اور قانون کی پاسداری کا شعور دیا جائے تو ایک شفاف اور مضبوط معاشرے کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔ تقریب کا مرکزی موضوع ''بدعنوانی کے خلاف طالبات کا کردار'' تھا، جس کے تحت طالبات کو ایک ذمہ دار شہری کے طور پر اپنے فرائض کا ادراک دلانے اور انہیں مثبت کردار ادا

بدعنوانی کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ آخر میں مہمان خصوصی نے بہترین تقاریر پیش کرنے والی طالبات میں تعریفی اسناد تقسیم کیں اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ یہ تقریب نہ صرف آگاہی کے فروغ کا موثر ذریعہ ثابت ہوئی بلکہ طالبات میں قومی ذمہ داری کے احساس کو مزید تقویت دینے کا باعث بھی بنی۔

اسلام آباد/کوئٹہ: افراپ (IFRAP) کے زیر اہتمام منعقدہ قومی ورکشاپ میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال، بلوچستان کے صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی میر ظہور بلیدی و دیگر شریک ہیں

ضرورت مند طلبا و طالبات کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کر رہے ہیں، ایچ ای سی

نیڈ بیسڈ اسکالرشپ 46,824 نوجوان تعلیم حاصل کر چکے ہیں، ترجمان

مکمل ٹیوشن فیس اور ماہانہ وظیفہ فراہم کرتا ہے۔ طلباء کا انتخاب مالی ضرورت کی بنیاد پر کیا جاتا ہے، پروگرام میں شریک جامعات ادارہ جاتی

ہوئے حکومت پاکستان نے اس اقدام کے تحت ہائر ایجوکیشن کمیشن کو ضرورت مند اور مستحق طلباء کی سہولت کے لیے ذمہ داری سونپی ہے

راولپنڈی: فائرنگ تبادلہ کے بعد 1 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

کوئٹہ لورالائی کی 69 فیصد سرکاری عمارتیں ریمپس کی سہولت سے محروم

سٹڈی جولائی 24 سے مارچ 2025 کے دوران مکمل کی گئی، سروے افراد باہم معذوران نے خود کیا

ڈاکٹر لبینہ داؤد بیگ، صدف اجمل، کرامت اللہ خان نے ریسرچ اسیسبلٹی کوڈ وو پاکستان کی بنیاد پر کی

سول سوسائٹی اس ریسرچ کی روشنی میں عملی اقدامات کے لیے مشترکہ کوششیں کرے، پروفیسر فرخندہ اورنگزیب

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان میں معذور افراد (PWDs) کے لیے سرکاری عمارتوں کی رسائی سے متعلق پہلی جامع تحقیق میں انکشاف ہوا ہے کہ صوبے میں زیادہ تر سرکاری ادارے معذور افراد کے لیے قابل رسائی نہیں ہیں۔ یہ تحقیق ڈاکٹر لبینہ داؤد بیگ، صدف اجمل، کرامت اللہ خان نے افراد باہم معذوران کے ذریعے کرائی۔ بیاوران کی ٹیم نے Accessibility Code of Pakistan 2006 کی بنیاد پر کی، جس میں کوئٹہ اور لورالائی کے 53 سرکاری اداروں کا جائزہ لیا گیا۔ تحقیق جولائی 2024 سے مارچ 2025 کے دوران مکمل کی گئی، جبکہ خاص بات یہ ہے کہ اس سروے میں خود معذور افراد نے حصہ لیا۔ تحقیق کے مطابق صرف 31 فیصد عمارتیں قابل رسائی ہیں، جبکہ 69 فیصد مقامات پر Accessibility موجود نہیں، کئی اہم دفاتر جیسے سوشل ویلفیئر، نادرا، الیکشن کمیشن، پوسٹ آفس، بینک، پولیس اسٹیشنز اور سول کورٹس بھی معذور افراد کے لیے غیر موزوں پائے گئے۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا کہ کئی اداروں میں ریمپس (Ramp) موجود ہیں مگر وہ عملی طور پر ناقابل استعمال ہیں، جبکہ کچھ جگہوں پر وہ صرف ''قبر تک جانے کے راستے'' جیسے ہیں۔ صدف اجمل کے مطابق وہ گزشتہ 17 سال سے معاشرے کو سب کے لیے قابل رسائی بنانے کی جدوجہد کر رہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ دنیا میں تقریباً 15 فیصد جبکہ پاکستان میں 10 فیصد افراد کسی نہ کسی معذوری کا شکار ہیں، لیکن انہیں معاشرے میں نظر انداز کیا جاتا ہے۔ تحقیق میں مزید انکشاف ہوا کہ ایمرجنسی ایگزٹ بھی زیادہ تر عمارتوں میں قابل رسائی نہیں فزیکل ہینڈی کیپ لرننگ سینٹر تک رسائی بھی ممکن نہیں تھی۔ ٹی بی سینیٹوریم میں وہیل چیئر کی سہولت تک محدود رسائی ہے ماہرین نے سفارش کی ہے کہ Accessibility قوانین کو قانونی طور پر لازمی (Binding Legal) بنایا جائے، بلڈنگ پلانرز اور انجینئرز کو اس حوالے سے تربیت دی جائے معذور افراد کو پالیسی سازی میں شامل کیا جائے، نصاب میں آگاہی شامل کی جائے، مردم شماری میں معذور افراد کو مکمل شامل کیا جائے، ملازمتوں میں کوٹہ بڑھایا جائے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو اس حوالے سے خط لکھنے کی بھی تجویز دی گئی ہے، جبکہ یہ بھی کہا گیا ہے کہ معذور افراد کے لیے توہین آمیز القابات کو جرم قرار دیا جائے۔ پہلی تحقیقی رپورٹ این سی ایچ آر کے دفتر میں جاری کی گئی، این سی ایچ آر بلوچستان کی سربراہ پروفیسر فرخندہ اورنگزیب نے رپورٹ کو بہترین کاوش قرار دیتے ہوئے سول سوسائٹی کی تنظیموں کو اس ریسرچ کی روشنی میں عملی اقدامات کے لیے مشترکہ کوششیں کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر سیاسی سماجی اور بزنس وومن شازیہ درانی نے کہا کہ پی ڈبلیو ڈی کو خود جدوجہد کرنا ہوگی ہم بھرپور ساتھ دیں گے، آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے رہنما عبدالستار خاکڑ نے کہا کہ لیبر یونین کے پلیٹ فارم سے اس اہم مسئلے کے حل کے لیے بھرپور تعاون کیا جائے گا

گوادر: ڈائریکٹر تعلیم، ڈی ای او فی میل زراتون بلوچ و دیگر انسداد بدعنوانی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

تدریسی معیار کو مزید بہتر، نصابی سرگرمیوں کو موثر بنایا جائے، زراتون بلوچ

ڈی ای او خواتین گوادر نے ضلع کے مختلف تعلیمی اداروں کے دورے کے موقع پر ہدایات

گوادر (خ ن) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (خواتین) زراتون بلوچ نے ضلع کے مختلف تعلیمی اداروں کا تفصیلی دورہ کیا، جن میں گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول سیٹلر اسحاق وارڈ، گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول زرباڑ، گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول شنزکانی ور اور گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول سربندن شامل ہیں۔ دورے کے دوران انہوں نے تعلیمی و تدریسی ماحول، طلبہ کی حاضری، اساتذہ کی کارکردگی اور جاری تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اساتذہ کو ہدایت دی گئی کہ تدریسی معیار کو مزید بہتر بنانے، نصابی سرگرمیوں کو موثر بنانے اور طلبہ کی ہمہ جہت تربیت پر خصوصی توجہ دی جائے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (خواتین) نے محکمہ جنگلات کے تعاون سے ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی کے فروغ کے لیے اسکولوں کو پودے بھی فراہم کیے۔ شنزکانی ور اور سربندن کے اسکولوں میں اساتذہ اور طلبہ کے ہمراہ باقاعدہ شجرکاری مہم میں حصہ لیا گیا، جس کا مقصد طلبہ میں ماحول دوست رویوں کو فروغ دینا تھا۔ مزید برآں، فیڈنگ اسکولز کے ہیڈ ٹیچرز کے ساتھ ایک اہم اجلاس منعقد کیا گیا، جس میں تعلیمی مسائل، سہولیات کی فراہمی، اساتذہ کی دستیابی، طلبہ کے داخلوں میں اضافہ اور تعلیمی معیار کی بہتری سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے مسائل کے حل کے لیے موثر اقدامات اٹھانے اور باہمی رابطہ مضبوط بنانے کی ہدایت کی۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (خواتین) نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں معیاری تعلیم، مثبت ماحول اور ہم نصابی سرگرمیوں کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے، اور ضلعی سطح پر اس حوالے سے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں تاکہ طلبہ کو بہتر اور باوقار تعلیمی مواقع فراہم کیے جا سکیں۔

گڈانی: مچھروں اور آوارہ کتوں کی بھرمار، شہری پریشان

گڈانی (یو این اے) بلوچستان کا ساحلی شہر گڈانی اور اس کے گرد و نواح میں مچھروں کی بہتات اور آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے شہریوں کی زندگی اجیرن کر دی ہے۔ مقامی انتظامیہ کی جانب سے مچھر مار اسپرے مہم اور کتا مار مہم شروع نہ ہونے کی وجہ سے ان حشرات اور جانوروں کی افزائش نسل میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، جس سے علاقے میں شدید خوف و ہراس پایا جاتا ہے۔ شہریوں کے مطابق گڈانی میں مچھروں کے حملوں سے ملیریا، ٹائیفائیڈ، ڈینگی وائرس اور جلدی مختلف بیماریاں وبائی صورت اختیار کر رہی ہیں۔ دوسری جانب آوارہ کتوں کے کاٹنے کے متعدد واقعات رونما ہو چکے ہیں، لیکن متعلقہ حکام کی جانب سے اب تک ان کے تدارک کے لیے کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا گیا۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ذمہ داروں کی غفلت کے باعث غریب عوام بیماریوں اور کتوں کے خوف کے سائے میں جینے پر مجبور ہیں۔ طبی سہولیات کے حوالے سے شہریوں نے شکایت کی ہے کہ سرکاری ہسپتالوں میں ادویات اور ضروری طبی آلات کی شدید کمی ہے، جبکہ نجی کلینکس اور ہسپتالوں میں علاج کروانا غریب آدمی کی پہنچ سے باہر ہو چکا ہے۔ گڈانی کے عوام نے اعلیٰ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر مچھر مار اسپرے اور کتا مار مہم کا آغاز کیا جائے اور سرکاری ہسپتالوں میں مفت ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ شہریوں کو ان سنگین تکالیف سے نجات مل سکے۔

پنجگور جرگہ ہال میں کھلی کچہری کا انعقاد، شہریوں نے شکایات درج کرائیں

اسسٹنٹ کمشنر افتخار ظہیر نے موقع پر شکایات کا ازالہ کرنے کیلئے ہدایات جاری کیں

پنجگور (خ ن) ضلعی انتظامیہ پنجگور کی جانب سے جرگہ ہال میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف محکموں کے ضلعی سربراہان، سیاسی و سماجی رہنماؤں، سول سوسائٹی کے نمائندگان اور عمائدین شہر نے شرکت کی۔ کھلی کچہری کی صدارت اسسٹنٹ کمشنر افتخار ظہیر اور ڈی ایس پی سٹی امیر جان بلوچ نے کی۔ اس موقع پر نمائندہ پنجگور رائفلز میجر حمزہ، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن عزت اللہ بلوچ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عابد ریکی، ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر عبدالغفار بلوچ، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ظہور احمد بلوچ، ایکسین بی اینڈ آر ظریف بلوچ، ایس ڈی او پی ایچ ای ظفر بلوچ، ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر پی پی ایچ آئی اکرام نور بلوچ، ایس ڈی او کیسکو سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران و نمائندگان بھی موجود تھے۔ اس موقع پر معزز شہریوں اور سماجی و سیاسی نمائندگان نے پنجگور کو درپیش مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے ان کے حل کے لیے تجاویز پیش کیں۔ مقررین نے بالخصوص بجلی کی لوڈشیڈنگ میں کمی، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں استحکام، صحت کی سہولیات کی بہتری، زرعی شعبے سے وابستہ افراد کو ریلیف کی فراہمی، اور ٹریفک نظام کی بہتری جیسے امور پر توجہ دلائی۔ اس کے ساتھ ساتھ ٹیچنگ ہسپتال میں قائم تھیلیسیمیا سنٹر میں بلڈ بیگز اور دیگر سہولیات کی فراہمی کو بھی یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا تاکہ مستحق مریضوں کو بروقت سہولت فراہم کی جا سکے۔ دریں اثناء اسسٹنٹ کمشنر پنجگور افتخار ظہیر نے کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوامی نوعیت کے مسائل کے حل کے لیے ضلعی انتظامیہ بھرپور اقدامات کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ جو مسائل انتظامیہ کے دائرہ اختیار میں ہوں گے، انہیں ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا، جبکہ دیگر مسائل کو متعلقہ حکام تک پہنچا کر ان کے حل کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری میں اٹھائے گئے تمام مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا اور دستیاب وسائل کو بروئے کار لا کر بلا امتیاز عوامی خدمت کو یقینی بنایا جائے گا۔

پی ٹی سی ایل اور انڈس کلاؤڈ کے مابین معاہدہ طے پا گیا

انٹرپرائز سطح کے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر تک رسائی میں اہم پیش رفت ہے

اسلام آباد (پ ر) پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کمپنی لمیٹڈ (پی ٹی سی ایل) نے پاکستان میں ہواوے (Huawei) کلاؤڈ سے چلنے والی جدید کلاؤڈ سہولیات متعارف کرانے کیلئے ماسٹر گروپ کے ذیلی ادارے، انڈس کلاؤڈ کے ساتھ ایک اہم شراکت داری کا معاہدہ کر لیا ہے۔ یہ شراکت داری پی ٹی سی ایل کی جانب سے اپنے کلاؤڈ اور ڈیٹا سینٹر پورٹ فولیو کو مضبوط بنانے اور ملک میں انٹرپرائز سطح کے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر تک رسائی کو وسعت دینے کی جاری کوششوں میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ پی ٹی سی ایل کے ملک گیر انفراسٹرکچر اور انٹرپرائز رسائی کو انڈس کلاؤڈ کی پلیٹ فارم صلاحیتوں کے ساتھ یکجا کرتے ہوئے یہ اشتراک ہواوے کلاؤڈ اسٹیک سروسز کو انٹرپرائز اور حکومتی صارفین کیلئے زیادہ قابل رسائی بنائے گا، جس سے محفوظ، قابل توسیع اور بدلتی ہوئی کاروباری ضروریات سے ہم آہنگ مقامی سطح پر ہوسٹ کی جانے والی سہولیات فراہم کی جا سکیں گی۔ اس شراکت داری کے معاہدے پر پی ٹی سی ایل و یوفون 5G کے چیف بزنس سلوشنز آفیسر، آصف احمد اور انڈس کلاؤڈ لمیٹڈ کے چیف اوسٹنٹ اینڈ انفارمیشن آفیسر، زمان ارشد ڈار نے دستخط کیے۔ اس موقع پر پی ٹی سی ایل و یوفون 5G کے ڈائریکٹر پروڈکٹ مینجمنٹ کلاؤڈ اینڈ ڈیجیٹل، بی ٹو بی اسٹریٹجی اینڈ پروڈکٹ مینجمنٹ، محمد شاہ رخ ملک، اور انڈس کلاؤڈ لمیٹڈ کی ہیڈ آف انٹرپرائز بزنس، سیدہ آمنہ احمد بھی موجود تھیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے آصف احمد نے کہا، ''جیسے جیسے پاکستان بھر میں ادارے جب اپنی ڈیجیٹل تبدیلی کے عمل کو تیز کر رہے ہیں، محفوظ، قابل توسیع اور مقامی سطح پر ہوسٹ کیے جانے والے کلاؤڈ انفراسٹرکچر کی ضرورت نہایت اہم ہو چکی ہے

اسد نواز خان اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن کے ایڈوائزر مقرر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن (او پی ایف) نے جاپان میں مقیم ممتاز پاکستانی کمیونٹی رہنما اسد نواز خان کو چیئرمین بورڈ آف گورنرز کا ایڈوائزر مقرر کر دیا ہے اس حوالے سے جاری اعلامیے کے مطابق اسد نواز خان جاپان میں مقیم پاکستانیوں اور او پی ایف کے درمیان رابطے کو مضبوط بنانے، کمیونٹی کے مسائل کے حل اور سہولت کاری میں اہم کردار ادا کریں گے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ اسد نواز خان اپنی ذمہ داریوں کے دوران جاپان میں پاکستانی کمیونٹی کے مسائل کے فوری حل، بہتر رابطہ کاری اور موثر نمائندگی کو یقینی بنائیں گے۔ ان کی یہ تقرری اعزازی بنیادوں پر کی گئی ہے اور وہ او پی ایف کے ساتھ قریبی تعاون کے ذریعے اپنی خدمات سرانجام دیں گے۔ اس موقع پر مسلم لیگ (ن) جاپان کے صدر ملک نور اعوان نے اسد نواز خان کو ان کی تقرری پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ اعزاز نہ صرف اسد نواز خان بلکہ پوری پاکستانی کمیونٹی کے لیے باعث فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسد نواز خان کی قیادت اور تجربہ جاپان میں پاکستانیوں کے مسائل کے حل میں مثبت کردار ادا کرے گا۔ ملک نور اعوان نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کے لیے ایسے نمائندوں کی تقرری انتہائی خوش آئند ہے

اوتھل میں چور دکان سے پانچ لاکھ روپے نقدی لے اڑے

چار دکانوں کے تالے توڑ کر تاجروں کو لاکھوں روپے سے محروم کر دیا

اوتھل (این این آئی) ضلع لسبیلہ کے ہیڈ کوارٹر اوتھل میں امن و امان کی صورتحال ابتر ہو گئی، گزشتہ شب نامعلوم مسلح چوروں نے رات کی تاریکی اور پولیس کی مبینہ غفلت کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے شہر کے مرکزی بازار میں چار دکانوں کے تالے توڑ کر تاجروں کو لاکھوں روپے مالیت کی نقدی سے محروم کر دیا۔ واردات کے بعد شہر کے تجارتی حلقوں میں شدید اشتعال اور عدم تحفظ کی لہر دوڑ گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق اوتھل بازار میں چوری کی منظم وارداتوں کے دوران ہندو تاجر دیوی داس کی دکان سے تقریباً 5 لاکھ روپے نقدی اڑا لی گئی۔ تاجر آوم کی دکان کے تالے توڑ کر 4 لاکھ روپے نقدی نکال لی گئی۔ مہاراج کیلاش کمار کی دکان سے 60 ہزار روپے چوری کر لیے گئے۔ دیپ کمار کی دکان کے بھی تالے توڑے گئے، تاہم نقدی نہ ہونے کے باعث چور مزید نقصان نہ کر سکے۔ متاثرہ ہندو تاجروں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پولیس اور مقامی انتظامیہ کو کڑی تنقید کا نشانہ بنایا۔ ان کا کہنا تھا کہ پورے بازار کی سیکیورٹی کے لیے صرف دو سے تین اہلکار تعینات ہیں، جو کہ انتظامیہ کے سنجیدہ نہ ہونے کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ پولیس گشت نہ ہونے کے برابر ہے، جس کی وجہ سے جرائم پیشہ عناصر بے خوف ہو چکے ہیں۔ تاجروں نے نشاندہی کی کہ رات 8 بجے مارکیٹیں بند ہونے کی وجہ سے بازار جلد سنسان ہو جاتے ہیں، لیکن پولیس اس خلا کو پر کرنے اور گشت بڑھانے میں مکمل ناکام رہی ہے۔ بازار جلد بند کروانے کے احکامات تو جاری کر دیئے گئے مگر تاجروں کے مال و جان کے تحفظ کے لیے کوئی اضافی اقدامات نہیں کیے گئے۔

تربت انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر فل اسکیل ایمرجنسی مشقوں کا انعقاد

کمانڈنگ آفیسر پی این ایس صدیق، اے ڈی سی کیچ اور دیگر کی شرکت

تربت (پ ر) تربت انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر فل اسکیل ایمرجنسی ایکسرسائز کامیابی سے منعقد کی گئی، جو بین الاقوامی سول ایوی ایشن آرگنائزیشن کے معیار اور قومی فضائی حفاظتی تقاضوں کے مطابق تھی۔ اس مشق کا مقصد کرائسز اینڈ ایمرجنسی رسپانس پلان کی افادیت کا جائزہ لینا تھا، جس میں رابطہ، کمانڈ، ہم آہنگی اور ردعمل کے وقت پر خصوصی توجہ دی گئی۔ تقریب میں کمانڈنگ آفیسر پی این ایس صدیق، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ، او سی اے ایس ایف، جی ون آرمی ایف او بی سمیت دیگر اہم نمائندگان نے شرکت کی۔ ایئرپورٹ منیجر محمد الیاس بریچ نے بریفنگ اور ڈی بریفنگ دی جبکہ ایئر سائیڈ پر ہنگامی صورتحال کا عملی مظاہرہ بھی پیش کیا گیا۔ اس مشق میں پی اے اے ریسکیو اینڈ فائر فائٹنگ سروسز، پاکستان آرمی، پاکستان نیوی، اے ایس ایف اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ ایڈمنسٹریشن نے حصہ لیا۔ یہ مشق ہنگامی ردعمل کے نظام کو جانچنے، بروقت رسائی کو یقینی بنانے اور معمولی خامیوں کی نشاندہی کے ذریعے فضائی تحفظ کو مزید مضبوط بنانے میں کامیاب رہی۔

پٹرولیم قیمتیں عالمی منڈی کے مطابق مقرر کی جائیں، ظاہر شاہ کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان گرینڈ ٹرانسپورٹرز اتحاد اور پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین عالمی منڈی کے مطابق کیا جانا چاہیے تاکہ عوام اور خصوصاً ٹرانسپورٹرز کو ریلیف مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں مہنگا پٹرول عوام کے لیے ناقابل برداشت بوجھ بن چکا ہے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ظاہر شاہ کاکڑ نے کہا کہ یہ ایک المیہ ہے کہ جنگ زدہ ممالک میں بھی عوام سکھ کا سانس لے رہے ہیں، جبکہ وطن عزیز میں عوام مہنگائی، بدترین لوڈشیڈنگ اور لاک ڈاؤن جیسی مشکلات کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی پالیسیوں کے باعث عام آدمی کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے اور روزمرہ اخراجات پورے کرنا بھی دشوار ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان تمام مسائل کا سب سے زیادہ منفی اثر ٹرانسپورٹ سیکٹر پر پڑا ہے، جہاں ایندھن کی قیمتوں میں اضافے اور کاروباری پابندیوں نے ٹرانسپورٹرز کو شدید مالی بحران میں مبتلا کر دیا ہے۔ کئی ٹرانسپورٹرز اپنے کاروبار بند کرنے پر مجبور ہو چکے ہیں جبکہ ہزاروں افراد بے روزگار ہونے کے خطرے سے دوچار ہیں۔ ظاہر شاہ کاکڑ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں فوری کمی کی جائے، لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے اور ٹرانسپورٹ شعبے کے لیے خصوصی ریلیف پیکج کا اعلان کیا جائے تاکہ اس اہم شعبے کو تباہی سے بچایا جا سکے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو ملک بھر کے ٹرانسپورٹرز احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ و دیگر نجی موٹر سروس اسٹیشن کا افتتاح کر رہے ہیں

پنجگور میں شراب کی خرید و فروخت پر مکمل پابندی عائد کی جائے، محمد اعظم بلوچ

جمعیت کے رہنماؤں عبدالحلیم، سلیمان سدوزئی نے ای ٹی او کو ایک یادداشت پیش کی

پنجگور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام پنجگور کے ضلعی امیر حافظ محمد اعظم بلوچ جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحلیم نائب امیر مولانا عبدالحلیم بلوچ بی این پی عوامی کے سینئر رہنما میر سلیمان سدوزئی کی محکمہ ایکسائز آفس آمد ای ٹی او ایکسائز رفیق احمد بلیدی اور دیگر آفیسران سے ملاقات جمعیت کے رہنماؤں نے ای ٹی او کو ایک یادداشت پیش کی جس میں شراب خانہ لائسنس کی مخالفت کیا گیا اور کہا کہ ہم اس طرح کی سرگرمیوں کی اجازت نہیں دینگے لہذا پنجگور میں شراب خانہ کے نام پر شراب کی خرید و فروخت پر مکمل پابندی ہونی چاہئے جس پر ای ٹی او ایکسائز رفیق احمد بلیدی نے کہا کہ پنجگور میں جو شراب موجود تھا اب وہ مکمل سیل ہے

تربت میں ڈینگی وائرس تیزی سے پھیل رہا ہے

یکم اپریل سے اب تک 531 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں

تربت (این این آئی) ضلع کیچ کے مرکزی شہر تربت اور اس کے گرد و نواح میں ڈینگی وائرس تیزی سے پھیلتا جا رہا ہے، جہاں صورتحال تشویشناک حد تک سنگین اختیار کر چکی ہے۔ ذرائع کے مطابق شہر کے تقریباً ہر گھر میں تین سے پانچ افراد ڈینگی بخار میں مبتلا ہو رہے ہیں، جس کے باعث شہری شدید خوف و ہراس کا شکار ہیں۔ محکمہ صحت کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق یکم اپریل سے اب تک ڈینگی کے مجموعی طور پر 531 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں، جبکہ روزانہ 50 سے زائد نئے کیسز سامنے آ رہے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ ان کیسز میں مسلسل اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے، جو کہ صحت کے نظام کے لیے ایک بڑا چیلنج بنتا جا رہا ہے۔ محکمہ صحت کے مطابق سب سے زیادہ متاثرہ علاقہ شاہی تمپ ہے، جہاں تقریباً 60 فیصد کیسز رپورٹ ہو رہے ہیں۔ اس کے علاوہ دیگر علاقوں میں بھی ڈینگی کے مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ تاہم بروقت اقدامات نہ ہونے کے باعث صورتحال قابو سے باہر ہوتی جا رہی ہے۔ عوامی حلقوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ محکمہ صحت اور متعلقہ حکام نے بروقت اور موثر اقدامات نہیں کیے، جس کے نتیجے میں ڈینگی وائرس نے وبائی شکل اختیار کر لی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مارچ کے مہینے میں جب 166 کیسز رپورٹ ہوئے تھے، اسی وقت اگر ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جاتے تو آج یہ صورتحال پیدا نہ ہوتی۔ مقامی افراد نے مزید کہا کہ تربت، اسپیشل سیکرٹری صحت شیک شہداد کا آبائی علاقہ ہونے کے باوجود یہاں موثر نگرانی کا فقدان رہا

اوتھل، لاک ڈاؤن کے باعث تالا توڑ چوروں کی کارروائیوں میں اضافہ

بازار بند ہونے کے باعث کاروباری سرگرمیاں ماند پڑ گئیں، تاجر پریشان

اوتھل (آن لائن) اوتھل میں لاک ڈاؤن کے اثرات سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں، رات آٹھ بجے تک بازار بند ہونے کے باعث کاروباری سرگرمیاں محدود ہو گئی ہیں جبکہ سنسان بازار چوری کی وارداتوں میں اضافے کی ایک بڑی وجہ بن گئے۔ اوتھل شہر میں ایک ہی رات میں تالا توڑ چوروں کی بڑھتی ہوئی وارداتوں نے کاروباری حلقوں میں شدید بے چینی پیدا کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات نامعلوم ملزمان نے 4 ہندو تاجروں کی دکانوں کے تالے توڑ کر لاکھوں روپے مالیت کا سامان اور نقدی چوری کر لی۔ متاثرہ تاجروں میں دیوی داس، اوم اور مہاراج کیلاش شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق چوری کی اس واردات میں تقریباً چھ لاکھ روپے کا نقصان بتایا جا رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ماضی میں رات گئے تک پولیس کی موثر گشت جاری رہتی تھی اور شہر کے مختلف چوراہوں پر اہلکار تعینات ہوتے تھے، تاہم حالیہ دنوں میں پولیس نفری نہ ہونے کے برابر رہ گئی ہے، جس کے باعث جرائم پیشہ عناصر کو کھل کر کارروائیاں کرنے کا موقع مل رہا ہے۔ تاجر و شہری حلقوں نے مزید بتایا کہ شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر ہونے والی اسنیپ چیکنگ بھی کافی عرصے سے معطل ہے۔ جس سے سیکیورٹی صورتحال مزید کمزور ہو گئی ہے۔ جب کہ لاک ڈاؤن فوری ختم کیا جائے کیوں کہ اس کے مثبت نتائج کے بجائے منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ جہاں دیہاڑی دار طبقہ متاثر ہو رہا ہے وہاں تاجروں کو بھی نقصان ہو رہا ہے۔ جب کہ دنیا کے بڑے شہروں میں سے ایک کراچی شہر اور سندھ صوبے میں کہیں بھی اسمارٹ لاک ڈاؤن نہیں ہے۔

بل ادا نہ کرنے پر کمپنی کا انوکھا انتقام، ٹرک کا پورا کچرا کسٹمر کے لان میں الٹ دیا

کیلیفورنیا (م ڈ) امریکا میں ایک کچرا اٹھانے والی کمپنی نے مبینہ طور پر بل ادا نہ کرنے والے گاہک کو ایسا سبق سکھایا کہ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ ریاست کیلیفورنیا کے علاقے سان پابلو میں پیش آنے والے اس واقعے نے دیکھنے والوں کو حیران بھی کیا اور محظوظ بھی۔ رپورٹس کے مطابق ایکسپریس رینٹل ڈمپسٹر نامی کمپنی کا کہنا ہے کہ ایک گھر سے سامان ہٹانے کے لیے ڈمپسٹر کرائے پر لیا گیا تھا، تاہم ادائیگی کے لیے دیا گیا کریڈٹ کارڈ بار بار مسترد ہو رہا تھا۔ کمپنی کے مالک مارٹن پیریز کے مطابق گاہک کی مسلسل ادائیگی کا وعدہ کرتا رہا مگر رقم ادا نہیں کی گئی۔ وائرل ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ کمپنی کا ٹرک ڈرائیور پہلے گھر کے باہر کسی شخص سے بات کرتا ہے، پھر ٹرک کا پچھلا دروازہ کھولتا ہے، جس سے کچرا لان میں گر جاتا ہے۔ چند لمحوں بعد وہ ٹرک کو پیچھے لے جا کر پورا ڈمپسٹر گھر کے سامنے خالی کر دیتا ہے، اور دیکھتے ہی دیکھتے پورا لان کچرے سے بھر جاتا ہے۔ ویڈیو میں ایک شخص کو گھر سے نکل کر غصے میں چیختے ہوئے بھی دیکھا گیا، جبکہ پڑوسیوں کے مطابق معاملہ کچھ اور بھی ہو سکتا ہے۔ ایک پڑوسی کا کہنا تھا کہ گھر کے مالک کا دعویٰ ہے کہ وہ اس سروس کے لیے 700 ڈالر ادا کر چکے تھے، تاہم اصل حقیقت کیا ہے

گیس لوڈشیڈنگ کا نیا شیڈول بدترین ظلم ہے، ارحیم جنگ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور معروف قبائلی شخصیت حاجی میر عبدالرحیم جنگ نے گیس کی طویل اور غیر اعلانیہ بندش کو عوام کے ساتھ بدترین ظلم قرار دیتے ہوئے محکمہ گیس کے جاری کردہ شیڈول کو یکسر مسترد کر دیا ہے۔ اپنے ایک سخت ردعمل میں انہوں نے کہا کہ موسم گرما کی آمد کے باوجود گیس کی لوڈشیڈنگ نہ صرف ناقابل فہم ہے بلکہ اس سے شہریوں کی روزمرہ زندگی بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گیس کی مسلسل بندش نے بلوچستان خصوصاً کوئٹہ شہر کی صدیوں پرانی مہمان نوازی کی روایات کو بھی شدید نقصان پہنچایا ہے، کیونکہ گھروں میں گیس نہ ہونے کے باعث لوگ اپنے مہمانوں کی خاطر مدارت سے بھی قاصر ہیں۔ یہ صورتحال نہایت افسوسناک اور حکومتی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ حاجی میر عبدالرحیم جنگ نے مزید کہا کہ کوئٹہ شہر سے منتخب ہونے والے 9 ایم پی ایز عوامی مسائل کے حل میں مکمل طور پر ناکام ہو چکے ہیں، اس لیے وہ اخلاقی جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے فوری طور پر اپنے عہدوں سے مستعفی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جو نمائندے گیس جیسے بنیادی مسئلے کو حل نہیں کر سکتے، وہ شہر کی تقدیر بدلنے کے دعوے کیسے کر سکتے ہیں۔ انہوں نے وفاقی اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ گیس کی بلاجواز لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کیا جائے اور بلوچستان کے عوام کو ان کا بنیادی حق فراہم کیا جائے، بصورت دیگر سخت احتجاجی لائحہ عمل اختیار کیا جائے گا۔

کلاس روم میں چلتا پنکھا گرنے سے بچے زخمی

واقعہ بلوچستان اکیڈمک فاؤنڈیشن پبلک اسکول میں پیش آیا

اوتھل (این این آئی) بلوچستان اکیڈمک فاؤنڈیشن (BAF) پبلک سکول اوتھل کلاس ششم کی کلاس روم چھت کا چلتا پنکھا اچانک گر گیا معجزانہ طور پر طالبہ محفوظ رہیں۔ اور معمولی چوٹیں آ گئیں۔ تفصیلات کے مطابق اوتھل میں بلوچستان اکیڈمک فاؤنڈیشن (BAF) پبلک سکول اوتھل کی ششم کلاس روم کی چھت کا چلتا پنکھا اچانک گر گیا ہندو طالبہ پر اتفاقاً معجزانہ طور پر محفوظ رہیں۔ اور معمولی چوٹیں آ گئیں۔ ذرائع کے مطابق اس وقت کلاس میں دیگر طلباء و طالبات موجود نہیں تھے، ورنہ کوئی بڑا جانی نقصان ہو سکتا تھا۔

جیکب آباد: کچن میں آگ لگنے سے خاتون جاں بحق

سپنا کماری کھانا پکانے میں مصروف تھی کہ اچانک آگ بھڑک اٹھی

جیکب آباد (اے این این) ٹھل میں باورچی خانے میں آگ لگنے سے خاتون جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کی تحصیل ٹھل کے ہندو محلہ کی رہائشی 40 سالہ سپنا کماری باورچی خانے میں اچانک آگ لگنے کے باعث جاں بحق ہو گئی، ذرائع کے مطابق سپنا کماری کھانا پکانے میں مصروف تھی کہ اچانک آگ بھڑک اٹھی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے پورے باورچی خانے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا جس کے نتیجے میں وہ شدید جھلس گئی، خاتون کی چیخ و پکار پر گھر والے موقع پر پہنچے اور اسے فوری طور پر ٹھل کے نجی اسپتال منتقل کیا جہاں ابتدائی طبی امداد کے بعد حالت تشویشناک ہونے پر اسے مزید علاج کے لیے کمبٹ اسپتال منتقل کیا گیا، تاہم سپنا کماری زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئی۔

تیل اور ڈیزل کی پرانی قیمتیں بحال کی جائیں، محمود خان بادینی

شعبہ ٹرانسپورٹ شدید متاثر ہوا، ٹیکسوں میں ریلیف فراہم کیا جائے، چیئرمین

کوئٹہ (یو این اے) چیئرمین تفتان بس ٹرانسپورٹ یونین محمود خان بادینی نے کہا ہے کہ اب آبنائے ہرمز کھلنے کے بعد وفاقی حکومت ملک پاکستان میں تیل ڈیزل کی قیمتوں کو جنگ سے پہلے والے سطح پر لائیں چونکہ جنگ کے ایام میں ہمارے ہاں حد سے زیادہ پٹرولیم مصنوعات خصوصاً ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کیا گیا تھا عام عوام خصوصاً پبلک ٹرانسپورٹ سیکٹر سے وابستہ کاروباری اداروں کی جتنی پسائی کرنی تھی کی گئی اب حکومت تیل کی قیمتوں میں وافر مقدار میں کمی کا اعلان کریں اور اس جنگی تھمن میں پسماندہ بلوچستان کے کاروباری لوگوں کو جو مالی نقصان اٹھانا پڑا کے ازالہ کے لیے دیگر درجنوں ٹیکسز میں ریلیف فراہم کیا جائے عام ملکی عوام بالخصوص بلوچستان کی ہر طبقے پسماندگی کا شکار عوام مزید مہنگائی کی متحمل نہیں ہو سکتے۔

تربت طبی فضلے کی محفوظ تلفی کیلئے پلانٹ کا افتتاح

منصوبہ یو این آفس فار پروجیکٹ سروس کے تعاون سے مکمل کیا گیا

تربت (این این آئی) تربت کے ٹیچنگ ہسپتال میں طبی فضلے کو محفوظ انداز میں تلف کرنے کے لیے ایک جدید انسنریٹر پلانٹ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ یہ منصوبہ یونائیٹڈ نیشنز آفس فار پروجیکٹ سروس United Nations Office for Project Services کے تعاون سے مکمل کیا گیا ہے، جس کا مقصد شہر میں بڑھتی ہوئی ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانا اور طبی فضلے کو محفوظ طریقے سے ٹھکانے لگانا ہے۔ افتتاحی تقریب کے موقع پر ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر عبدالوحید بلیدی نے پلانٹ کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر ہسپتال عملے، متعلقہ حکام موجود تھے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر عبدالوحید بلیدی نے کہا کہ اس جدید انسنریٹر پلانٹ کی تنصیب سے نہ صرف ٹیچنگ ہسپتال بلکہ تربت کے دیگر نجی اسپتالوں کے طبی فضلے کو بھی محفوظ انداز میں جلایا جا سکے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ماضی میں طبی فضلے کو مناسب طریقے سے تلف نہ کیے جانے کی وجہ سے ماحولیاتی آلودگی اور بیماریوں کے پھیلاؤ کے خدشات بڑھ جاتے تھے، تاہم اب اس پلانٹ کے ذریعے تمام فضلہ مکمل طور پر جلا کر راکھ میں تبدیل کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس اقدام سے اسپتالوں میں صفائی کی صورتحال بہتر ہوگی اور شہریوں کو ایک صاف اور صحت مند ماحول فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ طبی فضلے کو محفوظ انداز میں تلف کرنا نہ صرف ہسپتال انتظامیہ کی ذمہ داری ہے بلکہ یہ عوامی صحت کے تحفظ کے لیے بھی انتہائی ضروری ہے

اسلام آباد، جانوروں پر ظلم کی روک تھام کیلئے کمیٹی قائم، سفارشات طلب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) حکومت نے جانوروں پر ظلم کی روک تھام کے لیے ایک اعلیٰ سطح کی کمیٹی قائم کر دی۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی ہدایت پر وزارت ماحولیاتی تبدیلی نے کمیٹی کے قیام کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ کمیٹی کی سربراہی وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک کریں گے جبکہ اس میں وزیر مملکت برائے داخلہ، ماحولیاتی کارکنان اور دیگر متعلقہ شخصیات کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ ٹی او آر کے مطابق کمیٹی کا مقصد جانوروں کے تحفظ کے لیے قانونی اور ادارہ جاتی اقدامات کو مزید مضبوط بنانا ہے، کمیٹی غیر قانونی جنگلی حیات کی تجارت اور اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے موثر تجاویز پیش کرنے کی ذمہ داری دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ کمیٹی عوامی آگاہی بڑھانے اور ذمہ دارانہ طور پر پالتو جانور رکھنے کے رجحان کو فروغ دینے کے لیے بھی سفارشات مرتب کرے گی

کارکنوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں سید صادق آغا

بانی کی فیملی کے بیانات قائدین اور کارکنوں کیلئے حوصلہ شکن ہیں، بیان

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے پارٹی کے اندرونی اختلافات اور مرکزی و صوبائی قائدین پر لگائے جانے والے اس تاثر پر کہ انہوں نے پارٹی چیئرمین عمران خان کا ساتھ چھوڑ دیا ہے، گہرے تعجب اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ الزامات نہ صرف حقائق کے منافی ہیں بلکہ ان ہزاروں کارکنوں اور رہنماؤں کی قربانیوں کی نفی کے مترادف ہیں، جنہوں نے قائد کی رہائی اور نظریے کی بقا کیلئے بے مثال جدوجہد کی۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کارکنان نے ہر مشکل وقت میں استقامت کا مظاہرہ کیا، قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں، اور بعض کارکنوں نے تو اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے شہادت کا عظیم درجہ حاصل کیا۔ سید صادق آغا نے کہا کہ ایسے حالات میں اگر قائد کی فیملی کی جانب سے حوصلہ شکن بیانات سامنے آئیں تو یہ کارکنان کے جذبات کو مجروح کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات سمجھ سے بالاتر ہے کہ جن لوگوں نے ہر محاذ پر پارٹی کا دفاع کیا، انہی کی وفاداری پر سوال اٹھایا جا رہا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ آج بھی پارٹی کے مرکزی قائدین اور ہزاروں کارکنان عمران خان کی قیادت پر مکمل اعتماد رکھتے ہیں

حرمین شریفین جانا ایک عظیم روحانی سفر ہے، ذوالفقار طارق

امت مسلمہ کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئیں، رہنماء اہلسنت والجماعت

کوئٹہ (اے این این) اہلسنت والجماعت کے رہنما خلیفہ میاں حضور ذوالفقار علی طارق قادری اور خلیفہ میاں حضور مزمل حسین قادری صاحب الرحمٰن کھوسہ عمرہ کی عظیم سعادت حاصل کرنے کے بعد جب کوئٹہ پہنچے تو عاشقان رسول کی جانب سے ان کا پرتپاک اور شاندار استقبال کیا گیا۔ گل پاشی کی گئی، درود و سلام کی صدائیں بلند ہوئیں اور عقیدت و محبت کا ایک حسین منظر دیکھنے کو ملا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے فرمایا کہ حرمین شریفین کا سفر محض ایک سفری مرحلہ نہیں بلکہ یہ ایک روحانی انقلاب کا نام ہے۔ یہ وہ سفر ہے جو انسان کے ظاہر کو بھی سنوارتا ہے اور باطن کو بھی پاکیزگی عطا کرتا ہے۔ ہر مسلمان کے دل میں یہ آرزو موجزن رہتی ہے کہ وہ بیت اللہ شریف کی زیارت کرے، خانہ کعبہ کے سائے میں کھڑا ہو کر اپنے گناہوں کی معافی مانگے اور روضۂ رسول کی حاضری دے کر اپنی محبت و عقیدت کا اظہار کرے۔ انہوں نے کہا کہ جب بندہ لبیک اللھم لبیک کی صدا میں بلند کرتا ہے تو دراصل وہ اپنے رب کے حضور حاضری کا اعلان کرتا ہے۔ یہ اعلان اس بات کا عہد ہے کہ اب زندگی اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت میں گزارنی ہے۔ عمرہ انسان کو عاجزی سکھاتا ہے، اخلاص کا درس دیتا ہے اور یاد دلاتا ہے کہ دنیا کی حقیقت عارضی ہے جبکہ آخرت کی کامیابی ہی اصل کامیابی ہے انہوں نے مزید فرمایا کہ حرمین شریفین میں امت مسلمہ کے اتحاد، ملک پاکستان کی سلامتی، استحکام اور خصوصاً بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ عالم اسلام جن آزمائشوں سے گزر رہا ہے، ان حالات میں ہمیں مزید اتحاد، اتفاق اور بھائی چارے کی ضرورت ہے۔ اختلافات کو پس پشت ڈال کر ہمیں دین اسلام کے پیغام امن و محبت کو عام کرنا ہوگا

اے ٹی ایم فراڈ میں ملوث گینگ گرفتار، بزرگ شہریوں اور پنشنرز کو نشانہ بنانے کا انکشاف

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور میں پولیس نے اے ٹی ایم مشینوں پر نوسر بازی کرنے والے گینگ کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے تین ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں تیز کی گئیں، جس کے تحت انچارج انویسٹی گیشن وحدت کالونی جمشید اسلم نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کامیاب آپریشن کیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان سے نقدی اور ناجائز اسلحہ بھی برآمد کیا گیا۔ ایس پی اقبال ٹاؤن سدرہ خان نے بتایا کہ ملزمان اے ٹی ایم مشینوں پر بزرگ شہریوں اور پنشنرز کو مشین خراب ہونے کا جھانسہ دے کر ان کی رقم نکال لیتے تھے۔ مزید بتایا گیا کہ متاثرہ خاتون کوثر اکرام کی رقم برآمد کر کے انہیں واپس کر دی گئی ہے۔ ملزمان کو سی سی ٹی وی فوٹیج اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے گرفتار کیا گیا۔ دوران تفتیش ملزمان نے شہر کے مختلف علاقوں میں اے ٹی ایم فراڈ کی متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ تمام شواہد کی روشنی میں چالان مکمل کر کے ملزمان کو سخت سزا دلوانے کی کوشش کی جائے گی۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن کا کہنا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، جبکہ ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید نے کامیاب کارروائی پر پولیس ٹیم کے لیے تعریفی اسناد کا اعلان بھی کیا۔

چمن: بارڈر بندش سے عوام کو مشکلات کا سامنا، حافظ خلیل اللہ

بارڈر کو جلد کھول کر عوام کو مشکلات سے نجات دلائی جائے، سیاسی رہنما

کوئٹہ (اے این این) سیاسی و قبائلی رہنما حافظ خلیل اللہ نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان جاری سرحدی مسائل کے جلد خوش اسلوبی سے حل ہونے کی امید ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ چمن بارڈر کی بندش سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جس کے فوری حل کے لیے سنجیدہ اقدامات ناگزیر ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ چمن بارڈر کی مسلسل بندش نہ صرف مقامی آبادی بلکہ ہزاروں خاندانوں کے روزگار کو بھی بری طرح متاثر کر رہی ہے۔ تجارت، آمد و رفت اور باہمی روابط کی معطلی سے دونوں ممالک کے عوام مشکلات کا شکار ہیں، جس کے باعث صورتحال تشویشناک ہوتی جا رہی ہے۔ حافظ خلیل اللہ نے زور دیا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان دیرینہ مذہبی، ثقافتی اور برادرانہ تعلقات اس بات کے متقاضی ہیں کہ تمام اختلافات کو مذاکرات کے ذریعے حل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کی قیادت کو دانشمندی اور سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایسے فیصلے کرنے چاہئیں جو عوام کے بہترین مفاد میں ہوں۔

چاغی: 1200 مستحق افراد کی انٹریز کو بحال کیا جائے، عوامی حلقے

282 انٹریز کے پیچھے ایک مخصوص پینل کارفرما ہے، کھلے عام اپنے لوگوں، رشتہ داروں اور منظور نظر افراد کو نوازا گیا

حقیقی حقدار، غریب اور مستحق افراد کو مکمل طور پر نظر انداز کرنا ناانصافی ہے، اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

دالبندین (بیورو چیف) اہلیان دالبندین، پدگ، چاغی، براہچہ، یک مچ، آمری اور چارسر کے عوام نے کہا کہ آئی جی ایف سی ساؤتھ بلوچستان بلال سرفراز، بریگیڈیئر سعد محمود، ڈپٹی کمشنر چاغی جہانزیب، اسسٹنٹ کمشنر طاہر خان سنجرانی اور ایس پی چاغی و دیگر تمام اعلیٰ حکام سے مطالبہ ہے کہ 282 انٹری کو روٹنگ کراسنگ پوائنٹ سے کینسل کرنا اچھا اقدام تھا کیونکہ 3000 دیگر کے ساتھ ظلم تھا ضلع چاغی کی ٹوٹل انٹریز پانچ ہزار کے قریب ہیں حالانکہ پنجگور اور گوادر کے تقریباً 30000 کے قریب انٹریز ہیں لیکن بدقسمتی سے ضلع چاغی کے انٹری پانچ ہزار سے انہوں نے کہا کہ تین ہزار کے قریب پینڈنگ انٹریز کو بحال کیا جائے کیونکہ یہ انٹری ایک مخصوص ٹولے اور بااثر طبقے کے مفادات کے تحفظ کے لیے ترتیب دی گئی ہے، جو غریب عوام کے معاشی قتل کے مترادف ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ تقریباً 1200 افراد کو انٹریاں دی گئی تھیں، جنہوں نے تین مرتبہ باقاعدہ راہ بے روٹنگ گزر کے ذریعے اپنی حاضری مکمل کی، مگر بعد ازاں ایک منظم سازش کے تحت ان تمام مستحق افراد کی انٹریوں کو نظر انداز کر کے صرف 282 انٹریز کو بحال کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ان 282 انٹریز کے پیچھے ایک مخصوص پینل کارفرما ہے، جس نے کھلے عام اپنے ہی لوگوں، رشتہ داروں اور منظور نظر افراد کو نوازا، جبکہ حقیقی حقدار، غریب اور مستحق افراد کو مکمل طور پر نظر انداز کیا گیا، جو نہ صرف ناانصافی ہے بلکہ انصاف کے اصولوں کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ یہ عمل میرٹ کا قتل عام اور ضلع کے غریب عوام کے ساتھ سنگین ناانصافی ہے، جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا۔ آخر میں عوام نے بریگیڈیئر سعد محمود سے پرزور اپیل کی ہے کہ اس معاملے کا فوری نوٹس لیا جائے، شفاف تحقیقات کرائی جائیں، اور 1200 مستحق افراد کی انٹریز کو بحال کر کے سب کو انصاف فراہم کیا جائے۔ انہیں 282 والے لسٹ ہر صورت میں قبول نہیں ہے بصورت دیگر عوام سخت احتجاج کا راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوں گے۔

اسلام آباد: جرائم پیشہ عناصر کیخلاف پولیس کا سرچ آپریشن

20 افغان شہریوں سمیت 76 مشکوک افراد تھانہ جات منتقل کر دیئے گئے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومبنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ اس ضمن میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی سپر ویژن میں زونل ایس پیز کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومبنگ آپریشنز کیے گئے۔ سرچ آپریشن کے دوران 712 افراد، 1,108 گھرانوں، 182 دوکانیں، 381 موٹر سائیکلوں اور 141 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ 20 افغان شہریوں سمیت 76 مشکوک افراد، دو گاڑیاں اور 47 موٹر سائیکلوں کو جانچ پڑتال کے لئے تھانہ جات منتقل کیا گیا۔ مزید براں غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے مختلف بور کے چار عدد پستول معہ ایمونیشن برآمد کر لئے۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سیکیورٹی کو موثر بنانا ہے۔ سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کیے جا رہے ہیں۔ اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ شہریوں سے گزارش ہے

انطالیہ: وزیراعظم شہباز شریف سے ٹرمپ ایڈوائزر و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

ڈی جی بیوٹمز پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ اور وی سی ایس بی کے ویمن یونیورسٹی پروفیسر روبینہ مشتاق معاہدے پر دستخط کر رہی ہیں

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو: پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر: 2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر: 2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 18 اپریل 2026ء

امن واستحکام کی نتیجہ خیز کوششیں۔ عالمی منظرنامے کا فیصلہ کن موڑ

مشرق وسطیٰ میں قیام امن اور عالمی معیشت و معاشرت کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لئے اس وقت پاکستان جو مثالی اور قائدانہ کردار ادا کر رہا ہے اس کے نتیجے میں امن واستحکام کی کرنیں روشن ہوئی ہیں اور گزشتہ روز آبنائے ہرمز کھول دینے کے ایرانی اعلان کے ساتھ نئی امیدوں اور توقعات کا جنم ہوا ہے جنگ بندی میں اہم اور کلیدی کردار کے بعد پاکستان ایک عالمی سفارتی قوت کے طور پر ابھرا ہے پاکستان نے دو ایسے دیرینہ حریفوں جن کے براہ راست سفارتی تعلقات نہیں ہیں کے درمیان پل کا کردار ادا کرتے ہوئے آخری لمحات میں ہونے والے مذاکرات کو یقینی بنایا جس کے ثمرات اب سامنے آرہے ہیں گزشتہ روز اہم اور مثبت پیش رفت اس وقت سامنے آئی جب ایران نے اعلان کیا کہ جنگ بندی معاہدے کے تحت آبنائے ہرمز کو تمام تجارتی جہازوں کے لئے کھول دیا گیا ہے۔ یہ خبر نہ صرف عالمی تجارت بلکہ خطے اور دنیا کی معیشت کے لئے ایک خوش آئند موڑ ہے۔ آبنائے ہرمز محض ایک سمندری راستہ نہیں بلکہ عالمی توانائی کی شہ رگ ہے۔ اس کے کھلنے سے دنیا بھر میں تیل وگیس کی ترسیل بحال ہونا شروع ہوگئی ہے، عالمی منڈیوں میں استحکام کے آثار پیدا ہوئے ہیں اور معاشی دباؤ میں کمی کی امید روشن ہوئی ہے۔ اس پوری پیش رفت میں پاکستان کا فعال، مثبت اور ذمہ دارانہ سفارتی کردار تاریخ میں سنہری حروف سے لکھے جانے کے قابل ہے۔ آبنائے ہرمز دنیا کی سب سے اہم بحری گزرگاہوں میں شمار ہوتی ہے جہاں سے عالمی تیل کا بڑا حصہ گزرتا ہے۔ جب ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کے بعد یہ راستہ بند ہوا تو عالمی سطح پر تیل وگیس کی شدید قلت پیدا ہوئی، قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں اور دنیا بھر میں مہنگائی کے طوفان نے جنم لیا۔ توانائی کی قیمتوں میں اضافہ ہمیشہ عالمی معیشت کے لئے خطرے کی گھنٹی سمجھا جاتا ہے کیونکہ اس کے اثرات براہ راست ٹرانسپورٹ، صنعت، خوراک اور روزمرہ زندگی تک پہنچتے ہیں۔ ایسے نازک وقت میں اس آبی گزرگاہ کا دوبارہ کھلنا دنیا کے لئے معاشی سانس بحال ہونے کے مترادف ہے۔ عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں فوری کمی واقع ہونا شروع ہوگئی ہے جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ دنیا کو اس فیصلے کا کتنا شدت سے انتظار تھا۔ قیمتوں میں کمی سے ترقی پذیر اور درآمدی معیشتوں کو فوری ریلیف ملنے کی توقع ہے۔ اس پوری صورتحال کا سب سے روشن پہلو پاکستان کا مثبت اور مثالی تعمیری کردار ہے۔ پاکستان نے نہ صرف ایک ذمہ دار ملک ہونے کا ثبوت دیا بلکہ عالمی امن کے علمبردار کے طور پر اپنی شناخت مزید مضبوط کی۔ امریکا اور ایران جیسے دیرینہ حریفوں کے درمیان پل کا کردار ادا کرنا آسان کام نہیں تھا، مگر پاکستان نے دانشمندانہ سفارتکاری، اعتماد سازی اور مسلسل رابطوں کے ذریعے یہ مشکل مرحلہ کامیابی سے طے کیا۔ اسلام آباد میں مذاکرات کی میزبانی اور پس پردہ رابطوں نے وہ ماحول پیدا کیا جس نے جنگ بندی کی راہ ہموار کی۔ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی سفارتی کوششیں اس عمل کا مرکزی ستون بنیں۔ یہی وجہ ہے کہ عالمی برادری نے پاکستان کی کوششوں کو سراہا اور اسے ایک ذمہ دار اور غیر جانبدار ثالث کے طور پر تسلیم کیا۔ یہ پیش رفت پاکستان کی خارجہ پالیسی کے اس بنیادی اصول کی عکاسی کرتی ہے جس کے تحت پاکستان ہمیشہ امن، مکالمے اور علاقائی استحکام کو ترجیح دیتا آیا ہے۔ آبنائے ہرمز کے کھلنے کے فوری اثرات پاکستان کی معیشت پر مرتب ہونا شروع ہوگئے ہیں۔ پاکستان ایک درآمدی معیشت ہے اور توانائی کی قیمتوں میں کمی براہ راست عوامی ریلیف کا باعث بنتی ہے۔ تیل کی قیمتوں میں کمی کے نتیجے میں پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کی امید پیدا ہوگئی ہے بجلی کی پیداواری لاگت کم ہوسکتی ہے ایل این جی کی بہتر دستیابی سے توانائی بحران میں کمی آئے گی مہنگائی کے دباؤ میں کمی ہو سکتی ہے صنعتی سرگرمیوں میں تیزی آنے کے امکانات روشن ہیں یہ تمام عوامل ملکی معیشت کو استحکام کی طرف لے جانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ توانائی کی قیمتوں میں کمی سے کاروباری لاگت کم ہوگی اور معاشی سرگرمیوں میں بہتری آئے گی جس سے روزگار کے مواقع بھی بڑھ سکتے ہیں۔ اس سارے بحران میں پاکستان نے خود کو ایک سنجیدہ اور ذمہ دار عالمی طاقت کے طور پر منوایا ہے۔ عالمی سطح پر پاکستان کا تاثر ایک ایسے ملک کا بن کر ابھرا ہے جو نہ عالمی امن کے لئے قائدانہ کردار ادا کر رہا ہے یہ کامیابی مستقبل میں پاکستان کے لئے مزید سفارتی مواقع پیدا کرسکتی ہے گزشتہ روز ایک اور اہم پیشرفت لبنان کے ساتھ اسرائیل کی جنگ بندی بھی ہے غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق جنگ بندی کے نفاذ کے ساتھ ہی بیروت میں لوگوں کی بڑی تعداد گھروں سے باہر نکل آئی شہریوں نے اس موقع پر امن کی بحالی کی امید کا اظہار کیا۔ دوسری جانب ایران کے دارالحکومت تہران میں بھی اس پیش رفت پر ردعمل سامنے آیا تجزیہ کاروں کے مطابق اگرچہ یہ جنگ بندی وقتی ہے، تاہم اس سے خطے میں کشیدگی میں کمی آسکتی ہے اور مستقبل میں مستقل امن کے امکانات پیدا ہو سکتے ہیں، بشرطیکہ دونوں فریق اس معاہدے کی مکمل پاسداری کریں۔ ایران نے لبنان میں ہونے والی جنگ بندی کا خیر مقدم کیا ہے تاہم امریکا کے ساتھ اہم معاملات پر اختلافات بدستور برقرار ہیں۔ مشرق وسطیٰ میں امن کا قیام صرف علاقائی نہیں بلکہ عالمی اہمیت کا حامل ہے۔ اس خطے میں استحکام کا مطلب عالمی تجارت کا استحکام ہے۔ پاکستان کا موقف ہمیشہ یہی رہا ہے کہ جنگ مسائل کا حل نہیں بلکہ مکالمہ ہی دیرپا امن کا راستہ ہے۔ حالیہ پیش رفت نے اس موقف کو درست ثابت کر دیا ہے۔ یہ کامیابی ایک سنگ میل ضرور ہے مگر یہ سفر کا اختتام نہیں بلکہ آغاز ہے۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ پاکستان کی روشن کی ہوئی اس شمع کو پوری دنیا آگے بڑھ کر تھام لے آبنائے ہرمز کا کھلنا محض ایک خبر نہیں بلکہ ایک بڑی سفارتی کامیابی اور عالمی امید کی علامت ہے۔ اس پیش رفت نے ثابت کر دیا ہے کہ بروقت سفارتکاری، مکالمہ اور اعتماد سازی بڑے سے بڑے بحران کو ٹال سکتے ہیں۔ پاکستان نے اس بحران میں جس ذمہ داری، بصیرت اور سنجیدگی کا مظاہرہ کیا وہ قابل ستائش ہے۔ یہ کامیابی نہ صرف عالمی امن کے لئے اہم ہے بلکہ پاکستان کی سفارتی تاریخ میں ایک روشن باب کا اضافہ بھی ہے۔ دنیا پر ثابت ہو چکا کہ پاکستان امن کا پیامبر، مکالمے کا داعی ملک ہے قوی امید ہے کہ عالمی برادری اب اس حوالے سے احساس ذمہ داری کا ثبوت دے گی اور پاکستان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے عالمی امن ترقی اور استحکام کے لئے اجتماعی کاوشیں اور کوششیں بروئے کار لائی جائیں گی۔

ذلتوں کے مارے عوام

برملا — نصرت جاوید

حکومت کا بنیادی فرض خلق خدا کو مشتعل ہونے سے روکنا ہے۔ یہ فریضہ ڈنڈے کے مستقل استعمال سے نبھایا نہیں جاسکتا۔ سرکار کو مائی باپ پکارنے کی اصل وجہ یہ ہے کہ ذلتوں کے مارے عوام اپنے حکمرانوں سے سخت گیری کے علاوہ اس شفقت کی توقع بھی رکھتے ہیں جو بیمار بچوں کی مائیں تسلی دینے کے لئے استعمال کرتی ہیں۔

وہ شخص ناقابل علاج حد تک متعصب ہوگا جو یہ دعویٰ کرے کہ پاکستان ایران پر مسلط ہوئی جنگ کی وجہ سے توانائی کے بحران سے محفوظ رہ سکتا تھا۔ لوگوں کو ممکنہ بحران کیلئے تیار کرنے کے بجائے معاشی امور کے ماہر گردانے چند حکومتی ترجمان ٹی وی سکرینوں پر Buying Panic (گھبراہٹ میں ہوئی خریداری) جیسی بھاری بھر کم اصطلاحیں استعمال کرتے ہوئے عوام کو یقین دلاتے رہے کہ ہمارے ہمسائے میں چھڑی جنگ کے منفی اثرات سے پاکستان محفوظ رہے گا۔ ہمیں مسلسل اعتماد دلایا گیا کہ پاکستان میں ذخیرہ ہوا تیل 28 دنوں کی ضرورت کے لئے کافی ہے۔ کہانیاں یہ بھی سنائی گئیں کہ ایران پاکستان آنے والے تیل بردار جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے دے رہا ہے۔ جی کو بہلاتی کہانیوں کی تکرار کے باوجود ایک دن پٹرول کے فی لیٹر کی قیمت یکمشت 55 روپے بڑھادی گئی۔ ڈیزل کی قیمت میں بھی بے پناہ اضافہ کردیا گیا۔

ان دونوں کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کرتے ہوئے جواز یہ ایجاد ہوا کہ صارفین کی بے پناہ تعداد تیل اور ڈیزل کی قیمتوں میں ممکنہ اضافے کے خوف سے انہیں بلاضرورت خرید کر ذخیرہ کرنا شروع ہوگئی ہے۔ تیل اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کی اصل وجہ ان کی نایابی نہیں بلکہ عوام میں بلاجواز خوف کی بنیاد پر ذخیرہ اندوزی کا رجحان ہے۔ دنیا کی نامور یونیورسٹیوں سے معاشیات کی ڈگریاں حاصل کرنے والے حکومتی ترجمان اس بھونڈے جواز کو ٹی وی سکرینوں کے ذریعے مارکیٹ کرتے ہوئے اس حقیقت سے سفاکانہ حد تک غافل سنائی دیے کہ کم آمدنی کا حامل اپنی موٹر سائیکل کے لئے کتنے دنوں کا پٹرول خرید کر کہاں اور کیسے ذخیرہ کرسکتا ہے۔ CC-1000 سے کم طاقت والی گاڑی کا مالک بھی ''ذخیرہ اندوزی'' کو راغب نہیں ہوسکتا۔ کم آمدنی والے تنخواہ دار یا دیہاڑی دار بالفرض ذخیرہ اندوزی کا جرمانہ ادا کیوں کریں۔ ویسے بھی ذخیرہ اندوزی روکنا حکومت کی ذمہ داری تھی۔ وہ اسے نبھانے میں ناکام ہونے پر شرمندہ محسوس کرنے کے بجائے عوام سے ہرجانہ وصول کرتی نظر آئی۔

قیمتوں میں یکمشت اضافے کے بعد صوبائی حکومت کے ساتھ مسلسل روابط کے انجام پر قوم کو تیل اور گیس کے بحران سے بچانے کے لئے نظر بظاہر ایک جامع منصوبہ تیار کرلیا گیا۔ فیصلہ ہوا کہ ملک بھر میں بازار 8 بجے بند کردیے جائیں گے۔ 10 بجے کے بعد ریستوران کھولنا بھی جرم شمار ہوگا۔ کم آمدنی والے افراد کو صوبائی حکومتیں پٹرول خریدنے کے لئے زرتعاون بھی فراہم کرنے کو آمادہ ہوگئیں۔ جو اعلانات ہوئے انہوں نے مجھ جیسے سادہ لوح پاکستانیوں کی بے پناہ اکثریت کو قائل کردیا کہ عوام کو ایران پر مسلط کردہ جنگ کی وجہ سے نمودار ہوئے توانائی کے بحران سے محفوظ رکھنے کے لئے جنگی بنیادوں پر حکمت عملی تیار کرلی گئی ہے۔ اس کے اطلاق سے ہماری روزمرہ زندگی میں بھونچال رونما نہیں ہوں گے۔

رواں ہفتے کے آغاز کے ساتھ مگر اعلان کردیا گیا کہ شام پانچ بجے سے رات ایک بجے کے دوران گیس کی نایابی کی وجہ سے کم از کم اڑھائی گھنٹے مختلف وقفوں سے بجلی کی لوڈشیڈنگ کرنا پڑے گی۔ جن گھنٹوں میں لوڈشیڈنگ ضروری قرار دی گئی انہیں ''پیک آورز'' بھی پکارا گیا۔ مجھ جیسے جاہل یہ سمجھ نہ پائے کہ دوکانیں، بازار اور ریستوران 8 سے 10 بجے کے درمیان بند کروالینے کے بعد محض گھریلو صارفین بجلی کی کھپت سے ''پیک آورز'' کیسے تشکیل دے سکتے ہیں۔ یہ کالم مثال کے طور پر اپریل 16 بروز جمعرات کی صبح اسلام آباد میں بیٹھ کر لکھ رہا ہوں۔ فقط میں ہی نہیں اسلام آباد کے رہائشی رواں مہینے کے آغاز سے پنکھے وغیرہ چلانے کی ضرورت محسوس نہیں کر رہے۔ چند دن قبل ہوئی بارشوں کی وجہ سے بلکہ رات کو سوتے وقت لوگوں کو لحافوں کی ضرورت بھی محسوس ہوئی۔ پنکھوں اور ایئرکنڈیشنر کے استعمال کے بغیر بازاروں کی بندش کے باوجود شام پانچ سے رات ایک بجے تک کے گھنٹوں کو ''پیک آورز'' کم از کم اسلام آباد میں کن بنیادوں پر ٹھہرایا جارہا ہے؟ اس سوال کا جواب کسی حکومتی ترجمان نے فراہم کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی۔

اسلام آباد کے علاوہ تاہم دیگر شہروں سے بے پناہ افراد حکومت کی جانب سے لوڈشیڈنگ کے اعلان سے چند دن قبل ہی بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کی شکایت کرنا شروع ہوگئے تھے۔ جنوبی پنجاب کے کئی شہروں سے مجھے چند علاقوں میں کئی راتیں 6 سے 8 گھنٹوں تک بجلی کے بغیر گزرنے کا علم ہوا۔ میرے ایک بھائیوں سے بھی عزیز دوست کے جواں سال بھائی چند دن قبل اچانک فوت ہوگئے۔ جواں سال بھائی کی جدائی سے حواس باختہ ہوئے دوست کو تسلی دینے کیلئے میں اس سے ٹیلی فون کے ذریعے مسلسل رابطے میں رہنا چاہتا ہوں۔ رات 6 بجے کے بعد مگر اس سے موبائل فون کے ذریعے رابطہ ناممکن ہوگیا ہے اور یہ واقعہ ملتان کے قریب جلال پور شہر میں ہو رہا ہے۔

موبائل اٹھا کر سوشل میڈیا کے کسی پلیٹ فارم پر چلے جائیں تو ملک بھر کے ہر شہر سے لوگ بجلی نہ ہونے کی دہائی مچاتے سنائی دیتے ہیں۔ حکومت اس کی وجہ گیس کی نایابی بتارہی ہے۔ اس سے قبل جنگ ہمیں تسلسل سے بتایا جارہا تھا کہ قطر سے گیس کی ترسیل میں مشکلات کے باوجود حکومت گیس کے بحران کو مناسب حد تک کنٹرول کرنے کی حکمت عملی تیار کرچکی ہے۔

فقط امریکی صدر ہی نہیں دنیا کے بے شمار ممالک کے سربراہان گزشتہ چند دنوں سے روزانہ کی بنیاد پر پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت کی ان کاوشوں کو سراہ رہے ہیں جن کے ذریعے وہ ایران کے ساتھ روابط دنیا کو اس کی ضرورت کا 20 فیصد تیل اور گیس فراہم کرنے والے خطے میں دیرپا امن کے قیام کے لئے استعمال کررہی ہے۔ گزشتہ ہفتے امریکی نائب صدر اسلام آباد آئے تھے اور یہاں ایران سے آئے وفد کے ساتھ 21 گھنٹوں تک پھیلے مذاکرات میں حصہ لیا۔ ان کی ایرانی وفد سے ملاقات حتمی معاہدے پر منتج نہ ہوپائی۔ اس کے باوجود قوی امکانات ہیں کہ آئندہ ہفتے کا آغاز ہوتے ہی اسلام آباد ہی میں امریکہ اور ایران کے مابین دیرپا امن کی تلاش کا فیصلہ کن دور شروع ہوسکتا ہے۔ حکومتی بندوبست سے ہزاروں اختلافات کے باوجود ہمارے عوام کی اکثریت کو پاکستان کے دنیا بھر میں سراہے کردار کے بارے میں نازاں محسوس کرنا چاہیے تھا۔ بجلی نہ ہونے کے طویل گھنٹے مگر ہمیں خود پر فخر کرنے کی مہلت ہی فراہم نہیں کر رہے۔

مذاکرات سے مثبت امیدیں

خیال حمید — حمید اللہ بھٹی



امریکہ اور ایران مذاکرات سے کچھ زیادہ توقعات بھی نہیں تھیں لیکن معاہدہ نہ ہونے کے باوجود مذاکراتی عمل کو مکمل طور پر ناکام نہیں کہہ سکتے دراصل آج بھی امریکی حلقے انقلاب ایران کے دوران امریکیوں سے ہونے والے سلوک کو نہیں بھول سکے جس کی پاداش میں ایران پر پابندیاں ہیں لیکن یہ کیا کم ہے کہ دونوں ممالک کی اعلیٰ قیادت آمنے سامنے بیٹھی اور ایک دوسرے کے خیالات کو تحمل سے سنا ویسے تو قبل ازیں عمان اور جنیوا میں دونوں ممالک بات چیت کرچکے لیکن وہ ایک محدود عمل تھا اور عین معاہدے سے قبل اسرائیل نے ایران پر حملہ کرکے امریکہ کو بھی لڑائی میں گھسیٹ لیا لیکن اسلام آباد مذاکرات کی خاص بات یہ ہے کہ دونوں ممالک نے اعلانیہ بات چیت میں شرکت کی امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے ایرانی سپیکر محمد باقر قالیباف سے ہاتھ ملایا دونوں نے اپنے وفود کے ساتھ اپنے اپنے ملک کا نقطہ نظر پیش کیا بظاہر اسلام آباد مذاکرات نتیجہ خیز ثابت نہیں ہوئے اور دونوں ممالک کے وفود کسی معاہدے کے بغیر واپس لوٹ گئے ہیں لیکن سفارتی ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان نے جس طرح متحارب ممالک کو آمنے سامنے لا بٹھایا ہے کے مثبت اثرات کی بدولت جلد ہی مذاکراتی عمل دوبارہ بحال ہوسکتا ہے جو مستقل جنگ بندی کی بنیاد بننے کے ساتھ دونوں ممالک میں تعلقات کی بحالی کا سبب بن سکتا ہے۔

پاکستان معاشی حوالے سے کوئی مضبوط اور خوشحال ملک نہیں اسی لیے جب امریکہ اور ایران میں بات چیت کی خبریں ذرائع ابلاغ میں آنے لگیں تو عالمی امور پر دسترس رکھنے والے حلقے بھی ابتدا میں حیران ہوئے مگر وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے دونوں ممالک کے اعلیٰ سطحی وفود کی اسلام آباد بیٹھک میں شرکت کو یقینی بنایا اور کوشش کی کہ کسی طرف سے ہونے والی شرارت اثر انداز نہ ہوسکے حالانکہ جب بات چیت کا دن، وقت اور مقام طے پاگیا تو اسرائیل نے لبنان پر حملوں سے ایران کو بھڑکایا مگر پاکستانی قیادت نے حکمت، تدبر اور فہم و فراست سے ایسی نوبت نہ آنے دی جس سے خطہ مزید تباہی کا شکار ہو یہ ایسی خوبی ہے جس کا شاید کئی دہائیوں تک تذکرہ ہوتا رہے معاشی لحاظ سے غیر مستحکم ملک کا عالمی سفارت کاری کا مرکز بننا ایسا انوکھا واقعہ ہے جس سے نہ صرف پاکستان کی عالمی ساکھ بہتر ہوئی بلکہ اب معاشی حالت بہتر ہونا بھی نوشتہ دیوار ہے۔

اس میں کوئی مبالغہ آرائی نہیں کہ امریکہ نے ایران پر حملہ اسرائیل کے کہنے پر کیا جواب میں ایران نے جو ثابت قدمی اور دلیری دکھائی وہ امریکی اندازوں اور توقعات سے بڑھ کر تھی امریکہ کا خیال تھا کہ حملے شروع ہوتے ہی عراق اور لیبیا کی طرح سیاسی حوالے سے غیر مستحکم ایران میں سیاسی قیادت تبدیلی کی تحریک تقویت پکڑے گی مگر ایسا کچھ نہ ہوا بلکہ بیرونی حملوں سے ملک میں سیاسی استحکام آیا عوام اور ایرانی قیادت متحد ہوکر حملہ آور قوتوں کے مقابل آگئیں۔ آیت اللہ خامنائی کے فرزند مجتبیٰ خامنائی جیسے سخت گیر کا سپریم لیڈر بننا ایسا جواب تھا جس نے امریکی قیادت کو چونکا دیا امریکی بحری بیڑے پر حملے، حملہ آور لڑاکا طیاروں کو نشانہ بنانے کے ساتھ خطے میں امریکی اڈوں اور اسرائیل پر ایرانی میزائلوں اور ڈرون کے برسنے نے دنیا کو حیران کردیا جس کی وجہ سے یورپی ممالک کے ساتھ دیگر کئی اہم اتحادی بھی امریکہ کا ساتھ دینے سے انکاری ہوئے دراصل امریکہ کا ایران پر حملہ ہی ایک حماقت تھی مزید یہ کہ اگر ایرانی میزائلوں سے امریکہ محفوظ تھا تو بھاری اخراجات کے باوجود اسے ایران کے اندر سے حمایت حاصل نہ ہوسکی حالانکہ کرد باغیوں کو اسلحہ بھی دیا اب حالات یہ ہیں کہ امریکہ محافظ کا عرب خواب ٹوٹ چکا ہے سعودی عرب نے پاکستان سے دفاعی معاہدہ کرلیا ہے تو قطر بھی امریکہ پر انحصار کم کرنے کی کوشش میں ہے عراق میں ویسے ہی امریکہ مخالف جذبات عروج پر ہیں لہٰذا عرب امارات اب جارح امریکہ اور اسرائیل کا لاکھ ساتھ دینے کی کوشش کرے تو بھی سچ یہ ہے کہ خطے میں امریکی رسوخ کم ہونا یقینی ہے کیا یہ کم حیران کن پہلو ہے کہ آبنائے ہرمز کو ایران سے واگزار کرانے کا دعویدار امریکہ اب خود ناکہ بندی کرنے پر آگیا ہے؟ یہ عمل اعتراف شکست ہے کہ جدید ترین فضائیہ اور ہتھیاروں کے باوجود امریکہ خطے میں مشکل سے دوچار ہے اسی بنا پر ہی تو پاکستان کا کندھا ملتے ہی مذاکرات پر رضامند ہوگیا۔

فضائیہ سے محروم ایران سے امریکہ اور اسرائیل بہت دور ہیں مگر میزائل اور ڈرونز سے اس نے کسی حد تک اپنی خامیوں کو ڈھانپ لیا لیکن ایران کے اندر غداروں نے ملک کا بھاری نقصان کروایا ہے ایران میں ہونے والی تباہی ہولناک ہے جس کا درست تخمینہ لگانا مشکل ہے اس نقصان کو پورا کرنے کے لیے بھاری رقوم کے ساتھ کئی دہائیاں لگ سکتی ہیں پاکستان کے امریکہ اور ایران دونوں سے اچھے مراسم ہیں اسی لیے جب جنگ رکوانے کی تجویز دی تو امریکہ اور ایران دونوں نے مثبت ردعمل ظاہر کیا ایسی خبریں منصۂ شہود پر آچکی ہیں کہ اسلام آباد آنے والے ایرانی وفد کو نشانہ بنانے کے منصوبے پر پاکستان نے نظرثانی کرائی نیز سعودی عرب کو بھی جواب میں ایران پر حملے سے باز رکھا یہ مہربانیاں ایران سے ڈھکی چھپی نہیں اسی لیے دیگر ممالک سے زیادہ ایران نے پاکستان کو زیادہ قابل بھروسہ تصور کیا جس کی قیادت ٹرمپ کے ساتھ براہ راست رابطے میں ہے ایرانی وفد کو باحفاظت پاکستان لانے جیسا کارنامہ شاید ہی ایران یا دنیا بھول سکے اب بھی سفارتی حلقوں کا کہنا ہے کہ مستقل جنگ بندی کی جو بنیاد پاکستان نے رکھ دی ہے اس پر امن کی پائیدار عمارت تعمیر کرنا آسان ہے خوش قسمتی سے پاکستان کی موجودہ قیادت معاملہ فہم اور دور اندیش ہے جسے امریکہ اور ایران کے فیصلہ ساز حلقوں تک رسائی حاصل ہے یہ پہلو بہت اہم ہے امریکہ کی طرح ایران کو بھی توقع، اعتماد اور یقین ہے کہ پاکستان اعتبار کو ٹھیس نہیں پہنچائے گا یہ توقع، اعتماد اور یقین ہی امن کے راستے کی نشاندہی کرتا ہے لہٰذا مایوسی والی کوئی بات نہیں کسی وقت بھی ایسی اطلاعات منظر عام پر آسکتی ہیں کہ امریکہ اور ایران دوبارہ مذاکرات کریں گے کیونکہ ایران کے منجمد اثاثے بحال کرنے پر امریکہ رضامند ہے تو ایران بھی جوہری منصوبے پر نظرثانی کرنے کو آمادہ و تیار ہے۔

ٹرمپ پاکستان آرہے ہیں؟

اظہار خیال — عمران یعقوب خان

خبر یہ ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نہ صرف ایران کے ساتھ مذاکرات کے دوسرے دور کے لیے تیار ہیں بلکہ اس مقصد کے لیے پاکستان آنے پر بھی آمادہ ہوسکتے ہیں۔ یہ مذاکرات ایک بار پھر پاکستان میں ہوں گے اور اگلے ایک دو دن میں شروع ہوسکتے ہیں۔ ایسے موقع پر ذہن میں پہلا سوال یہی آتا ہے کہ آیا یہ مرحلہ نتیجہ خیز ثابت ہوگا؟ میری پیش گوئی یہ ہے کہ اگر ایران اور امریکہ مذاکرات کے پہلے مرحلے میں معاہدے کے خاصے قریب پہنچ چکے تھے تو عین ممکن ہے کہ اس بار معاہدہ طے پا جائے۔ معاملہ پھر وہی ہے کہ ایران کو یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ اس کے سارے مطالبات امریکہ تسلیم کرلے گا نہ ہی امریکہ کو اس خام خیالی میں رہنا چاہیے۔ ایک میڈیا رپورٹ کے مطابق امریکہ کی حد سے زیادہ مطالبات کی وجہ سے تہران نے سرنڈر کرنے سے انکار کردیا تھا اور گزشتہ ہفتے ہونے والے مذاکرات کی ناکامی کی بھی سب سے بڑی وجہ تھی' بصورت دیگر مذاکرات کا وہ مرحلہ بھی کامیاب ہوسکتا تھا۔ اسی تناظر میں ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ مذاکرات کے لیے تیار ہیں لیکن سرنڈر کرنے پر مجبور کرنے کی کوشش ناکام ہوگی۔ ممکن ہے ایران اپنے ایٹمی پروگرام پر کچھ عرصہ کے لیے سمجھوتہ کرلے۔ امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے یورینیم کی افزودگی پانچ سال تک معطل کرنے کی تجویز پیش کی تھی لیکن امریکہ نے ایران کی یہ پیشکش مسترد کردی تھی۔ غیر ملکی اخبار لکھتا ہے کہ امریکہ ایران کو یورینیم کی افزودگی 20 سال تک معطل کرنے پر اصرار کررہا ہے۔ یہ امکان بھی ہے کہ ایران آبنائے ہرمز کو عالمی تجارت کے لیے غیر مشروط طور پر کھول دے۔ ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ ایران اپنے جنگی نقصانات کے ازالے کا تقاضا واپس لے لے لیکن دو تین چیزیں ایسی ہیں جن پر ایران کے لیے کمپرومائز کرنا شاید ممکن نہ ہو۔ ان میں سب سے پہلا معاملہ ہے لبنان پر اسرائیلی حملوں کا رکوایا جانا ہے۔ اس حوالے سے بات چیت ہو تو رہی ہے لیکن یقین یا شک کی وجہ سے اس بات چیت کی کامیابی کے امکانات کم نظر آتے ہیں۔ دوسرا ایران اپنے بیلسٹک میزائل پروگرام پر کوئی سمجھوتا کرنے کے لیے تیار نہیں ہوگا کیونکہ حالیہ جنگ میں یہی میزائل ایران کے لیے سب سے بڑا اثاثہ ثابت ہوئے ہیں۔ ایران کے لیے یہ ممکن نہیں ہوگا کہ وہ اپنے ہاتھ کاٹ کے امریکہ کے حوالے کردے اور اس کے بعد اسرائیل پورے مشرق وسطیٰ میں دندناتا پھرے۔

یہ حقیقت ہے کہ مذاکرات کی میز پر بیٹھنے والے فریق اپنی ساری شرطیں منوا کر نہیں اٹھتے بلکہ ان میں سے کچھ ہی فریق مخالف کے لیے قابل قبول ہوتی ہیں اور انہی پر اتفاق رائے کرنا پڑتا ہے یعنی فریقین کی شرائط بڑی لیکن مارجن محدود ہوتا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ جب معاملات بے حد پیچیدہ ہوں اور فریقین کے تقاضے ضرورت سے زیادہ بڑے ہوں تو پھر ایک نشست میں یا دو دنوں کے مذاکرات میں مسائل کا حل نکلنا مشکل ہوتا ہے۔ اچھی بات یہ ہے کہ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس مذاکرات کے سلسلے کو مکمل طور پر ختم کرکے یہاں سے نہیں گئے بلکہ انہوں نے یہ کہا کہ ہم ایک بہت سادہ تجویز چھوڑ کر جا رہے ہیں جو ہماری حتمی اور بہترین آفر ہے' ہم دیکھتے ہیں کہ آیا ایران اسے مانتا ہے یا نہیں۔ ان کے اس ایک جملے سے یہ تاثر ملتا ہے کہ امریکہ کی جانب سے ایران کو پیشکش کی گئی ہے اور اب اس پر جواب کا انتظار کیا جائے گا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے مذاکرات کے دوسرے مرحلے پر آمادگی نے اس موہوم امید کو ٹھوس یقین میں بدل دیا ہے۔

اقوام متحدہ کا ادارہ دنیا سے Might is Right کے جنگلی قانون کو ختم کرنے کے لیے بنایا گیا تھا لیکن 80 برسوں میں جنگل کے اس قانون کو تبدیل نہیں کیا جاسکا۔ اس کی ایک وجہ تو پانچ ممالک کو حاصل ویٹو کا اختیار ہے۔ اس اختیار کا مطلب اس کے سوا اور کوئی نہیں ہوسکتا کہ یہی پانچ اقوام یا ممالک دنیا کی تقدیر کا فیصلہ کریں گے اور اگر انہیں کوئی بات یا کوئی قانون پسند نہیں آتا تو وہ ویٹو جنبش قلم اس کو مسترد کرسکتے ہیں۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دنیا کو مائٹ از رائٹ کی ایک نئی شکل دکھائی ہے۔ عالمی قوانین کو نہ ماننا' اقوام متحدہ کی کوئی حیثیت نہ دینا' عالمی عدالت کے فیصلے تسلیم نہ کرنا' نیٹو کو ختم کرنے کی باتیں' گرین لینڈ پر قبضے کی خواہش' کینیڈا کو امریکہ کا حصہ بنانے کی باتیں اور وینزویلا پر حملہ' ایسا طرز عمل اس سے پہلے شاید ہٹلر کے زمانے میں مشاہدے میں آیا تھا اور اس کے بعد اب۔ کیا ایسے طرز عمل کے بعد عالمی امن کے برقرار رہنے کی امید کی جاسکتی ہے؟

واپس مذاکرات کی طرف آتے ہیں۔ سینئر صحافی حامد میر نے انکشاف کیا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی خواہش ہے کہ وہ ایران کے ساتھ مذاکرات کے لیے پاکستان آئیں لیکن انہوں نے اسلام آباد آنے کے لیے ایک شرط بھی رکھی ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان جو بات چیت چل رہی ہے اس میں بہت سے بین الاقوامی معاہدے بھی شامل ہیں اور بین الاقوامی ماہرین ان معاہدوں کو سامنے رکھ کر معاہدوں کا ڈرافٹ تیار کرتے ہیں' اور ایسے بہت سے ماہرین امریکہ' ایران اور دیگر سٹیک ہولڈرز کی طرف سے پاکستان میں موجود ہیں۔ حامد میر صاحب کے اس بیان کی روشنی میں کیا یہ توقع کی جاسکتی ہے کہ ایران اور امریکہ اس بار ایک جامع معاہدے پر پہنچنے میں کامیاب ہوجائیں گے؟ جیسا کہ پہلے عرض کیا' مجھے اس کی امید ہے۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کا یہ بیان میرے اور حامد میر کے تجزیے کی توثیق کرتا نظر آتا ہے کہ ٹرمپ چاہتے ہیں ایران سے چھوٹی نہیں جامع ڈیل ہو۔ یہ حقیقت ہے کہ ایران کی جنگ نے جنگوں کو نئے معنی دیے ہیں۔ اب کوئی بھی ملک کسی دوسرے ملک پر حملے سے قبل شاید سو بار سوچے گا۔ لیکن کیا اب دنیا سے جنگوں کا مکمل خاتمہ ممکن ہو سکے گا؟ میرا خیال ہے کہ نہیں' جب تک مساوات پر مبنی عالمی فیصلے نہیں ہوں گے اور جب تک 'میں نہ مانوں' والا رویہ تبدیل نہیں ہوگا' جنگوں کے خدشات باقی رہیں گے۔ مذاکرات کے دوسرے مرحلے میں ہونے والی بات چیت کے نتیجے میں اللہ کرے کہ معاہدہ ہوجائے تاکہ جنگ کی وجہ سے عالمی برادری کو جن خطرات اور خدشات کا سامنا ہے' وہ دور ہوجائیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ سوچنے کی ضرورت پہلے کی نسبت بڑھ چکی ہے کہ کبھی دنیا کو پائیدار امن والی جگہ بنایا جا سکے گا؟ یہاں مساوات قائم ہو سکے گی؟ یہاں میرٹ پر فیصلے ہو سکیں گے؟

گزشتہ روز صدر ٹرمپ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ ایران کے ساتھ جنگ ختم ہونے کے قریب ہے۔ ایسا ہوجائے تو بہت اچھی بات ہوگی' لیکن میرے خیال میں اس کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ ایران اور امریکہ مذاکرات کے دوسرے مرحلے میں کتنی لچک کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

ایران کے خلاف امریکی بحری ناکہ بندی، زیادہ نقصان کس کا ہوا؟

مہمان کالم — ایلیا ایپیشف

ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے آبنائے ہرمز کھولنے کا اعلان کیا ہے۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ 'لبنان میں جنگ بندی کے تناظر میں (امریکہ اور ایران کے درمیان) جنگ بندی کی باقی مدت کے لیے آبنائے ہرمز کو تمام تجارتی بحری جہازوں کی آمد و رفت کے لیے مکمل طور پر کھول دیا گیا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آبنائے ہرمز کھولنے پر ایران کا شکریہ ادا کیا ہے۔ ایران کی جانب سے آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی کے بعد امریکہ کے پاس جواب دینے کے لیے کئی راستے موجود تھے۔ پہلا راستہ یعنی مذاکرات پر مبنی پرامن راستہ جلد ہی ترک کردیا گیا کیونکہ ابتدائی بات چیت ناکام ہوچکی تھی۔ دوسرا راستہ سخت اقدام یعنی ایران کے تیل کے بنیادی ڈھانچے کو تباہ کرنا جو بظاہر کشیدگی میں شدید اضافہ کرتا اور کسی بھی مفاہمت کے امکانات کو ختم کر دیتا۔ 'جنگ سے پہلے کی صورتحال کی بحالی' کا آپشن یعنی آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھلوانے کی کوشش بھی کوئی آسان راستہ نہیں تھا۔ اس کے لیے نہ صرف سمندری راستے سے بارودی سرنگوں کو صاف کرنا ضروری تھا بلکہ جہازوں کو میزائل حملوں اور چھوٹی کشتیوں، بشمول بغیر پائلٹ کی جانے والی کشتیوں، کے حملوں سے محفوظ رکھنا بھی لازم تھا۔ بالآخر، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے چوتھے آپشن کا انتخاب کیا۔

واشنگٹن آبنائے ہرمز میں بحری کارروائیاں کرنے کے لیے کسی اتحاد کو تشکیل دینے میں ناکام رہا۔۔۔ نہ تو نیٹو کے اتحادیوں کے ساتھ اور نہ ہی ان ایشیائی ممالک کو اس میں شامل کرسکا جو آبنائے ہرمز کے ذریعے تجارتی جہاز رانی میں خلل سے متاثر ہوئے تھے۔ نتیجتاً، امریکہ کو اکیلے کارروائی کرنا پڑی اور اس کی صلاحیتیں اور وسائل ویسے وسیع ثابت نہیں ہوئے جیسا بظاہر نظر آتے تھے۔ ایران کے خلاف کارروائی کے آغاز پر امریکہ نے مشرق وسطیٰ میں نسبتاً بڑا بحری بیڑا جمع کیا۔ پہلے سے موجود ڈسٹرائرز، کشتی، بحری جہازوں اور دیگر بحری وسائل کے علاوہ، دو طیارہ بردار بحری گروپ بھی شامل کیے گئے، جن میں درجنوں طیارے اور ہیلی کاپٹر موجود تھے جبکہ تیسرا بحری گروپ اب پہنچ رہا ہے۔ تاہم ان تمام بحری وسائل میں سے صرف ایک محدود حصہ ہی آبنائے ہرمز میں مؤثر طور پر کارروائی کرنے کے قابل ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے اختیار کیا گیا چوتھا آپشن بظاہر بادی النظر میں منطقی دکھائی دیتا ہے: اگر ایران آبنائے ہرمز سے جہازوں کی گزرگاہ بند کرتا ہے تو اسے اس کی قیمت ادا کرنی ہوگی۔ اس حکمت عملی میں بظاہر واپسی کا کوئی راستہ اب بھی موجود نظر آتا ہے، مگر ساتھ ہی ایران کے لیے مستقبل کا منظرنامہ تاریک اور غیر یقینی دکھائی دیتا ہے۔ تکنیکی اعتبار سے یہ آپشن قابل عمل ہے۔ بحیرہ عمان اور بحیرہ عرب میں ایران کے 'شیڈو فلیٹ' سے منسلک جہازوں کو روکنا۔۔۔ جو ایران کے ساحل سے خاصے فاصلے پر واقع ہیں۔۔۔ امریکی بحری جہازوں کے لیے خطرات کم کرسکتا ہے۔ اس وقت اس نوعیت کی ناکہ بندی کے لیے کافی بحری قوت موجود ہے۔

مشرق وسطیٰ کے لیے ذمہ دار امریکی پانچواں بحری بیڑا ایک لچکدار ڈھانچے کا حامل ہے اور اس کی ترتیب مشن کی نوعیت کے مطابق تیزی سے تبدیل کی جاسکتی ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کے مطابق مزید کمک بھی خطے کی جانب روانہ کی جارہی ہے۔ عسکری ماہر ڈیوڈ گینڈل مین لکھتے ہیں کہ 'جب قارئین یہ سوال کرتے تھے کہ کیا امریکہ فوجی طاقت کے ذریعے آبنائے ہرمز کو کھول سکتا ہے، تو میں ہمیشہ یہ جواب دیتا تھا کہ ایران کے لیے آبنائے ہرمز کو بند کرنا، دوسروں کے لیے اسے کھولنے کے مقابلے میں کہیں زیادہ آسان ہے۔ امریکیوں نے بھی اب اس مساوات کو سمجھ لیا۔' تاہم ڈونلڈ ٹرمپ کا یہ فیصلہ صرف ایران کو ہی نقصان نہیں پہنچائے گا۔ امریکہ آبنائے ہرمز کو کھلوانے میں کوئی عجلت نہیں دکھا رہا، ایک ایسی گزرگاہ جو فوجی کارروائیوں کے آغاز کے بعد جہاز رانی کے لیے انتہائی خطرناک ہو چکی ہے، بلکہ اس ناکہ بندی میں مزید سختی کی جا رہی ہے۔ ایرانی بارودی سرنگوں سے بھرا ہوا سمندری راستہ اور میزائلوں کی زد میں موجود آبنائے ہرمز ویسے ہی خطرناک ہے، ایسے میں آبنائے ہرمز کے دہانے یا اخراج پر کسی امریکی ڈسٹرائرز کا سامنا خطرے کو دوگنا کر دیتا ہے۔ خلیجی ممالک کے تجارتی شراکت داروں کو براہ راست معاشی نقصان اٹھانا پڑا، سپلائی چین متاثر ہوچکی ہیں اور عالمی تیل کی قیمتیں ایک بار پھر بڑھ گئی ہیں۔ ابھی یہ واضح نہیں کہ چین، جس کے پاس ایک بڑی بحری قوت اور جبوتی میں فوجی اڈہ بھی ہے، اس ناکہ بندی پر کیا ردعمل دے گا۔ اسی دوران، امریکہ کے اتحادیوں کے لیے بھی امید کی کوئی خاص وجہ موجود نہیں، ان میں سے کئی ممالک اس جنگ میں شامل ہوئے بغیر ہی اس کے نقصانات کا سامنا کر رہے ہیں۔

سفارت کاری کبھی نہیں مرتی

پیش نظر — محمد مہدی

قم یونیورسٹی ایران کی جانب سے رابطہ کیا گیا کہ موجودہ حالات پر اپنی گزارشات پیش کروں۔ حالات کے سبب یہ تو ممکن نہیں تھا کہ وہاں جا کر تقریر کرسکوں لہٰذا طے یہ ہوا کہ ریکارڈ تقریر ان کے نمائندے کے حوالے کردوں۔ میں نے گفتگو کے آغاز میں عرض کی کہ جے ڈی وینس نے Hillbilly Elegy کتاب تحریر کی تھی۔ اس کتاب میں اس نے تحریر کیا ہے کہ "There is nothing lower than the poor stealing from the poor" اس کتاب پر دی ٹائمز نے تبصرہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ "مسٹر وینس کے پاس تمام جوابات نہیں ہیں لیکن وہ بات چیت کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ دی گارڈین نے تبصرہ کیا تھا کہ وینس کی کہانیاں خاص طور پر ریگن کے سالوں کے دوران سیاہ فام لوگوں کے خلاف سماجی تحفظ پر حملے کا جواز پیش کرنے کے لئے 'فلاحی ملکہ' کی کہانیوں کی یاد دلاتی ہیں'' بس حالیہ مذاکرات پر بھی یہی تبصرہ ہے کہ وینس تمام جوابات نہیں رکھتے تھے مگر وہ بات چیت کو بھی آگے بڑھا گئے ہے اور اسی طرح سے انہوں نے اس کا امکان بھی موجود رہنے دیا ہے کہ امریکہ کوئی سخت کارروائی کرے اور اس کو کرتے ہوئے ولینیز کو نہیں ہونے کا دعویٰ کیا جائے۔

اس وقت صورت حال نہایت پیچیدہ ہوچکی ہے اور سوائے ہٹ دھرمی کے اور کوئی بھی اس صورت حال میں پاکستان کے مثبت کردار سے انکار نہیں کر سکتا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے اپنے روابط کا جس مہارت سے استعمال کیا ہے اس نے پاکستان کی حقیقی طاقت کو دنیا کے سامنے آشکار کردیا ہے۔ یہ بات بھی واضح ذہن میں رہنی چاہیے کہ دو دشمنوں کو جب مذاکرات کی میز پر لایا جاتا ہے تو فوری طور پر یا ایک دو ملاقاتوں میں مسائل حل ہونے کی امید نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے اور جیسے کہ ایرانی سفیر رضا امیری مقدم نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ "یہ مذاکرات کسی ایک ایونٹ کا نام نہیں بلکہ ایک مسلسل عمل ہیں، جس نے ایک ایسے سفارتی فریم ورک کی بنیاد رکھ دی ہے جو باہمی اعتماد اور سیاسی عزم مضبوط ہونے کی صورت میں تمام فریقین کے مفادات کے لیے پائیدار راستہ ہموار کر سکتا ہے" جب راستہ بننا شروع کردیا جاتا ہے تو پھر وہ مکمل تیار بھی ہوہی جاتا ہے۔ امریکہ کی سمجھ یہ تھی کہ جیسے ہی عارضی جنگ بندی کا معاہدہ ہوا تھا تو آبنائے ہرمز کو کھل جانا چاہیے تھا جبکہ ایران یہ سمجھتا تھا کہ جنگ بندی کا اطلاق لبنان پر بھی فی الفور ہونا چاہیے تھا۔ اسی طرح سے امریکہ کا یہ خیال تھا کہ ایران بات چیت کو وہیں سے جوڑنے پر آمادہ ہوا ہے کہ جہاں سے جنگ سے قبل ٹوٹی تھی مگر ایران کے پاس کچھ نئے امور بھی تھے۔ اتنی طویل دشمنی اور بداعتمادی کے بعد اس قسم کی مس انڈرسٹینڈنگ ہونے کے امکانات موجود ہوتے ہیں اور پہلی کامیابی یہی ہوتی ہے کہ دونوں فریق کم از کم ایک میز پر تو بیٹھ سکیں جو کہ پاکستان نے ممکن کر دکھایا۔ پاکستان نے یہ بھی کر دکھایا کہ سعودی عرب نے انتہائی تحمل کا مظاہرہ کیا اور اس کے لیے بجا طور پر سعودی ولی عہد قابل تعریف ٹھہرتے ہیں۔

خبریں تو یہ بھی ہیں کہ پاکستان، سعودی عرب اور ایران کے درمیان براہ راست گفت و شنید بھی شروع کرا چکا ہے، اسی وجہ سے ایران کے وزیر خارجہ نے جنگ بندی کے فوری بعد عرب ممالک میں سے سعودی عرب کے وزیر خارجہ کو فون کیا اور اب اسلام آباد ٹاکس کے بعد بھی عباس عراقچی نے سعودی عرب کے وزیر خارجہ کو اعتماد میں لینا ضروری سمجھا۔ اسی دوران اس بات کی بھی امید تھی کہ شہزادہ خالد بن سلمان بھی پاکستان آرہے ہیں، پاکستان نے اپنے فضائی فوج کو سعودی عرب میں تعینات کرکے اسرائیل کو بھی واضح پیغام دیا کہ وہ موجودہ حالات کے سبب سے سعودی عرب کو نقصان پہنچانے کے قابل نہیں ہے کیوں کہ یہاں پاکستان موجود ہے۔ اسی دوران پاکستان مایوس نہیں ہوا ہے اور اس نے دوبارہ سے مذاکرات بحال کرانے کے لئے سفارتی سرگرمیاں شروع کردی ہے کہ دوبارہ سے مذاکرات کا سلسلہ بحال ہوجائے اور اس کی امید بھی رکھنی چاہیے۔ جس وقت اسلام آباد ٹاکس ہورہی تھی تو اس وقت ہی سعودی عرب، قطر اور یو اے ای کے اعلیٰ سطح کے لوگ موجود تھے۔ امریکہ کے لئے یہ بالکل بھی فیس سیونگ نہیں ہوسکتی ہے کہ وہ آبنائے ہرمز پر ایرانی ٹول ٹیکس کو تسلیم کرلے۔ عرب یہ عام بات کررہے ہیں کہ امریکہ نے انہیں بھگتی ہوئی اس بحری گزرگاہ کو ان حالات کا شکار کردیا اور اگر ٹول ٹیکس قبول امریکہ کرلے تو یہ امریکہ نے کیا کردیا ہے۔ اسی لئے امریکہ ایران کی بحری ناکہ بندی کی بات کررہا ہے مگر ابھی کی سب سے بڑی ایکسپورٹ تیل کا 80 سے 92 فیصد تک خریدار چین ہے جو کہ اس سے 6 سے 10 ڈالر فی بیرل کم قیمت پر پیٹرول خریدتا ہے۔ اگر ایران پیٹرول نہ بیچ سکا تو چین خرید بھی تو نہیں سکے گا اور اگر چین نے کوئی کوشش ایرانی تیل لینے کی نہ کی اور عالمی منڈی میں چلا گیا تو اس سے اس کے اخراجات بھی لا محالہ بڑھ جائیں گے، پیٹرول کی قیمت بھی پر لگا کر مزید اڑنے لگے گی۔ کوئی طویل بحری ناکہ بندی بہت مشکل بات ہے اور اندھا دھند بمباری سے بھی اہداف حاصل کرنا بہت مشکل نظر آرہا ہے۔ ایران بھی اس صورت حال سے نکلنا چاہتا ہے اگر صرف پیٹرول ہی وہ مارکیٹ کی قیمت پر بیچ سکے تو سالانہ اربوں ڈالرز اس کے خزانے میں مزید شامل ہوسکتے ہیں۔

حکیم ڈی

خیالات — رسول بخش رئیس

نام تو کچھ اور تھا اور وہ اچھی طرح مجھے یاد بھی ہے مگر لوگ 70 سال قبل انہیں ڈی کہتے تھے۔ حکیم ڈی کی شہرت اپنے محدود علاقے سے زیادہ دور نہیں جا سکی۔ وہ نہایت ہی سادہ، دلچسپ اور بہت ذہین انسان تھے۔ اس علاقے میں وہ واحد شخص تھے جو ہندی زبان پڑھ اور لکھ سکتے تھے۔ اردو انہوں نے کبھی نہیں سیکھی تھی اور نہ ہی اس میں کوئی دلچسپی تھی۔ ان کے حکمت میں استاد ملک کی آزادی سے بہت پہلے ایک ہندو حکیم تھے جن کی خدمت میں وہ بہت عرصہ رہے اور ان سے حکمت کی تربیت حاصل کی۔ سب کچھ انہوں نے ہندی کی کتابیں پڑھ کر سیکھا تھا۔ آنکھ کھولتے ہی ہم سب بیمار ہوتے تو پہلی ملاقات حکیم ڈی سے ہوتی۔ شاید ہی کوئی بچہ ہو جو حکیم ڈی نے زبردستی لکڑی کے چھوٹے سے ٹکڑے کو دانتوں کے درمیان گھسا کر کڑوی دوائیاں جس کے منہ میں نہ انڈیلی ہوں۔ بڑے ہو کر بھی ان کی دکان سے دور سے گزرتے تھے۔ ہماری ان سے دوستی اس وقت ہوئی جب دانت توڑ آنے کے استعمال کا ہمارا زمانہ گزر چکا تھا۔ حکیم کی دکان قدرے کشادہ اور شہر کے بازار کے وسط میں تھی جس کے سامنے ایک اور بازار شروع ہوتا تھا۔ صبح ہوتے ہی تین حکیم اپنی حکمت کی دکانیں سجالیتے۔ صرف ایک جو کسی دور کے علاقے سے آکر یہاں آباد ہوئے تھے اور وہ مولوی تھے کے پاس بیٹھنے کے لیے کرسی اور مریضوں کے لیے ایک بینچ تھا جس کی ایک ٹانگ نہیں تھی۔ ڈی اور تیسرے حکیم کی نشست فرشی تھی۔ ڈی ان سب میں بہت مشہور تھے اور ان کا طریقہ علاج بھی منفرد تھا۔ کوئی بھی مریض چاہے کسی بھی مرض میں کیوں نہ مبتلا ہو کی نبض پر کچھ دیر ہاتھ رکھتے اور پھر دوائیوں کی پڑیاں ایک مخصوص انداز میں اگلے پانچ سات دن کے لیے بنا کر مریض کے حوالے کردیتے۔ پڑیوں کے ساتھ ایک دو چھوٹی بوتلوں میں مختلف رنگوں کی خود تیار کردہ سخت کڑوا محلول بھی استعمال کے لیے دیتے۔ کسی بھی مریض کو واپس آنے کی ضرورت نہ رہتی اور کچھ دوائیوں کے اثر اور زیادہ تر ان کے حکیمانہ مشوروں سے ہی صحت یاب ہو جاتے۔

ڈی اور یونانی حکمت ہمارے دور کی دیہاتی ثقافت کا حصہ تھے۔ لوگوں کو حکیموں کی مہارت پر پختہ یقین تھا۔ سچ تو یہ ہے کہ صدیوں سے یہی طریقہ طب پورے ہندوستان، ایران اور عرب دنیا تک پھیلا ہوا تھا۔ حکیم ڈی اکثر دوائیاں خود تیار کرتے۔ اس زمانے میں بڑے شہروں اور قصبوں میں جڑی بوٹیوں کی دکانیں ہوا کرتی تھیں جہاں سے دیہاتی حکیم اپنی ضرورت کے مطابق جڑی بوٹیاں خرید کر لایا کرتے تھے۔ دکان کی دیوار پر حکیم ڈی نے تختے لگا رکھے تھے جن پر شیشوں کی صورت میں سینکڑوں ڈبے جنہیں وہ ہر سال خود سفید روغن کرتے اور ان پر ہندی سکرپٹ میں ان کے نام لکھے ہوتے۔ ڈی کے علاوہ کوئی بھی انہیں نہیں پڑھ سکتا تھا کہ ان میں کیا ہے۔ جب تک کوئی کھول کر نہ دیکھتا لیکن کسی کو بھی قریب پھٹکنے کی اجازت نہیں تھی۔ مریض ہر وقت نہیں آتے تھے۔ اکثریت صبح سویرے آتی اور دوائیاں لے کر ہر کوئی گھر کو چلا جاتا۔ جونہی ڈی حکمت سے کچھ فراغت حاصل کرتے ان کی دکان پر اکثر ادبی نشست شروع ہو جاتی۔ وہ مختلف آدمیوں کے پاس دو کتابیں تھیں۔ ایک کے پاس داستان امیر حمزہ اور دوسرے کے پاس ہزار داستان۔ ان میں سے ایک کتاب لے آتا اور پڑھنا شروع کر دیتا۔ حکیم ڈی خود بھی کہانی باز تھے جو اکثر ان کے مشاہدے پر مبنی ہوتیں۔ انہیں مرچ مسالا لگا کر جب وہ اپنے ارد گرد کے لوگوں کو سناتے تو وہ ہنسی سے لوٹ پوٹ ہوجاتے۔ داستان امیر حمزہ ان کی پسندیدہ کتاب تھی جسے وہ پڑھ تو نہیں سکتے مگر اسے سن کر سر دھنتے۔ ہماری دوستی ان سے اس ادبی نشست اور ان کی اپنی قصہ گوئی سے شروع ہوئی۔ اس وقت غالباً میں ساتویں آٹھویں جماعت میں تھا۔ ہمارے علاقے میں نہ کتابیں میسر ہوتیں اور نہ ہی سکولوں میں کتب خانے تھے۔ کتابیں ہر سال ہمارے مڈل سکولوں کو کچھ نہ کچھ ضرور ملتیں جو لکڑی کے صندوقچوں میں ہمارے استاد بند کر کے رکھ دیتے۔ مجھے کتابیں پڑھنے کا شوق اس وقت ہوا جب ایک استاد نے مجھے اس دیمک زدہ صندوق کی صفائی کی ذمہ داری ڈنڈے کے زور پر سونپی۔ چھوٹی چھوٹی ہمارے دور کی جنتری کی سائز کی شہزادوں اور شہزادیوں کی کہانیاں تھیں جو ہر روز استاد کی اجازت سے گھر لے جاتا اور اگلے دن مزید کی درخواست کرتا۔ اس کی ابتدا تو ڈی کی دکان سے ہوئی تھی۔ ایک اور نوجوان دکاندار تھا جو آداب عرض اور سلام عرض ڈائجسٹ منگوایا کرتا تھا اور پڑھنے کے بعد ہمیں بھی موقع فراہم کرتا۔

ڈی اپنے زمانے کے روشن خیال آدمی تھا۔ میں کالج میں داخل ہوا اور اس علاقے سے پہلا میٹرک پاس تھا، سب لوگوں نے میری حوصلہ افزائی کی لیکن جو تحسین اور شاباش مجھے حکیم ڈی سے ملی اس کا اثر جادو سے کم نہ تھا۔ وہ اکثر کہتے کہ بڑے لوگ نہیں چاہتے کہ ہم عام آدمیوں کے بچے بھی لکھ پڑھ جائیں اور معاشرے میں اپنا مقام حاصل کریں۔ یہاں بچوں کو سکولوں میں پڑھانے کے خلاف کہانیاں گھڑی جاتی ہیں۔ آپ آگے بڑھتے ہیں تو اب پیچھے بھی نہ دیکھنا۔ ڈی نے اپنے تین بیٹوں کو سکول میں پڑھانے کے بہت جتن کیے مگر وہ کامیاب نہ ہوسکے۔ میری کامیابیوں پر اپنے بچوں سے بھی زیادہ خوش ہوتے۔ ہر دفعہ کالج کی چھٹیوں کے دوران اسی طرح ڈی کی قصہ گوئی کی نشستوں میں حاضری لگواتا۔

حکیم ڈی بعد کے دور میں جب شہر جڑی بوٹیاں خریدنے جاتے تو ڈبوں میں بند دوائیاں بھی خرید کر لاتے۔ چونکہ وہ پڑھ نہیں سکتے تھے اس لیے انہیں نہیں پتا تھا کہ وہ کس مرض کا علاج ہیں۔ میری ذمہ داری تھی کہ میں ڈبی میں لکھی تحریریں ڈی کو پڑھ کر سناؤں۔ یہ کام مجھے کئی بار کرنا پڑتا تو پھر انہیں سمجھ آتی۔ صافی نامی خون صاف کرنے والی دوا ان کی پسندیدہ دوائیوں میں سے تھی۔ مجھے خود کئی بار پانی میں دو ڈھکن ملا کر پینے اور اپنا خون صاف کرنے کا مشورہ دیا۔ کیا کیوں کہ مرتا کیا نہ کرتا۔ ویسے آپ کو اگر یہ تجربہ نہیں تو بھی ضرور کر کے دیکھیں۔ ڈی کی طب کا بنیادی فلسفہ یہ تھا کہ سب بیماریاں خون کی خرابی سے پیدا ہوتی ہیں اور ان کی بنیادی وجہ بھاری اور مرغن غذا کا استعمال ہے۔ اپنے اکثر مریضوں کے علاج کی ابتدا انہیں ارنڈی کے تیل (OilCastor) کی خوراک صبح کچھ کھانے سے پہلے پلا کر شروع کرتے۔ اکثر جو حالت بنتی وہ کچھ دن گھر ہی پڑے رہتے۔ پھر اس کے بعد ان کی طبیعت اور خون صاف ہونا شروع ہوجاتا۔ اس وقت جدید طب کے ڈاکٹر نہیں تھے۔ صرف شہروں میں تھے دیہات میں بالکل نہیں۔ حکیموں کی اجارہ داری تھی جن کا مبارک ڈی تھا۔ ایک مقامی ڈاکٹر جدید تعلیم کے بعد یہاں آبسا مگر اس کا جدید ہسپتال ویرانی کا منظر پیش کرتا۔

بحری جہازوں پر ٹول ٹیکس کا جواز

لعل و گوہر — روشن لعل

ایران اور امریکہ کے درمیان عبوری جنگ بندی کے دوران اسلام آباد میں دونوں کے بے نتیجہ رہنے والے مذاکرات کے بعد، آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں پر ایران کے ٹول ٹیکس عائد کرنے کا معاملہ ایک مزید تنازع بن چکا ہے۔ ایرانی قیادت نے اپنے ملک پر امریکی اور اسرائیلی حملوں کے دوران دفاعی حکمت عملی کے تحت، آبنائے ہرمز کو بحری جہازوں کی آمد و رفت کے لیے بند کرنے کے بعد، مبینہ طور پر کچھ ایسے جہازوں کو گزرنے کی اجازت دی جو اسے ٹول ٹیکس ادا کرنے پر آمادہ ہوئے۔ اس حوالے سے موجودہ صورتحال یہ ہے کہ جب ایران نے اپنے مجوزہ ''سٹریٹ آف ہرمز مینجمنٹ پلان'' کے تحت آبنائے سے گزرنے والے بحری جہازوں پر ٹول ٹیکس عائد کرنے کا اعلان کیا تو امریکہ نے یہ کہتے ہوئے آبنائے ہرمز کی مکمل ناکہ بندی کردی کہ اگر ایران ٹول ٹیکس نہ دینے والے جہازوں کی آمد و رفت پر پابندی عائد کرے گا تو پھر اس بحری گزرگاہ سے ایرانی جہازوں کی نقل و حرکت بھی روک دی جائے گی۔ عمان میں جاری امریکہ اور ایران کی بالواسطہ بات چیت کے دوران، اسرائیل اور امریکہ نے ایران پر حملہ کیا اسے ان دونوں ملکوں کی جارحیت کے علاوہ کوئی دوسرا نام نہیں دیا جاسکتا۔ اسرائیل اور امریکہ کے حملوں سے قبل ایران میں شخصی آزادیوں کے حق میں جاری مظاہروں کے دوران بیرونی دنیا کے امن پسند اور انسان دوست لوگ ایرانی انتظامیہ نہیں بلکہ ایرانی مظاہرین کے حق میں اپنے جذبات کا اظہار کر رہے تھے۔ جب امریکہ اور اسرائیل نے حملوں کے آغاز میں ہی سکول کی معصوم ایرانی بچیوں کو بمباری کا نشانہ بنا کر شہید کیا تو دل رکھنے والے جن لوگوں کے نزدیک ایرانی انتظامیہ کے ہاتھوں شہری آزادیوں کا سلب کیا جانا، ریاستی جبر تھا انہوں نے امریکہ اور اسرائیل کے ہاتھوں معصوم بچیوں پر وحشیانہ بمباری کو بھیانک جنگی جرم تصور کیا۔ ایران پر امریکہ اور اسرائیل کے جن حملوں کو جنگی جرائم تصور کیا گیا، ان پر ناپسندیدگی ظاہر کرتے ہوئے دنیا کے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی اکثریت نے ایران اور ایرانی عوام کے لیے ہمدردی کا اظہار کیا۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جس طرح امریکی اور اسرائیلی حملوں کی مخالفت کرتے ہوئے ایران سے ہمدردی کا اظہار کیا گیا، کیا اسی تسلسل میں ایران کی طرف سے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں پر ٹول ٹیکس عائد کرنے کی بھی حمایت کی جانی چاہیے۔ امریکی اور اسرائیلی جارحیت کے خلاف ایران کے ساتھ جس ہمدردی کا اظہار کیا گیا نہ تو اس تسلسل میں آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں پر ایران کے عائد کردہ ٹول ٹیکس کے معاملے کو دیکھنا چاہیے اور نہ ہی آبنائے ہرمز کی امریکی ناکہ بندی کے اقدام کے تناظر میں کسی جذباتی موقف کا اظہار ہونا چاہیے۔ اس وقت ضرورت اس امر کی ہے کہ، جذباتیت کو ایک طرف رکھ کر غیر جانبداری سے اس معاملے کا معروضی جائزہ لیا جائے۔ اس معاملے کا معروضی جائزہ لینے کے لیے کسی دوسری مثال کو مدنظر رکھنے کی بجائے یہ دیکھنا زیادہ مناسب ہوگا کہ ماضی میں شط العرب تنازع پر ایران نے کس موقف کے تحت خود کو حق اور عراق کو باطل قرار دیا تھا۔

شط العرب، وہ آبی گزرگاہ ہے جس کے ذریعے دریائے فرات اور دجلہ کا پانی خلیج فارس میں جاتا ہے اور اس کے کنارے عراق اور ایران کے درمیان سرحد کا کام بھی کرتے ہیں۔ شط العرب اگر صرف آبی گزرگاہ ہوتا تو شاید اس پر کوئی تنازعہ پیدا نہ ہوتا لیکن یہ آبی وسیلہ کیونکہ کئی صدیوں سے بحری جہازوں کی گزرگاہ کے طور پر بھی استعمال ہو رہا ہے اس لیے موجودہ ایرانی اور عراقی علاقوں کے حکمران وہاں سے گزرنے والے بحری جہازوں سے ٹیکس وصول کرنے کی غرض سے اس پر اپنا حق ملکیت ثابت کرنے کے لیے ماضی میں بار بار جنگیں لڑتے، معاہدے کرتے اور ان معاہدوں کو توڑتے رہے۔ شط العرب پر کس کا حق ہے اس کے لیے اولین معاہدہ اس وقت ہوا جب ایران کا نام فارس تھا اور عراقی علاقے سلطنت عثمانیہ کے زیر تسلط تھے۔ سلطنت عثمانیہ کیونکہ ایران کے مقابلے میں بڑی عسکری طاقت تھی اس لیے شط العرب پر فارس کے ساتھ کیے گئے معاہدے میں اس نے اپنے حق سے زیادہ مفاد حاصل کیا۔ اس کے بعد جب برطانوی ایمپائر نے عراق کو اپنی نو آبادی بنایا تو ایک نئے معاہدے کے تحت ایران کو بلا جواز یہ ماننے پر مجبور کیا گیا کہ اس کے بحری جہاز شط العرب سے گزرتے وقت عراق کو ٹول ٹیکس دینے کے پابند ہوں گے۔ ایرانی بحری جہاز، اس معاہدے کے مطابق، سال 1970ء تک عراق کو ٹول ٹیکس دیتے رہے۔ رضا شاہ پہلوی کے دور حکومت میں ایران نے اپنی فوجی طاقت کے بل پر 1975ء میں عراق کو ایک نیا معاہدہ کرنے پر مجبور کیا جس کے مطابق ایرانی بحری جہازوں کو عراقی ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیتے ہوئے شط العرب پر دونوں کا مساوی حق تسلیم کیا گیا۔ رضا شاہ پہلوی کی حکومت ختم ہونے کے بعد، امریکہ سے تعلقات بگڑنے پر، جب ایران دنیا میں تنہا ہوگیا تو عراق کے صدام حسین نے شط العرب پر اپنایا گیا ہوا معاہدہ کالعدم قرار دیتے ہوئے وہاں سے گزرنے والے ایرانی جہازوں پر پھر سے ٹول ٹیکس عائد کردیا۔ ایران کی طرف سے صدام کے عائد کردہ ٹول ٹیکس ادا کرنے سے انکار کے بعد ایران اور عراق کے درمیان تقریباً دس برس تک لڑی جانے والی جنگ کا آغاز ہوا۔ اس طویل جنگ کا انجام اس عبوری اتفاق پر ہوا کہ دونوں ملک مساوی حقوق کے تحت، شط العرب کا استعمال پھر سے 1975ء کے معاہدے کے مطابق کریں گے۔ شط العرب، عراق اور ایران کی مشترکہ ملکیت ہونے کے باوجود وہاں سے گزرنے والے ایرانی جہازوں پر عراق کے ٹیکس عائد کرنے کے نتیجے میں تقریباً ایک دہائی تک بلا مقصد جنگ جاری رہی۔ شط العرب کے برعکس آبنائے ہرمز، ایران نہیں بلکہ عالمی برادری کی مشترکہ ملکیت ہے۔ اس وقت دنیا میں آبنائے ہرمز جیسی یا اس سے ملتی جلتی تقریباً 35 بحری گزرگاہیں ہیں۔ ان بحری گزرگاہوں میں سے دس زیادہ مصروف آبنائے جبرالٹر، آبنائے باب المندب، آبنائے ملاکا، آبنائے باسفورس، آبنائے بارنگ، آبنائے ماگلان، آبنائے مسینا، نہر سوئز، پانامہ نہر اور آبنائے ہرمز ہیں۔ ان میں سے سات، عالمی برادری کی مشترکہ ملکیت ہونے کے سبب بلا معاوضہ استعمال ہوتی ہیں جبکہ آبنائے باسفورس پر ترکی، نہر سوئز پر مصر اور پانامہ نہر پر پانامہ وہاں سے گزرنے والے بحری جہازوں سے ٹول ٹیکس وصول کرتے ہیں کیونکہ ان ملکوں کے اندر سے گزرنے والی بحری گزرگاہوں پر ان کی ملکیت بلا شرکت غیرے ہے۔ اب اگر ایران اور عمان کے درمیان واقع عالمی برادری کی مشترکہ ملکیت، بحری گزرگاہ، آبنائے ہرمز پر ایران کا ٹول ٹیکس وصول کرنے کا حق تسلیم کرلیا جائے

مل مچھروں کی یلغار، ملیریا پھیلنے کا خدشہ بڑھ گیا

موسم بہار کی آمد کے ساتھ مل اور نواحی علاقوں میں مچھروں کی تعداد میں اضافہ، اسپرے مہم نہ ہونے سے شہری شدید پریشان

یونین کونسل مالکی، سرل اور گومازگی ڈیدار کی پینتیس ہزار آبادی صحت سہولیات کے فقدان اور مچھروں کی بہتات سے متاثر

مچھر مار اسپرے مہم کئی سالوں سے بند ہونے کے باعث ہر سال ملیریا کی بیماری پھیلتی ہے، عوام مسلسل خطرات سے دوچار

محکمہ صحت کے بلند و بانگ دعوے شہری علاقوں تک محدود، دیہی علاقوں کو مسلسل نظر انداز کیے جانے پر عوامی حلقوں میں شدید تشویش

مل (نامہ نگار) مل و نواحی علاقوں میں موسم بہار کی آمد کے ساتھ ہی مچھروں کی بھرمار علاقے میں مچھر مار اسپرے مہم نہ ہونے کی وجہ سے ہر سال کی طرح امسال بھی ملیریا پھیلنے کا خدشہ عوامی حلقوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی تفصیلات کے مطابق مل کے تین یونین کونسلوں مالکی، سرل، گومازگی ڈیدار جن کی آبادی 35 ہزار کے لگ بھگ ہے ایک طرف ان یونین کونسلوں میں صحت کی سہولیات کا فقدان ہے جب کہ دوسری یہاں پر ہر وقت مچھروں کی بہتات ہے مچھروں کی بھرمار کی وجہ سے ہر سال یہاں پر ملیریا کی بیماری پھیلتی ہے علاقے میں مچھروں کے خاتمے کیلئے مچھر مار اسپرے مہم نہ ہونے کی وجہ سے یہ مچھر چھ مہینوں تک عوام کے خون چوسنے کے منتظر رہتے ہیں محکمہ صحت کی جانب سے ملیریا کے خاتمے کیلئے بلند و بانگ دعوے تو کیے جاتے ہیں مگر وہ دعوے صرف اور صرف شہری ایریا تک محدود ہوتے ہیں دیہی علاقوں کو مسلسل نظر انداز کر دیا جاتا ہے مل میں مچھر مار اسپرے مہم کئی سالوں سے نہیں ہوئے جس کی وجہ سے ملیریا ہر سال علاقے میں پھیلتی ہے گذشتہ سال بھی ملیریا ایک خطرناک حد تک پھیل گئی تھی عوامی حلقوں نے محکمہ صحت نوشکی سے اپیل کی ہیں کہ وہ مل کے یونین کونسلوں میں مچھر مار اسپرے مہم شروع کرنے کے لیے فوری اقدامات کریں۔

بارکھان ماڈل ہائی سکول کو بس کی فراہمی، اظہار تشکر

وزیراعلیٰ بلوچستان اور سردار عبدالرحمن کھیتران کی جانب سے بس فراہم کی گئی

بس کی فراہمی سے دور دراز علاقوں کے طلبہ کو تعلیم تک آسان رسائی ملے گی

بارکھان (خ ن) گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول بارکھان کے لیے وزیراعلیٰ بلوچستان اور رکن صوبائی اسمبلی سردار عبدالرحمن کھیتران کی جانب سے ٹرانسپورٹ بس کی فراہمی پر سکول انتظامیہ کی جانب سے اظہار تشکر کیا گیا ہے۔ ماڈل ہائی سکول کے پرنسپل، اساتذہ اور طلبہ نے اپنے مشترکہ بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان اور ایم پی اے سردار عبدالرحمن کھیتران کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام بارکھان کے طلبہ کے لیے ایک بڑی سہولت ہے۔ انہوں نے ڈائریکٹر ایجوکیشن محمد اختر کھیتران اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نوید لطیف کا بھی شکریہ ادا کیا جو تعلیمی شعبے میں بھرپور خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ فراہم کردہ بس دور دراز علاقوں سے آنے والے طلبہ کے لیے تعلیم کا سفر آسان، محفوظ اور باقاعدہ بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی، جس سے نہ صرف طلبہ کی حاضری میں اضافہ ہوگا بلکہ تعلیمی معیار میں بھی بہتری آئے گی۔ سکول انتظامیہ نے اس تعلیمی دوست اقدام کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ حکومت بلوچستان مستقبل میں بھی ایسے اقدامات کے ذریعے علاقے میں تعلیم کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔

بلوچستان: گیس، بجلی لوڈشیڈنگ، عوامی تشویش میں اضافہ

عوام آج بھی گیس کی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، حنیف بلوچ

اوستہ محمد (نامہ نگار) معروف قوم پرست رہنما اوستہ محمد بچاؤ تحریک کے صدر محمد حنیف بختیار زئی ... میں استعمال ہو رہی ہے لیکن بدقسمتی سے نصیر آباد ڈویژن کی عوام جدید دور میں بھی گیس کی سہولیات ...

قلات، اے ڈی سی شاہنواز کا امتحانی مرکز کا دورہ

قلات (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت کے مطابق نقل سے پاک امتحانی مراکز کے قیام کو یقینی بنانے کیلئے قلات انتظامیہ متحرک ہوگئی، ریذیڈنٹ ڈپٹی کمشنر ریونیو شاہنواز بلوچ نے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج میں قائم امتحانی سینٹر کا دورہ کیا ...

موسیٰ خیل: اے سی کا میڈیکل اسٹورز کا معائنہ، وارننگ اور نمونے لیبارٹری روانہ

موسیٰ خیل (خ ن) حکومت بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں اور ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل کی خصوصی ہدایات پر گزشتہ روز ہونے والے اجلاس کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈرگ انسپکٹر نے اسسٹنٹ کمشنر موسیٰ خیل نجیب اللہ کاکڑ کے ہمراہ میڈیکل اسٹورز کا معائنہ کیا۔ معائنے کے دوران ادویات کی تاریخ تنسیخ (ایکسپائری) اور غیر رجسٹرڈ ادویات کی دستیابی سمیت اسٹورز کی مجموعی طبی صورتحال کو چیک کیا گیا۔ اس موقع پر بلوچستان ڈرگ رولز 2021 کے مطابق معیار پر پورا نہ اترنے والے مالکان کو 30 روزہ وارننگ لیٹر جاری کیے گئے تاکہ وہ ایک ماہ کے اندر تمام ضروری شرائط مکمل کرلیں مزید برآں ادویات کے معیار کی تصدیق کے لیے نمونے حاصل کر کے ڈرگ ٹیسٹنگ لیبارٹری (DTL) روانہ کر دیے گئے ہیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ ڈپٹی کمشنر کی نگرانی میں ضلعی انتظامیہ عوامی صحت کے تحفظ کے لیے کوئی کسر اٹھا نہ رکھے گی۔

ژوب میونسپل کمیٹی کو کارپوریشن درجہ دینے کا مطالبہ

ژوب (آن لائن) میونسپل کمیٹی کے کونسلران اجمل ...

بارکھان، وزیراعلیٰ کی جانب سے فراہم کردہ بس کی چابیاں محکمہ تعلیم کے حکام ماڈل ہائی سکول کے پرنسپل کے حوالے کررہے ہیں

لورالائی: مراتنگی ڈیم منصوبے پر کام تیز، پانی بحران کے حل کی امید

لورالائی (خ ن) کوسپرنٹنڈنگ انجینئر، اریگیشن سرکل لورالائی، انجینئر نور محمد مندوخیل نے فیلڈ اسٹاف کے ہمراہ مراتنگی ڈیم منصوبے کا تفصیلی دورہ کیا اور جاری ترقیاتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہیں بریفنگ میں بتایا گیا کہ منصوبے کے اہم حصے، بالخصوص اسپل وے (Spillway) کی تعمیر اور رسائی سڑک کی کٹائی کا کام تیزی سے جاری ہے۔

نصیرآباد امن کمیٹی کا اجلاس منعقد، عالمی کشیدگی پر غور

ذوالفقار علی کرار کی زیر صدارت اجلاس میں علماء، ذاکرین اور مختلف مکاتب فکر کے نمائندگان نے بھرپور شرکت کی

مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی، ایران پر امریکی و اسرائیلی جارحیت اور پاکستان کے ثالثی کردار پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

موجودہ عالمی حالات میں مسلم امہ کو اتحاد و اتفاق کی اشد ضرورت ہے، یکجہتی وقت کی اہم ضرورت ہے، پاکستان کا کردار اہم ہے

علماء کرام جمعہ خطبات میں خصوصی دعاؤں کا اہتمام کریں اور عوام میں اتحاد، شعور اور امن کے پیغام کو فروغ دیں، اجلاس سے خطاب

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار کی زیر صدارت علماء کرام اور ذاکرین امن کمیٹی کے ممبران کا اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علماء، ذاکرین اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی اور پاکستان کی جانب سے ثالثی کے کردار پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار نے کہا کہ موجودہ عالمی صورتحال میں مسلم امہ کو اتحاد و اتفاق کی اشد ضرورت ہے، ایران پر امریکی اور اسرائیلی جارحیت کے بعد اسلامی ممالک نے جس یکجہتی کا مظاہرہ کیا وہ قابل ستائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس نازک صورتحال میں پاکستان نے غیر ... پاکستان کے مثبت اور امن پسند کردار کو اجاگر کریں تاکہ عوام میں شعور اور اتحاد کو فروغ ملے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ایک پرامن ملک ہے اور اس نے ہمیشہ عالمی سطح پر امن کے قیام کے لیے کوششیں کی ہیں، ملک کی سلامتی اور بقاء کے تحفظ کے لیے ہم سب کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ مسلم ممالک کے درمیان تعاون اور اتحاد مزید مضبوط ہوگا اور مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی کا خاتمہ ممکن ہو سکے گا۔ اجلاس کے اختتام پر مسلم امہ کے اتحاد، خطے میں امن کے قیام اور پاکستان کے مؤثر ثالثی کردار کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

قلات: سیلاب سے متاثرہ گھروں کی تعمیر، کام تیز

اے ڈی سی شاہنواز بلوچ نے گھروں کی تعمیراتی کام کا تفصیلی دورہ کیا

تعمیراتی کام کی رفتار اور استعمال ہونے والے میٹیریل کے معیار کا جائزہ لیا گیا

قلات (خ ن) وزیراعلیٰ کی ہدایت پر سیلاب متاثرین کی بحالی اور گھروں کی تعمیراتی کام ... HRU میں بلوچستان کی مالی معاونت اور این آر ایس پی کی کارکردگی سے متعلق کہا کہ سیلاب ...

عوامی اشتہارات — MASHRIQ CLASSIFIED

درستگی نام

میرا اصل نام محمد الیاس ہے جبکہ میٹرک کے سند اور ڈی ایم سی میں غلطی سے الیاس درج کی گئی ہے لہٰذا درستگی کی جائے۔ المشتہر محمد الیاس ولد محمد صدیق

R.No............62991

اطلاع عام

پلاٹ نمبر B - 185 رقبہ 2700 فٹ واقع زرغون ہاؤسنگ اسکیم اس وقت عظمت الٰہی ولد عطاء الٰہی کے نام پر ہے جس کی ٹرانسفر محمد ہارون ولد محمد اسحاق کے نام پر ہونا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں۔

R.No............62990

اظہار لاتعلقی / بیزارنامہ

عوام الناس کے لیے مشتہر ہے کہ ہم نے اپنے حقیقی بھائی نور محمد ولد میر اللہ قوم نالائی سکنہ سبی سے بوجہ بری صحبت، نافرمانی اور دیگر وجوہات کی بناء پر لاتعلقی / بیزارنامہ اختیار کی ہے۔ مذکور کے کسی بھی قول و فعل سے ہمارا کوئی تعلق نہ ہوگا اگر کوئی بھی شخص نور محمد نالائی سے کسی بھی قسم کا لین دین یا قول و فعل کرے گا وہ اپنے نفع و نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔ المشتہر حمید خان، حاکم خان پسران میر اللہ شناختی کارڈ نمبر 55302-1316403-1

سلیم کنگلوری بھی ....

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5440187641989 بنام مدثر حیات ولد دوست محمد جناح روڈ پر کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03188172611 پر مطلع کریں۔

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 4320337590485 بنام فرحان البرٹ ولد البرٹ جیکب نواں کلی میں کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03366545227

رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان سے حاجی ظریف انور شاہ، تسلیم شاہ، نذیر شاہ ملاقات کررہے ہیں



لورالائی، اے سی ندیم اکرم کی نگرانی میں غیر قانونی افغان مہاجرین کے خلاف کارروائی کی جارہی ہے

قلعہ عبداللہ، پولیو مہم کا جائزہ اجلاس، غفلت پر کارروائی کا حکم

اسسٹنٹ کمشنر سردار عبداللہ خان اچکزئی کی زیر صدارت اہم اجلاس، پولیو مہم کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ، افسران نے بریفنگ دی

ٹیموں کی فیلڈ حاضری، مائیکرو پلان پر عملدرآمد اور حساس علاقوں میں کوریج کا جائزہ، بہتری کیلئے مزید اقدامات کی ہدایات جاری کیے گئے

دور دراز اور مشکل علاقوں تک رسائی یقینی بنانے کیلئے خصوصی حکمت عملی، ٹرانزٹ پوائنٹس پر ٹیمیں تعینات، ہر بچے تک رسائی یقینی بنایا جائے

اسسٹنٹ کمشنر کا سخت انتباہ، غفلت، لاپرواہی اور جعلی رپورٹنگ برداشت نہیں ہوگی، ناقص کارکردگی پر متعلقہ عملے کے خلاف فوری کارروائی ہوگی، خطاب

میزئی اڈہ (نامہ نگار) قلعہ عبداللہ میں جاری انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں ایک اہم ایونگ ریویو اجلاس اسسٹنٹ کمشنر قلعہ عبداللہ (دوبندی، توبہ اچکزئی) سردار عبداللہ خان اچکزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سلام کاسو، ڈسٹرکٹ کیمونیکیشن آفیسر ڈاکٹر دولت خان کاکڑ، سمیت پولیو افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران اسسٹنٹ کمشنر سردار عبداللہ خان اچکزئی نے جاری پولیو مہم کی مجموعی کارکردگی، ٹیموں کی فیلڈ میں حاضری، مائیکرو پلان پر عملدرآمد اور حساس علاقوں میں کوریج کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ... خاتمہ ممکن بنایا جاسکے اور آنے والی نسلوں کو ایک محفوظ اور صحت مند مستقبل فراہم کیا جاسکے۔

ہرنائی: 74 کروڑ روپے سے سڑک منصوبے کا افتتاح

سور پل ندی سے اسپین تنگی تک سترہ کلومیٹر ڈبل ٹاپ روڈ تعمیر ہوگی

صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ کی خصوصی دلچسپی سے منصوبہ شروع کیا گیا

ہرنائی (خ ن) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ کی خصوصی دلچسپی اور عوامی فلاح و بہبود کے وژن کے تحت ہرنائی میں تعمیر و ترقی کے ایک نئے باب کا آغاز ہوگیا۔ بلوچستان سوشیو اکانومک ڈویلپمنٹ ... کارکنوں کی ایک کثیر تعداد نے شرکت کر کے اس منصوبے کو علاقے کی تقدیر بدلنے والا اقدام قرار دیا۔ حکام کے مطابق یہ سڑک ہرنائی کی معاشی شہ رگ ثابت ہوگی۔ 74 کروڑ روپے کی لاگت سے ... 17 کلومیٹر ...

ہرنائی، اے ڈی سی محمد سلیم روڈ کا افتتاح کررہے ہیں

ڈپٹی کمشنر صحبت پور کا امتحانی مرکز کا تفصیلی دورہ

فریدہ ترین نے گورنمنٹ انٹر کالج میں انٹرمیڈیٹ امتحانی مرکز کا تفصیلی معائنہ کیا

امتحانی ہالز، سیکیورٹی، نگرانی نظام اور عملے کی حاضری کا باریک بینی سے جائزہ لیا

صحبت پور (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر صحبت پور، فریدہ ترین نے گورنمنٹ انٹر کالج صحبت پور میں قائم انٹرمیڈیٹ امتحانی مرکز کا باقاعدہ دورہ کیا، جہاں انہوں نے امتحانی عمل اور مجموعی انتظامات کا تفصیلی اور جامع جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے امتحانی ہالز، سیکیورٹی انتظامات، نگرانی کے مؤثر نظام، عملے کی حاضری اور طلبہ کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا باریک بینی سے معائنہ کیا۔ اس موقع پر متعلقہ افسران و عملے کو سختی سے ہدایات جاری کی گئیں کہ امتحانی عمل کو مکمل شفافیت، منصفانہ اصولوں اور مقررہ ضابطہ کار کے مطابق یقینی بنایا جائے، جبکہ نظم و ضبط کی ہر سطح پر پابندی کو یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے نقل کی روک تھام کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ امتحانی مراکز میں قانون و ضابطے کی مکمل عملداری ہر صورت برقرار رکھی جائے۔ انہوں نے اس امر کا اعادہ کیا کہ طلبہ کو پرامن، محفوظ اور سازگار تعلیمی ماحول کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، تاکہ وہ بلا خوف و خطر اپنے امتحانات بہتر انداز میں مکمل کر سکیں۔ مزید برآں، انہوں نے ہدایت کی کہ امتحانی عمل کے دوران مسلسل نگرانی کو یقینی بنایا جائے اور کسی بھی ممکنہ بے ضابطگی کی فوری روک تھام کے لیے بروقت اور مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

جعفرآباد: این جی اوز اجلاس، کارکردگی اور شفافیت کا جائزہ

لورالائی غیر قانونی افغان مہاجرین کیخلاف کریک ڈاؤن تیز

پولیس اور انتظامیہ کی مشترکہ کارروائیاں، مختلف علاقوں میں چھاپوں کے دوران متعدد غیر قانونی مہاجرین گرفتار کر لیے گئے

کارروائی میں پولیس فورس کے ہمراہ اے ایس آئی کی شرکت، غیر قانونی مقیم افراد کے خلاف قانونی کارروائی کا باقاعدہ آغاز

حکومتی پالیسی کے مطابق غیر قانونی افراد کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، کسی کو رعایت نہیں دی جائے گی، اسسٹنٹ کمشنر

شہریوں کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کے لیے ایسے سخت اقدامات ناگزیر ہیں، قیام امن کیلئے یہ سلسلہ جاری رکھے جائیں گے، ضلعی انتظامیہ

لورالائی (خ ن) ضلعی انتظامیہ کی ہدایت پر غیر قانونی طور پر مقیم افغان مہاجرین کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کر دیا گیا ہے۔ یہ کارروائی ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ محمد حسیب شجاع کی خصوصی ہدایات اور اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم کی نگرانی میں عمل میں لائی گئی۔ انتظامیہ اور پولیس کی مشترکہ کارروائی میں مختلف علاقوں میں چھاپے مارے گئے، جس میں متعدد غیر قانونی مہاجرین کو حراست میں لے لیا گیا۔ اس آپریشن میں پولیس فورس کے ساتھ اے ایس آئی جہانگیر خان نے بھی حصہ لیا۔ گرفتار افراد کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم کا کہنا تھا کہ حکومتی پالیسی کے مطابق غیر قانونی طور پر مقیم افراد کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہریوں کے تحفظ اور امن ...

لورالائی: اے سی کا امتحانی مراکز کا دورہ، انتظامات کا جائزہ

ندیم اکرم نے میل و نیمیل امتحانی مراکز کا اچانک تفصیلی دورہ کیا

امتحانی ہالز، نشستوں کا انتظام، روشنی اور پانی کی فراہمی کا باریک بینی سے جائزہ لیا

لورالائی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے احکامات جبکہ ڈپٹی کمشنر لورالائی محمد حسیب شجاع کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے انٹرمیڈیٹ (ایف ایس سی) کے سالانہ امتحانات کے سلسلے میں قائم میل و ... روک تھام کے لیے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیتے ہوئے اطمینان کا اظہار کیا اور متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ امتحانات کے دوران کسی بھی قسم کی بے ضابطگی یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ شفاف، منصفانہ اور پرامن امتحانی ماحول کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے امتحانی مراکز میں ... جائزہ لیا اور اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت جاری کی کہ امتحانی مراکز پر فول پروف سیکیورٹی کو یقینی بنایا جائے، تاکہ طلبہ پرامن اور سازگار ماحول میں اپنے امتحانات دے سکیں۔ ساتھ ہی انہوں نے شفافیت برقرار رکھنے اور نقل کی روک تھام کے لیے بھی سخت اقدامات کرنے کی تاکید کی۔

چمن، ڈی سی حبیب احمد بنگلزئی گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج میں امتحانی سینٹر کا دورہ کررہے ہیں

TENDER NOTICE

Provision of Animals for Qurbani-2026

Muslim Hands is an International relief and development non-government charitable organization established in 1993. Muslim Hands intends to invite Sealed Tenders from financially strong and registered Firms/Suppliers for Provision of Animals Qurbani-2026.

The Firms/Suppliers should have adequate financial soundness, similar work experience, Personnel capabilities and Farms/Bans.

Location	Details of Specifications and locations are available in Tender Pack available on Muslim Hands Web portal.
Quetta	(Quetta, main city, and surrounding city areas)

Interested Firms/Suppliers may submit their expression of interests as mentioned in tender documents. Tender document with BOQ can be obtained through Muslim Hand's tender portal link: http://jobs.muslimhands.net.pk/tenders.html

"Procurement committee" Muslim Hands Informatics, new al gillani street, Zarghoon road, Quetta 0812869250

The last date for submission of bids (Technical & Financial) is Wednesday 29th April, 2026, before 1700hrs.

"Bids submitted after the stipulated date and time will not be entertained as per Muslim Hands policy"

بعدالت سول جج مسلم باغ

مقدمہ نمبر 30/025 — تاریخ ادارہ 4/2/2025

خدائے داد ولد ... بنام کمشنر ژوب وغیرہ — دعویٰ استقرار حق

اشتہار بنام: خدائے داد ولد ...

ہرگاہ دعویٰ عنوان بالا میں مدعیان نے برخلاف مدعا علیہان عدالت ہذا میں دائر کیا ہے ... 21/4/2026 ...

TENDER NOTICE

The Principal Balochistan Residential College Turbat, invites Bids from eligible bidders for supply of following items. In all procurement of Govt of Balochistan it is mandatory for all bidders to get registered at Electronic Public Procurement System of BPPRA GoB.

S No	Name of Scheme	E/Cost
1	Purchase / Supply of Solar System For Hostels at BRC Turbat **TSE No.2526041021791**	4.0 M
2	Purchase/Supply of Heavy Duty Commercial Washing Machine for BRC Turbat **TSE No.2526041022081**	1.0 M
3	Purchase / Supply of Tractor with Accessories for BRC Turbat **TSE No.2526041022161**	5.0 M

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Similar Assignment Experience Turn Over of at least equal to estimated cost is required Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan **Tender Document Fee:** Tender Fee Rs.1000/- (Non-refundable) duly deposited on Green Challan in Account No.C02818 (Tender Fee) **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **29 April 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **30 April 2026** till **11:00 AM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:00 PM Address:** Balochistan Residential College, Near Teaching Hospital, Turbat District Kech. **Phone no:** 0852418489 **Email:** brct1994@gmail.com

PRQ No.4670/17-4-2026

Principal, Balochistan Residential College Turbat

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The SP/ ADMN: CCPO- QUETTA invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526041023461 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee 1000 PKR**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Structures and Building and Construction and Manufacturing Components and Supplies (Total Item(s) Count: 7)	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 1 Assignments of Similar Nature and Complexity 3,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 1,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee The firm has to provide work orders only of government department. However, semi government and NGOs work order are not acceptable. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 01 May, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 01 May, 2026till 10:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:30 AM **Address:** Deputy Inspector General of Police Office, Zarghoon Road Quetta

Phone no: 0819201264Fax no: 0819202142

Email: mehatableashfaq19122000@gmail.com

PRQ No.4673/17-4-2026

SSP/ADMN: Deputy Inspector General of Police Office Quetta

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The DG Labour & Manpower invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526041023432 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee Not required**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Management and Business Professionals and Administrative Services (Total Item(s) Count: 10)	3 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity Worth PKR. 17,000,000 Million each in Previous 3 Years Accumualted Turn over of at least PKR.15,000,000 Million in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan The Bidder Must Have Local Presence in Balochistan Specialized in auditing, control, and assurance of information systems (CISA (ISACA)) The Firm Must have be Registered with Pakistan Software Expert Board with active status Detailed work methodology that the firm how perform the work and which technology will be used **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 04 May, 2026till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System Address: Samungli Road Quetta Phone no: 0819204191

Email: pdchildlabour2016@gmail.com

PRQ No.4671/17-4-2026

Director General Labour Welfare Balochistan

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

آل سندھ و بلوچستان میر حاصل خان بزنجو میموریل فٹبال ٹورنامنٹ کے سنسنی خیز مقابلے جاری

گزشتہ روز کھیلے گئے تین اہم میچز میں گزگی کمانڈ، شہید ضیاء جان کلب سوراب اور ڈی ایف اے گرین خضدار کی کامیابی، آج مزید تین میچوں کا فیصلہ ہوگا

تین سال کے بعد سندھ اور بلوچستان کی سطح پر فٹبال کا اس قدر اہم ایونٹ انتہائی قابل ستائش ہے، رئیس بشیر مینگل، عبدالتیبی بلوچ، عابد شاہوانی، ناصر کمال کا خطاب

خضدار (بیورو رپورٹ) آل سندھ و بلوچستان میر حاصل خان بزنجو میموریل فٹبال ٹورنامنٹ کے سنسنی خیز مقابلے جاری بابائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو اسٹیڈیم میں تین دلچسپ میچز کھیلے گئے پہلے میچ میں گزگی کمانڈ خضدار کی ٹیم نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے کھتان کمانڈ کو ایک کے مقابلے میں 3 گول سے شکست دی دوسرے میچ میں شہید ضیاء جان کلب سوراب نے ڈی ایف اے خضدار وائٹ کو صفر کے مقابلے 1 گول سے ہرایا۔ بابائے بلوچستان فٹبال گراؤنڈ میں کھیلا جانے والا میچ شاہی دربار فٹبال کلب قلات اور ڈی ایف اے گرین کلب خضدار کے درمیان دلچسپ اور سنسنی خیز رہا، جو کہ ایک کے مقابلے میں دو گول سے ڈی ایف اے گرین خضدار میچ جیت لیا۔ اس موقع پر میر حاصل خان بزنجو فٹبال ٹورنامنٹ کے آرگنائزر رئیس بشیر احمد مینگل، سیکریٹری عبدالتیبی بلوچ، عابد شاہوانی، ناصر کمال بلوچ و دیگر کا کہنا تھا کہ تین سال بعد آل سندھ و بلوچستان فٹبال ٹورنامنٹ کا انعقاد کرنے پر مبارکباد اور داد و تحسین کے لائق ہیں۔ ٹورنامنٹ کے سلسلے میں آج بھی تین اہم میچز کھیلے جائیں گے۔

ایران فٹبال ورلڈ کپ میں یقینی شرکت کرے گا، صدر فیفا کی تصدیق

ورلڈ کپ تک جنگ کی صورتحال پرامن ہوجائے گی، صدر فیفا جیانی انفانٹینو

زیورخ (این این آئی) فیفا کے صدر جیانی انفانٹینو نے فیفا ورلڈ کپ 2026 میں ایران کی شرکت کی تصدیق کر دی۔ انفانٹینو نے نشریاتی ادارے کی جانب سے منعقدہ ایک اقتصادی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مشرق وسطی میں جاری جنگ کے باوجود ایران 2026 کے ورلڈ کپ میں یقینی طور پر شرکت کر رہا ہے، ہم امید کرتے ہیں کہ اس وقت تک صورت حال پرامن ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایران کو آنا ہے، وہ اپنے عوام کی نمائندگی کرتے ہیں، وہ کوالیفائی کر چکے ہیں اور کھلاڑی کھیلنا چاہتے ہیں۔ انفانٹینو اس سے قبل مارچ میں بھی اسی نوعیت کے خیالات کا اظہار کر چکے ہیں، جب انہوں نے ترکی کے شہر انطالیہ میں ایران اور کوسٹاریکا کے درمیان دوستانہ میچ میں شرکت کی تھی۔ شیڈول کے مطابق ایران اپنے گروپ جی کے تینوں میچز امریکا میں کھیلے گا، 2 لاس اینجلس میں اور 1 سیاٹل میں جبکہ ٹورنامنٹ کے دوران ٹیم کا بیس کیمپ ایریزونا میں ہوگا۔

ویرات کوہلی کے خلاف سوشل میڈیا پر میمز کی بھرمار

ممبئی (آئی این پی) بھارتی کرکٹ اسٹار ویرات کوہلی ایک بار پھر سوشل میڈیا پر اس وقت ٹرینڈ کرنے لگے جب ان کے انسٹاگرام اکاؤنٹ سے ایک غیر ملکی انفلوئنسر کی تصویر کو مبینہ طور پر لائک کیے جانے کے بعد انٹرنیٹ پر میمز اور مزاحیہ تبصروں کی بھرمار شروع ہوئی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ واقعہ اس وقت سامنے آیا جب کوہلی کے اکاؤنٹ سے جرمن۔ساؤتھ افریقی ٹریول ولاگر اور کنٹینٹ کریئیٹر لیزلر (جنیفر) کی ایک پرانی پوسٹ کو لائک کیے جانے کا دعویٰ کیا گیا۔ جیسے ہی یہ لائک سوشل میڈیا صارفین کے سامنے آیا، اس کے اسکرین شاٹس تیزی سے وائرل ہوگئے

ناروال، صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کرتار پور میں کبڈی میچ جیتنے والی ٹیم کو ٹرافی دے رہے ہیں

پی ایس ایل کے اہم میچ میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے لاہور قلندرز کو چھ وکٹوں سے شکست دے دی

لاہور قلندرز کی ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 134 رنز کا ہدف دیا جسے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے چار وکٹوں کے نقصان پر بہ آسانی حاصل کرلیا

جہانداد خان اور عثمان طارق نے 3،3 وکٹیں حاصل کیں، قلندرز کی جانب سے حسیب اللہ 33 اور اسامہ میر 22 رنز بنا کر نمایاں بیٹسمین رہے

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 11 میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے لاہور قلندرز کو باآسانی 6 وکٹوں سے ہرا دیا۔ کراچی میں کھیلے گئے میچ میں لاہور قلندرز نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرنے کا فیصلہ کیا اور پوری ٹیم 19.5 اوورز میں 134 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ قلندرز کی جانب سے حسیب اللہ 33 اور اسامہ میر 22 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ فخر زمان نے 20، عبداللہ شفیق نے 17 اور سکندر رضا نے 15 رنز اسکور کیے۔ کوئٹہ کی جانب سے جہانداد خان اور عثمان طارق نے 3،3 وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے لاہور قلندرز کا 135 رنز کا ہدف باآسانی 17 ویں اوور میں 4 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ قلندرز کی جانب سے حسیب اللہ خان 33 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ دیگر بلے بازوں میں اسامہ میر 22، فخر زمان 20، عبداللہ شفیق 17، سکندر رضا 15، چرتھ اسالنکا 6، محمد نعیم 4، محمد فاروق 2، کپتان شاہین شاہ آفریدی 0 اور حارث رؤف 0 کے انفرادی اسکور پر آؤٹ ہوئے۔ گلیڈی ایٹرز کی جانب سے عثمان طارق اور جہانداد خان نے 3، 3 جبکہ الزاری جوزف نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔ عاقب خان نے 1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

کراچی، پی ایس ایل میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے بلے باز آؤٹ ہونے کے بعد پویلین کی طرف جا رہے ہیں

دورہ بنگلا دیش، عمر گل اور اسد شفیق کو اہم ذمہ داریاں ملنے کا امکان

عمر گل کو باؤلنگ، اسد شفیق کو بیٹنگ کوچ کی ذمہ داریاں دی جائیں گی، ذرائع

لاہور (یو این پی) پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے دورہ بنگلا دیش کیلئے سابق ٹیسٹ کرکٹرز عمر گل اور اسد شفیق کے پاکستان ٹیم مینجمنٹ میں شامل ہونے کا امکان ہے۔ پاکستان نے آخری ٹیسٹ سیریز گزشتہ برس جنوبی افریقہ کے خلاف کھیلی تھی تاہم اس سیریز کی ٹیم مینجمنٹ میں متعدد تبدیلیوں کا امکان ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ عمر گل کو بولنگ کوچ اور اسد شفیق کو بیٹنگ کوچ کی ذمہ داریاں ملنے کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ ذرائع کے مطابق عبدالصمد کو فیلڈنگ کوچ کی ذمہ داریاں سونپی جاسکتی ہیں۔ وہ ویمن کرکٹ ٹیم کے فیلڈنگ کوچ کی ذمہ داریاں نبھا چکے ہیں۔ وہ پہلی مرتبہ پاکستان مینز ٹیم کے ساتھ منسلک ہوں گے۔ سابق کپتان سرفراز احمد ہیڈ کوچ ریڈ بال کرکٹ کے طور پر ذمہ داریوں کا آغاز کریں گے۔ واضح رہے کہ پاکستان نے آئندہ ماہ 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کے لیے بنگلا دیش کا دورہ کرنا ہے۔

سکاٹل: ایف سی سونڈرز سٹیل کیخلاف گول کرنے کے بعد کھلاڑی جشن منا رہے ہیں

لیونل میسی نے اسپینش فٹبال کلب خریدلیا

بیونس آئرس (این این آئی) ارجنٹائن کے کپتان اور فٹبال اسٹار لیونل میسی نے ہسپانوی کلب یو ای کورنیلا کو خرید کر فٹبال دنیا میں ایک نئی پیشرفت کر دی ہے۔ کلب نے باضابطہ اعلان کیا کہ آٹھ مرتبہ بیلن ڈی اور جیتنے والے میسی نے کلب کی ملکیت حاصل کرلی ہے جو اس وقت ہسپانوی فٹبال کے پانچویں درجے میں شامل ہے۔ 38 سالہ میسی اس وقت امریکی کلب انٹر میامی کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ انہوں نے اپنے کیریئر کا بڑا حصہ اسپینش کلب بارسلونا کے ساتھ گزارا، جہاں انہوں نے چار چیمپئنز لیگ اور 10 لالیگا ٹائٹلز جیتے جبکہ 778 میچز میں 672 گول کر کے کلب کے سب سے بڑے اسکورر بنے۔

پی سی بی کے زخمی ملازمین کی کا علاج جاری، حالت بہتر ہونے لگی

ملازمین گزشتہ روز نیشنل سٹیڈیم میں آہنی دروازہ گرنے سے زخمی ہوئے تھے

کراچی (آئی این پی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے گیارہویں ایڈیشن کے دوران نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں حادثے میں شدید زخمی ہونے والے ملازمین کی حالت اب کافی بہتر ہے۔ جمعرات کو ڈبل ہیڈر کے دوسرے میچ کے اختتام پر ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے پی سی بی کے دو ملازمین آہنی دروازہ گرنے سے شدید زخمی ہو گئے تھے۔ گراؤنڈ اسٹاف سے تعلق رکھنے والے یونس اور عمران کو طبی امداد کے لیے ایمبولینس کے ذریعے مقامی اسپتال پہنچایا گیا تھا۔

فیفا سیریز، آئیوری کاسٹ کے خلاف پاکستان کو شکست کا سامنا

گرین شرٹس نے اس سے قبل ترک اینڈ کیکوس کو آٹھ صفر سے شکست دی تھی

اسلام آباد (آن لائن) فیفا وومن سیریز کے آخری میچ میں پاکستان کو آئیوری کاسٹ سے صفر کے مقابلے میں دو گولز کی شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ الاسلام اوتارا اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں میزبان آئیوری کاسٹ نے پہلے ہی ہاف میں حملہ ایک کے بعد پاکستانی گول کیپر زیانا جیوراج نے گول ہونے سے ناکام بنایا۔ کوٹ ڈی آئیوائر نے 39 ویں منٹ میں برتری حاصل کی جب امی ڈیالو نے کارنر پر ریباؤنڈ کے بعد ہیڈر کے ذریعے گیند جال میں پہنچائی۔ 69 ویں منٹ میں جیبو اوورا کو نے کارنر پر دوسرا گول اسکور کیا۔ میچ میں آئیوری کاسٹ کو پنالٹی بھی ملی تاہم پاکستانی گول کیپر زیانا جیوراج نے پنالٹی کو روک لیا۔ گرین شرٹس نے اس سے قبل ترک اینڈ کیکوس کو ریکارڈ 0-8 سے شکست دی تھی جبکہ موریطانیہ کے خلاف 0-1 سے ہار کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

قومی سائیکلسٹ نتالیہ خان 28 برس کی عمر میں انتقال کرگئیں

سائیکلسٹ اور روئنگ کی کھلاڑی گردوں کے عارضے میں مبتلا تھیں

اسلام آباد (این این آئی) قومی سائیکلسٹ نتالیہ خان 28 برس کی عمر میں انتقال کرگئیں۔ صدر پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن سید اظہر علی شاہ کے مطابق قومی سطح کی سائیکلسٹ اور روئنگ کی کھلاڑی گردوں کے عارضے میں مبتلا تھیں۔ سرجری کے بعد وہ صحت یاب نہیں ہوسکی تھیں اور ان کی حالت مزید بگڑ گئی تھی۔ سید اظہر علی شاہ کے مطابق پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن کے تمام اراکین کو دلی افسوس ہوا اور مرحومہ کی فیملی سے اظہار ہمدردی کرتے ہیں۔

پاکستان ویمنز اسکلز اینڈ فٹنس کیمپ 23 اپریل تک جاری رہے گا

سابق آل راؤنڈر عبدالرزاق نے گزشتہ روز کیمپ آکر کھلاڑیوں کی رہنمائی کی

کراچی (این این آئی) پاکستان ویمنز اسکلز اینڈ فٹنس کیمپ نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں دوسرے روز بھی جاری رہا، ویمن ٹیم کے ہیڈ کوچ وہاب ریاض اور دیگر کوچنگ اسٹاف کی نگرانی میں کھلاڑیوں نے بھرپور ٹریننگ سیشن میں حصہ لیا۔ سابق آل راؤنڈر عبدالرزاق کیمپ میں آئے، ویمن کرکٹرز کو ٹپس دیں، عبدالرزاق نے پاور ہٹنگ کے حوالے سے ویمن کرکٹرز کی راہنمائی کی۔ ویمنز اسکلز اینڈ فٹنس کیمپ 23 اپریل تک نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں جاری رہے گا۔ سابق آل راؤنڈر عبدالرزاق کیمپ میں آئے، ویمن کرکٹرز کو ٹپس دیں، عبدالرزاق نے پاور ہٹنگ کے حوالے سے ویمن کرکٹرز کی راہنمائی کی

انڈر 18 نیشنل ہاکی چیمپئن شپ کے سیمی فائنلز آج ہونگے

آج دو اہم میچز کا فیصلہ ہوگا، فائنل انیس اپریل کو کھیلا جائے گا، خواجہ جنید

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان ہاکی فیڈریشن کی ایڈہاک کمیٹی کے زیر اہتمام انڈر 18 نیشنل ہاکی چیمپئن شپ کے سیمی فائنلز آج (ہفتہ) کو کھیلے جائیں گے۔ ٹورنامنٹ ڈائریکٹر اولمپین خواجہ جنید کے مطابق نصیر بندہ ہاکی اسٹیڈیم اسلام آباد میں جاری ایونٹ کے سیمی فائنلز میں پاک آرمی کا مقابلہ سندھ سے جبکہ کے پی کے اور پنجاب دوسرے سیمی فائنل میں مدمقابل ہونگے۔ انہوں نے بتایا کہ چیمپئن شپ کا فائنل 19 اپریل کو کھیلا جائے گا۔

ممنوعہ ادویات کا استعمال، بھارت ڈوپنگ قوانین کی خلاف ورزی میں پہلے نمبر پر آگیا

بھارت میں کارکردگی بڑھانے والی ممنوعہ ادویات بہ آسانی دستیاب ہیں اور بھارت اس وقت ڈوپنگ قوانین کی خلاف ورزی میں نمبر ون ہے، واڈا رپورٹ

ورلڈ اینٹی ڈوپنگ ایجنسی کی رپورٹ کے بعد بھارت کو بین الاقوامی سطح پر شرمندگی کا سامنا، ڈوپنگ نیٹ ورکس کے خلاف کارروائی کی جائے، واڈا صدر کا مطالبہ

لندن (آئی این پی) ورلڈ اینٹی ڈوپنگ ایجنسی (واڈا) کی تازہ رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ دنیا کے بڑے ممالک میں بھارت ڈوپنگ قوانین کی خلاف ورزی میں سرفہرست ہے۔ واڈا کے صدر ویٹولڈ بانکا کے مطابق بھارت میں کارکردگی بڑھانے والی ادویات اور اسٹیرائیڈز باآسانی دستیاب ہیں۔ انہوں نے اس صورت حال کو نا صرف کھیلوں کی ساکھ بلکہ بھارت کے عالمی کھیلوں کے عزائم کیلئے بھی ریڈ فلیگ قرار دیا ہے۔ واضح رہے کہ بھارت 2030 کے کامن ویلتھ گیمز اور 2036 کے اولمپکس کی میزبانی کا خواہاں ہے۔ ویٹولڈ بانکا نے بتایا ہے کہ بھارت میں متعلقہ حکام اور اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ملاقاتیں مثبت رہی ہیں۔ انہوں نے ڈوپنگ نیٹ ورکس کے خلاف سخت کریک ڈاؤن اور ٹیسٹنگ کے عمل کو مزید بڑھانے پر زور دیا ہے۔ واڈا کے صدر ویٹولڈ بانکا کا کہنا ہے کہ تمام اسٹیک ہولڈرز سے ڈوپنگ نیٹ ورک پر کریک ڈاؤن کا کہا ہے، چاہوں گا کہ بھارتی کھلاڑیوں کی زیادہ سے زیادہ ٹیسٹنگ ہوں۔

میرا موازنہ عبدالرزاق یا اظہر محمود سے نہ کیا جائے، آل راؤنڈر فہیم اشرف

ووٹی یاری سے بالاتر ہو کر سوچیں، آئیں اور کرکٹ کو سپورٹ کریں، بات چیت

کراچی (این این آئی) اسلام آباد یونائیٹڈ کے آل راؤنڈر فہیم اشرف نے کہا ہے کہ میں خود کو عبدالرزاق یا اظہر محمود کے قریب سمجھتا ہوں نہ دور، میں فہیم اشرف ہوں، میں عبدالرزاق یا اظہر محمود نہیں بن سکتا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فہیم اشرف نے کہا کہ جو آج تنقید کرتے ہیں وہ بھی ماضی میں ایسے ہی تھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کرکٹ کو سپورٹ کریں تاکہ آنے والے بچے کرکٹ کا سوچیں۔ ہمیں آپس میں ایک دوسرے سے نفرتیں کم کرنا ہوں گی، ووٹی یاری سے بالا ہو کر سوچنا ہوگا۔ فہیم اشرف نے کہا کہ سمیر منہاس نے آج شاندار بیٹنگ کی، سمیر ایسا کھلاڑی ہے جو پاکستان جو لمبا سرو کر سکتا ہے۔ سمیر منہاس ایک سمجھدار کھلاڑی ہے۔ فہیم اشرف نے کہا کہ جو آج تنقید کرتے ہیں وہ بھی ماضی میں ایسے ہی تھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کرکٹ کو سپورٹ کریں تاکہ آنے والے بچے کرکٹ کا سوچیں۔ ہمیں آپس میں ایک دوسرے سے نفرتیں کم کرنا ہوں گی

پاکستان کو آئی ٹی ایف ایشیا انڈر 12 چیمپئن شپ کے فائنل میں شکست کا سامنا

پاکستان ٹیم نے ٹورنامنٹ کے دوران غیر معمولی کارکردگی دکھائی اور ٹیم اسپرٹ کا مظاہرہ کیا، قومی ٹیم کو بہتر کارکردگی پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں پاکستان ٹینس فیڈریشن

رنر اپ پوزیشن بھی معمولی کامیابی نہیں، امید ہے کہ قومی ٹیم آئندہ بھی اسی جوش و جذبے کے ساتھ ملک اور قوم کا نام روشن کرے گی، پی ٹی ایف صدر و سیکرٹری جنرل کا بیان

لاہور (آئی این پی) پاکستان کو میں آئی ٹی ایف ایشیا انڈر 12 چیمپئن شپ کے فائنل میں بھارت کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان نے آئی ٹی ایف ایشیا انڈر 12 مقابلوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے فائنل تک رسائی حاصل کی اور بھارت کے خلاف سنسنی خیز مقابلے کے بعد رنر اپ پوزیشن حاصل کی۔ پاکستانی کھلاڑیوں نے ٹورنامنٹ کے دوران غیر معمولی مہارت، عزم اور ٹیم اسپرٹ کا مظاہرہ کیا اور فائنل تک رسائی کے لیے اہم کامیابیاں حاصل کیں۔ ان کی مستقل کارکردگی ملک میں جونیئر ٹینس کی بڑھتی ہوئی صلاحیتوں کی عکاسی کرتی ہے۔ پاکستان ٹینس فیڈریشن (پی ٹی ایف) کے صدر، سیکریٹری جنرل اور پوری انتظامیہ نے ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں اگلے مرحلے کے لیے کوالیفائی کرنے پر مبارکباد دی۔ انہوں نے کھلاڑیوں کو ہدایت کی کہ وہ آئندہ بین الاقوامی مقابلوں میں بھی اسی جذبے کے ساتھ بہترین کارکردگی جاری رکھیں۔

پی ایس ایل کی کارکردگی صرف پلیئر کی شناخت تک ہے، سلمان علی آغا

مجھے تشویش ہے کہ پی ایس ایل اچھا نہیں جارہا اور ورلڈ کپ بھی اچھا نہیں رہا

کراچی (این این آئی) کراچی کنگز کے سلمان علی آغا نے کہا ہے کہ پی ایس ایل کی کارکردگی صرف پلیئر کی شناخت کیلئے کافی ہے، فوری انٹرنیشنل میں نہیں لانا چاہیے۔ میڈیا سے گفتگو انہوں نے کہا کہ کوشش کریں گے کہ اگلے میچز میں اچھا پرفارم کرکے کم بیک کریں۔ سلمان علی آغا نے کہا کہ بطور پلیئر مجھے سیٹ ہونے کے بعد بڑا اسکور کروں، 20 میں اسکور جانے کے بعد مجھے اسے بڑے اسکور میں تبدیل کرنا چاہیے۔ جب ٹاپ تھری میں اسکور ہوتا ہے تو ٹیم کو فائدہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل کی کارکردگی صرف پلیئر کی شناخت کیلئے کافی ہے، فوری انٹرنیشنل میں نہیں لانا چاہیے۔ یہاں پرفارم کرنے والے پلیئر کو ڈومیسٹک میں مزید نکھارنا چاہیے۔ سلمان علی آغا نے کہا کہ ورلڈ کپ بھی اچھا نہیں رہا اور پی ایس ایل بھی اچھا نہیں جارہا جس پر مجھے تشویش تو ہے۔ 2027 ون ڈے ورلڈ کپ کے قریب اگر ضرورت ہوئی تو ٹی ٹوئنٹی سے بریک لینے کا سوچ سکتا ہوں۔

ژوب: کمشنر کا لائیو اسٹاک دفاتر کا دورہ، کارکردگی کا جائزہ

آصف علی فرخ نے محکمہ لائیو اسٹاک دفاتر اور فارموں کا تفصیلی معائنہ کیا

ڈپٹی ڈائریکٹرز نے محکمہ کی کارکردگی، مسائل اور مستقبل کی حکمت عملی پر بریفنگ دی

مویشی پال حضرات کو جدید طریقہ کار اور ویکسینیشن سے متعلق آگاہی دینے کی ہدایت کی گئی

ژوب (آن لائن) کمشنر ژوب ڈویژن آصف علی فرخ نے محکمہ لائیو اسٹاک کے ضلعی دفاتر کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ڈیری فارم اور پولٹری فارم کا تفصیلی معائنہ کیا اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک ڈاکٹر علاؤالدین اور ڈپٹی ڈائریکٹر پولٹری فارم ڈاکٹر محمد طاہر مندوخیل نے کمشنر کو محکمے کی مجموعی کارکردگی درپیش مسائل اور مستقبل کی حکمت عملی سے متعلق بریفنگ دی کمشنر نے مختلف شعبہ جات کا جائزہ لیتے ہوئے ڈیری فارم میں مویشیوں کی دیکھ بھال خوراک صفائی کے انتظامات، اور دودھ کی پیداوار جبکہ پولٹری فارم میں افزائش ویکسینیشن اور حفظان صحت کے اقدامات کا بھی معائنہ کیا۔ انہوں نے بعض امور پر اطمینان کا اظہار کیا تاہم مزید بہتری کی ضرورت پر زور دیا کمشنر ژوب ڈویژن آصف علی فرخ نے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ لائیو سٹاک کے زیر انتظام ڈیری اور پولٹری فارمز کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے تاکہ نہ صرف پیداوار میں اضافہ ہو بلکہ عوام کو بھی براہ راست فائدہ پہنچے انہوں نے کہا کہ لائیو سٹاک کا شعبہ معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور اس کی ترقی سے روزگار کے مواقع بڑھنے کے ساتھ ساتھ غذائی ضروریات بھی بہتر انداز میں پوری کی جاسکتی ہیں انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ مویشی پال حضرات کو جدید طریقہ کار ویکسینیشن اور افزائش نسل کے بارے میں آگاہی فراہم کی جائے تاکہ وہ اس شعبے سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکیں انہوں نے محکمہ لائیو سٹاک کی اہمیت و ضرورت پر روشنی ڈالتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت اس شعبے کی بہتری کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔

خضدار: میڈیسن ڈسٹری بیوٹرز کا اجلاس، منشیات کے خلاف عزم

حاجی غلام سرور غلامانی کی زیر صدارت اجلاس میں ادویات کے مسائل پر غور ہوا

منشیات اور غیر قانونی ادویات کی روک تھام کے لیے سخت مہم چلانے کا فیصلہ کیا گیا

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار آل میڈیسن ڈسٹری بیوشن کے صدر حاجی غلام سرور غلامانی اور سینئر ممبران کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت غلام سرور غلامانی منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے میڈیسن ہول سیلرز کو درپیش مسائل، منشیات کے ناسور اور غیر قانونی ادویات کی روک تھام جیسے اہم امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صدر غلام سرور غلامانی نے کہا کہ معاشرے کو منشیات جیسی لعنت سے پاک کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ادویات کے نام پر نشہ آور اشیاء فروخت کرنے والوں کے خلاف بھرپور اور منظم مہم چلائی جائے گی، اور اس سلسلے میں کسی قسم کی نرمی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ جو عناصر انسانی جانوں سے کھیل رہے ہیں اور نشہ آور ادویات کی غیر قانونی فروخت میں ملوث ہیں، وہ کسی رعایت کے مستحق نہیں، بلکہ ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی ہونی چاہیے اجلاس میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ ڈرگ انسپکٹر کے ساتھ مکمل تعاون کیا جائے گا تاکہ قانون کی عملداری کو یقینی بنایا جاسکے۔ ممبران نے یقین دہانی کرائی کہ وہ ضلعی انتظامیہ کے ساتھ ہر ممکن تعاون کریں گے اور کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کی نشاندہی میں اپنا کردار ادا کریں گے مزید برآں، اجلاس میں میڈیسن ڈسٹری بیوشن سے متعلق مسائل، لائسنس کے معاملات اور دیگر درپیش مشکلات پر بھی سنجیدگی سے بحث کی گئی، اور ان کے حل کے لیے اہم فیصلے کیے گئے۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ایک منظم اور ذمہ دارانہ نظام کے تحت کام کرتے ہوئے عوام کو معیاری اور محفوظ ادویات کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے اجلاس کے اختتام پر اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ عوامی مفاد اور انسانی جانوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے، اور اس مقصد کے حصول کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

ہرنائی، محمد ذاکر مری ڈسٹرکٹ فارسٹ آفیسر تعینات

ہرنائی (ن ن) محکمہ جنگلات بلوچستان میں انتظامی تبدیلیوں کے سلسلے میں محمد ذاکر مری کو نیا ڈسٹرکٹ فاریسٹ آفیسر (DFO) ہرنائی تعینات کردیا گیا، جنہوں نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے۔ اس موقع پر محکمہ جنگلات کے افسران اور علاقائی معززین کی جانب سے ان کا والہانہ استقبال کیا گیا۔ محمد ذاکر مری کی تعیناتی کے موقع پر ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی، جس میں ڈسٹرکٹ فارسٹ آفیسر کوہلو جان محمد کاکڑ، زراعت آفیسر ہرنائی بہاؤالدین کاکڑ، ڈپٹی رینجر فارسٹ مولوی ربانی ترین، فارسٹر عجب خان اور رینج فارسٹ آفیسر جانان ترین نے خصوصی شرکت کی۔ اس کے علاوہ ملک نجیب ترین، شمس مری، عبدالواحد، مصطفیٰ مری اور محکمہ جنگلات ہرنائی کے دیگر عملے نے بھی نئے ڈی ایف او کو ان کی نئی ذمہ داریوں پر خوش آمدید کہا۔ تقریب کے دوران حاضرین نے محمد ذاکر مری کو پھولوں کے ہار پہنائے اور مٹھائی تقسیم کی۔ شرکاء نے ان کی تعیناتی کو محکمے کے لیے خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کی سربراہی میں ہرنائی میں جنگلات کے تحفظ اور شجرکاری مہم کو مزید تقویت ملے گی۔

عبدالرؤف مینگل کا احمد خان کے انتقال پر اظہار افسوس

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن میر عبدالرؤف مینگل نے سابق سیکرٹری پبلک ہیلتھ انجینئرنگ احمد خان کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اپنے جاری کردہ تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ مرحوم احمد خان ایک شریف النفس، باوقار اور باکردار شخصیت کے مالک تھے انہوں نے اپنی پوری زندگی عوامی فلاح و بہبود کے لیے وقف کیے رکھی سرکاری ملازمت کے دوران انہوں نے ہمیشہ عوامی خدمت کو ترجیح دی اور محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ میں اپنی ذمہ داریاں نہایت ایمانداری، دیانتداری اور فرض شناسی سے سرانجام دیں

چمن: تعلیمی مہم ریلی، اسکول داخلوں کے مطالبات زور

پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن نے چمن میں اسکول داخلہ مہم ریلی کا بھرپور انعقاد کیا

سینکڑوں طلبہ، اساتذہ اور سیاسی رہنماؤں نے ریلی میں شرکت کر کے تعلیم کی اہمیت اجاگر کی

چمن (اصغر اچکزئی) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع چمن کے زیر اہتمام آج ایک بھرپور اور منظم اسکول داخلہ مہم ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت ضلع سیکرٹری احسان اللہ اچکزئی نے کی۔ ریلی میں سینکڑوں طلباء، بچوں اور بچیوں کے ساتھ پشتونخوا میپ مرکزی سیکرٹری ناظم صلاح الدین اچکزئی، زونل ڈپٹی آرگنائزر صدام خان اچکزئی، پشتونخوا میپ ضلعی سیکرٹری حاجی جمال خان اچکزئی، سن۔ معاون شیر علی خان اور پارٹی قیادت نے بھرپور شرکت کرکے تعلیم کے حق میں اپنی آواز بلند کی۔ اس موقع پر ضلع سینئر معاون ممتاز احمد اچکزئی نے ریلی کی قراردادیں پیش کیں جبکہ صدارتی خطاب احسان اللہ اچکزئی نے کیا۔ ریلی کا سٹیج ضلعی ایگزیکٹو یونس خان نے کیا اور تلاوت ضلع ایگزیکٹو مولوی محمد حسن صاحب نے کیا۔ ریلی کا بنیادی مقصد "ہر بچہ اسکول میں، ہر استاد کلاس میں، اور ہر گاؤں میں اسکول" کے نعرے کو عملی شکل دینا تھا، جس کے ذریعے عوام میں تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا اور حکومت کی توجہ ضلع چمن میں درپیش سنگین تعلیمی مسائل کی جانب مبذول کرائی گئی۔ ریلی کے شرکاء نے متفقہ طور پر متعدد اہم قراردادیں منظور کیں، جن میں کیڈیٹ کالج چمن کی کلاسز کو فوری طور پر چمن میں شروع کرنے، بند اسکولوں کی بحالی، غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی، عارضی اساتذہ کے نظام کے خاتمے، گرلز اسکولز کی بہتری، PTSMC کمیٹیوں کی تشکیل، دانش طرز کے معیاری اسکول کے قیام، کالجز میں BS پروگرامز کی توسیع، طلباء کے لیے وظائف اور جدید پبلک لائبریریوں کے قیام جیسے اہم مطالبات شامل ہیں۔ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع چمن حکومت وقت سے پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ ان تمام قراردادوں پر فوری، سنجیدہ اور عملی اقدامات کیے جائیں۔ بصورت دیگر تنظیم اپنے آئندہ لائحہ عمل کے تحت احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کرنے پر مجبور

چمن، اسکول داخلہ مہم کے حوالے سے ریلی نکالی جارہی ہے

چمن، ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی کا امتحانی سینٹر کا دورہ

چمن (ر ع ن) ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی نے آج چمن میں جاری ایف اے اور ایف ایس سی کی سالانہ امتحانات کے دوران گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج چمن بمقام ناصر شہید گراؤنڈ امتحانی سنٹر کا اچانک دورہ کیا اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ پروفیسر ایاز خان اور پروفیسر دلبر خان نے امتحانات کے حوالے سے ڈی سی چمن کو تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں ڈی سی چمن نے امتحانی سنٹر میں صفائی ستھرائی پانی اور امتحانی عملے کی کارکردگی اور امتحانی عمل کا باریک بینی سے جائزہ لیا

بھاگ میونسپل کمیٹی دفتر کی بہتری، یادگار کام کرنے کا عزم

بھاگ (آن لائن) میونسپل کمیٹی بھاگ نے وہ نمایاں کام کیے ہیں جو کاغذی کارروائی سے نکل کر باقاعدہ طور پر عوام کو گراؤنڈ پر نظر آئیں گے جہاں بھی اگر کوئی آفیسر رہے تو وہاں پر ایسے کام کرے کہ وہ یادگار کے طور پر عوام کو یاد ہو ان خیالات کا اظہار ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی بھاگ سید سلیم شاہ نے کیا انہوں نے کہا کہ بھاگ شہر میں بحیثیت ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی بھاگ میں نے میونسپل کمیٹی بھاگ کے خستہ حال دفتر کو بنانا میرے پہلے دن سے ہی یہی کوشش تھا کہ میونسپل کمیٹی بھاگ کے دفتر کو ایسا بنایا جائے کم از کم اٹھنے بیٹھنے کے قابل ہو کیونکہ یہ میونسپل کمیٹی سب کا اپنا گھر ہے کیونکہ روزانہ کی بنیاد پر سائل آتے ہیں یا باہر سے مہمان آتے ہیں کم از کم ان کو ایسا دفتر بنا دیں کہ اس میں آفیسران عملہ بلدیاتی نمائندے چیئرمین وائس چیئرمین شہری باوقار طریقے سے آکر بیٹھیں یہ دفتر میونسپل کمیٹی بھاگ کسی کا ذاتی میراث نہیں بلکہ یہ عوام کا ہے آج اگر میں یہاں ہوں تو کل اس سیٹ پر کوئی اور آفیسر آکر بیٹھے گا لیکن جو بھی آفیسر یا عوامی نمائندہ آکر بیٹھے تو اس کو یہ ایک بہترین دفتر نظر آئے اور وہ دفتر میں بیٹھنے پر فخر محسوس کرے کہ واقعی یہ دفتر ہے ہم نے ہمیشہ یہی کوشش کی ہے کہ میونسپل کمیٹی بھاگ کے دفتر کو اس طرح بنائیں کہ لوگ مثالیں دیں کہ واقعی اب یہ دفتر لگ رہا ہے ہم رہیں یا نہ رہیں لیکن اس کے تزئین و آرائش میں کوئی کمی نہیں چھوڑیں گے انہوں نے کہا کہ جب تک جو بھی آفیسر رہے وہ یہ سمجھے کہ یہ میونسپل کمیٹی اس کا ذاتی گھر ہے جس طرح اپنے ذاتی گھر کے تزئین و آرائش پر توجہ دیتا ہے

خضدار: شہدائے زہری کی برسی عقیدت سے منائی گئی

قرآن خوانی، دعائیہ تقاریب اور ایصال ثواب کیلئے اجتماعات مختلف شہروں میں منعقد ہوئے

خضدار (بیورو رپورٹ) شہدائے زہری کے شہادت کو 13 ویں برسی کو ملک بھر کی طرح ضلع خضدار بلوچستان کے طول و عرض اور ملک بھر میں عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا چھوٹے اور بڑے شہروں میں شہداء کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی اور دعائیہ تقاریب منعقد کی گئی۔ شہداء کی لازوال قربانیوں کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا گیا پیپلز پارٹی ضلع خضدار کے زیر اہتمام شہدائے زہری کے برسی کی مناسبت سے خلق جھالاوان خضدار میں ایک سادہ مگر پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جسکی صدارت ضلعی صدر میر عبدالرحمن زہری نے کی تقریب کے مہمان خاص ڈسٹرکٹ کونسل خضدار کے وائس چیئرمین میر محمد اقبال مینگل اور میر یاسر مینگل تھے تقریب کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے کیا گیا جس کی سعادت مفتی ہدایت اللہ زہری نے حاصل کی نظامت کے فرائض پارٹی کے سینئر رکن منیر احمد قمرانی نے انجام دی تقریب میں شہدائے زہری نوابزادہ بابا میر سکندر جان زہری شہید میر مہر اللہ خان زہری شہید میر زیب جان زہری شہید کی ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی اور اجتماعی دعا کی گئی تقریب میں پیپلز پارٹی کے کارکنان بڑی تعداد میں شریک ہو کر شہدائے زہری اور چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ زہری نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری کے ساتھ اپنے عقیدت اور محبت اور دلی جذبات کا اظہار کیا تقریب سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے شہدائے زہری اور نواب ثناء اللہ خان زہری کے خاندان کے بے مثال قربانیوں کو زبردست انداز میں خراج تحسین پیش کیا گیا رہنماؤں نے کہا کہ نوابزادہ بابا شہید سکندر جان زہری نے اپنے پھول جیسی جوانی کو ہمارے مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے قربان کردیا جب بھی بلوچ قوم اور وطن عزیز پر کوئی بھی مشکل وقت آیا ہے تو نواب زہری اور انکے خاندان نے صف اول میں اگر قوم کا حوصلہ بڑھایا ہے مقررین نے کہا ملک دشمن عناصر نے چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری کو اپنے ناپاک مذموم عزائم کے راستہ میں سب سے بڑی رکاوٹ سمجھتے تھے دہشت گردوں نے آج کے دن یہ خونی کھیل کھیلا گیا سانحہ زہری کے دشمن کا نام و نشان مٹ چکا ہے لیکن شہدائے زہری کا مشن شہزادہ جھالاوان نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری کی شکل میں اور نواب ثناء اللہ خان زہری کے مدبرانہ قیادت میں جاری ہے اور قیامت تک جاری رہیگا ہم رہبر بلوچ چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری کی جرات بہادری کو سلام پیش کرتے ہیں جس نے بابا سکندر زہری شہید جیسا پھول جیسا بیٹا کھو یا لیکن انکے عزائم میں کوئی لغزش پیدا نہیں ہوئی بلکہ دشمنوں کے بزدلانہ عزائم کے خلاف چٹان کی طرح ثابت قدم رہے تقریب سے پاکستان پیپلز پارٹی ضلع خضدار کے صدر میر عبدالرحمن زہری میر ذاکر علی باجوئی وڈیرہ مولا بخش جاموٹ میر جمعہ خان شکرانی میر عبداللہ آزاد زہری عتیق ساجدی حاجی عطاء اللہ موسیانی میر گہور خان غلامانی مفتی ہدایت اللہ زہری میر عبدالحمید غلامانی نے خطاب کیا

NOTICE INVITING TENDER

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB The EXECUTIVE ENGINEER PHE DIVISION MUSA KHAIL invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 2% for each work

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost
1	TSE-2526041022713	WATER SUPPLY SCHEME FAROOQ ABAD & JAN MUHAMMAD (SHAHEED) DISTRICT MUSAKHAIL UNDER BSDI PHASE-II FOR THE YEAR 2025-26	04 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	1,297,000
2	TSE-2526041022703	SUPPLY & INSTALLATION OF SOLAR SYSTEM 02.SETS FOR WATER SUPPLY SCHEME FAROOQ ABAD & JAN MUHAMMAD (SHAHEED) DISTRICT MUSAKHAIL UNDER BSDI PHASE-II FOR THE YEAR 2025-26	04 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,135,000
3	TSE-2526041022693	DRILLING & DEVELOPMENT OF BORES (02.NOS) FOR WATER SUPPLY SCHEME FAROOQ ABAD & JAN MUHAMMAD (SHAHEED) DISTRICT MUSAKHAIL UNDER BSDI PHASE-II FOR THE YEAR 2025-26	04 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	5,466,600

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-2526041022713, TSE- 2526041022703, TSE-2526041022693) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Address:** Headquarter Musa Khail city

Phone no: 0828611131 **Email:** xenphemusakhail@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER
PHE DIVISION MUSA KHAIL

PRQ No.4672/17-04-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB The Municipal Committee LORALAI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 2% for each work

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost
1	TSE-2526041023833	CONSTRUCTION OF MONUMENT-KARAKULI/QUAID CAP DESIGN AT JUNCTION OF DG KHAN-DUKI ROAD	04 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	13,547,731
2	TSE-2526041023883	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD, TUFF TILES, SEWERAGE LINE, PROVISION OF SOLAR PLATES TO POOR PEOPLE	04 May, 2026 11:00 AM	12:00 PM	64,813,486

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-2526041023883, TSE- 2526041023833) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Address:** Office of the municipal Committee Loralai

Phone no: 3337917291 **Email:** mohibbaloch@yahoo.com

Chief Officer
Municipal Committee LORALAI

AB No.1138/17-04-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

لورالائی: بجیب اللہ کا ڈی پی ایس اسکول میں صفائی نظام کا جائزہ

[illegible]

بقیہ 1 — وزیراعظم

صورتحال، بالخصوص مشرق وسطیٰ کے بدلتے ہوئے حالات پر گہری گفتگو کی۔ وزیراعظم نے ترک صدر کو جنگ بندی میں توسیع اور مذاکرات کی بحالی سے متعلق ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کیا۔ دونوں لیڈروں نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ عالمی و علاقائی حالات میں اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے دیرپا اور مستحکم امن کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ ملاقات میں پاکستان اور ترکیہ کے درمیان گہرے تاریخی اور برادرانہ تعلقات کا اعادہ کیا گیا اور دوطرفہ تعلقات میں ہونے والی مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے اتفاق کیا کہ اس سال کے آخر میں انقرہ میں "اعلیٰ سطحی تزویراتی تعاون کونسل (HLSCC)" کا آٹھواں اجلاس منعقد کیا جائے گا۔ مزید برآں، جاری منصوبوں پر عملدرآمد تیز کرنے اور اقتصادی تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے نئی راہیں تلاش کرنے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ دونوں لیڈروں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ امن و خوشحالی کے مشترکہ وژن کو آگے بڑھانے اور باہمی روابط کو مزید مستحکم کرنے کے لیے مل کر کام کرتے رہیں گے۔ ترک صدر رجب طیب اردوان نے انطالیہ ڈپلومیسی فورم کے آغاز پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم خطے میں امن کی کوششیں جاری رکھیں گے، اس فورم پر انسانیت کے مستقبل پر بات چیت ہوتی ہے، جنگ بندی کے باوجود 754 فلسطینی غزہ میں شہید ہوئے، غزہ نسل کشی ظاہر کرتی ہے عالمی نظام کس کو بچانے کیلئے ہے۔ ترک صدر کا کہنا تھا کہ اس جنگ بندی کو امن کے ایک موقع کے طور پر دیکھنا چاہیے، وزیراعظم پاکستان شہباز شریف کی کوششوں سے خطے میں جنگ رک گئی، ترکیہ خطے میں امن کیلئے کردار ادا کرنے کیلئے تیار ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے امریکی صدر کے سینئر مشیر برائے عرب و افریقی امور مسعد بولوس نے ملاقات کی جس میں خطے کی موجودہ صورتحال سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جمعہ کو جاری بیان کے مطابق یہ ملاقات انطالیہ میں منعقدہ پانچویں انطالیہ ڈپلومیسی فورم کے موقع پر ہوئی۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور ان کے ساتھ اپنی خوشگوار اور دوستانہ ملاقاتوں کو یاد کیا۔ انہوں نے صدر ٹرمپ کی جرأتمندانہ اور فیصلہ کن قیادت کو سراہا، جس کے نتیجے میں گزشتہ سال پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ کے دہانے پر پہنچنے کی صورتحال میں جنگ بندی ممکن ہوئی۔ وزیراعظم نے لبنان میں جنگ بندی کے کامیاب اختتام میں بھی صدر ٹرمپ کی قیادت کو سراہا۔ دونوں رہنماؤں نے علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا جس میں پاکستان کی امن کوششیں، جنگ بندی اور تاریخی اسلام آباد مذاکرات شامل تھے۔

بقیہ 2 — آبنائے ہرمز

بیان میں کہا کہ لبنان میں جنگ بندی کے بعد آبنائے ہرمز سیز فائر کی مدت کے دوران تجارتی بحری جہازوں کے لیے کھلی رہے گی۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ آبنائے ہرمز کمرشل شپنگ کے لیے مکمل طور پر کھول دی گئی، جنگ بندی کے دوران جہازوں کی آمد و رفت جاری رہے گی، ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں کو ایرانی پورٹ اور میری ٹائم آرگنائزیشن کے طے کردہ راستوں سے گزرنا ہوگا۔ دوسری جانب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھی ایرانی وزیر خارجہ کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے ایران کا شکریہ ادا کیا۔ سوشل میڈیا پر انہوں نے لکھا کہ ایران نے ابھی اعلان کیا ہے کہ آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھلی ہے اور مکمل آمد و رفت کے لیے تیار ہے۔ شکریہ! ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ٹروتھ سوشل پر ایک اور فالو اپ پوسٹ سامنے آئی، جس میں انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھلی ہے اور کاروبار کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے لکھا کہ لیکن ایران کے حوالے سے بحری ناکہ بندی پوری طاقت اور موثر انداز میں برقرار رہے گی، اور یہ اسی وقت تک جاری رہے گی جب تک ایران کے ساتھ ہمارا لین دین 100 فیصد مکمل نہیں ہو جاتا۔ امریکی صدر نے کہا کہ یہ عمل بہت تیزی سے مکمل ہونا چاہیے کیونکہ زیادہ تر نکات پہلے ہی طے پا چکے ہیں۔ اس معاملے پر توجہ دینے کا شکریہ! ایک اور ٹروتھ سوشل کی پوسٹ میں ٹرمپ نے اعلان کیا کہ امریکا ہمارے عظیم B-2 بمبار طیاروں کے ذریعے پیدا ہونے والی تمام (نیوکلیئر ڈسٹ) حاصل کرے گا۔ اس معاہدے میں کسی بھی صورت، شکل یا طریقے سے کوئی رقم کا لین دین نہیں ہوگا۔ ٹرمپ نے کہا کہ یہ معاہدہ کسی بھی طور پر لبنان سے مشروط نہیں ہے تاہم امریکا علیحدہ طور پر لبنان کے ساتھ کام کرے گا اور حزب اللہ کے معاملے کو مناسب انداز میں نمٹائے گا۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ اسرائیل اب لبنان پر مزید بمباری نہیں کرے گا۔ امریکا نے اسے ایسا کرنے سے سختی سے روک دیا ہے، اب بہت ہو چکا! اس سے قبل ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے جنگ بندی کے حصول میں کردار ادا کرنے پر پاکستان کا ایک مرتبہ پھر شکریہ ادا کیا۔ ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے کے مطابق صدر مسعود پزشکیان نے جنگ بندی کے حصول میں پاکستان کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد نے ثالثی کے عمل میں موثر کردار ادا کیا۔ دوسری جانب ایران کے وزیر خارجہ کی جانب سے آبنائے ہرمز جنگ بندی کی باقی مدت کے دوران تجارتی جہاز رانی کے لیے مکمل طور پر کھولے جانے کے اعلان کے بعد خام تیل کی قیمتوں میں تیزی سے کمی واقع ہوئی ہے۔ اس اعلان کے بعد برینٹ خام تیل کی قیمت کم ہو کر 90 ڈالر فی بیرل سے نیچے آ گئی، جبکہ دن کے اوائل میں یہ 98 ڈالر سے زائد تھی۔ ڈبلیو ٹی آئی (ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ) جو امریکہ کا معیاری خام تیل ہے، اس کی قیمت میں بھی نمایاں کمی دیکھی گئی۔ تنازعے سے قبل برینٹ خام تیل تقریباً 70 ڈالر فی بیرل سے کچھ کم پر ٹریڈ ہو رہا تھا۔ مارچ کے اوائل میں یہ 100 ڈالر سے تجاوز کر گیا اور اسی مہینے کے آخر میں 119 ڈالر سے بھی اوپر چلا گیا۔ تازہ ترین رپورٹ کے مطابق عالمی مارکیٹ میں ڈبلیو ٹی آئی خام تیل کی قیمت 11.17 فیصد کی کمی کے بعد 83.52 ڈالر فی بیرل ہو گئی۔ دوسری جانب برینٹ خام تیل کی قیمت 11.32 فیصد کی کمی کے بعد 88.07 ڈالر فی بیرل ہو گئی۔ ایک امریکی عہدیدار نے کہا کہ یہ امریکی تجویز ہے جبکہ دوسرے امریکی عہدیدار نے رقم کے بدلے یورینیم کی تجویز کو کئی زیر بحث نکات میں سے ایک قرار دیا۔ ویب سائٹ کے مطابق اسی دوران امریکا نے ایران سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنا تمام جوہری مواد امریکا منتقل کرے جبکہ ایران نے صرف اسے اپنے ملک میں ہی ڈاؤن بلینڈ (کم افزودہ) کرنے پر رضامندی ظاہر کی۔ ایگزیوس کا کہنا ہے کہ ایک زیر غور تجویز ہے کہ زیادہ افزودہ یورینیم کسی تیسرے ملک منتقل کیا جائے جبکہ باقی یورینیم کو ایران میں بین الاقوامی نگرانی کے تحت کم افزودہ کیا جائے۔ ویب سائٹ کے مطابق اس وقت زیر غور 3 صفحات پر مشتمل مفاہمتی یادداشت میں ایران کی جانب سے جوہری افزودگی پر رضاکارانہ پابندی بھی شامل ہے۔ ویب سائٹ کے مطابق امریکا نے مذاکرات کے آخری دور میں ایران سے جوہری افزودگی پر 20 سالہ پابندی کا مطالبہ کیا تھا جبکہ ایران نے 5 سال کی مدت تجویز کی اور ہو سکتا ہے اب بھی اس حوالے سے اختلاف کو کم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت ایران کو طبی مقاصد کیلئے نیوکلیئر ریسرچ ری ایکٹرز رکھنے کی اجازت ہوگی تاہم وہ اس بات کی یقین دہانی کرائے گا کہ اس کی تمام جوہری تنصیبات زمین کے اوپر ہوں گی جبکہ موجودہ زیر زمین تنصیبات غیر فعال رہیں گی۔ اس معاہدے میں آبنائے ہرمز سے متعلق امور بھی شامل ہیں تاہم ذرائع کے مطابق اس حوالے سے اب بھی اہم اختلافات موجود ہیں۔ یہ واضح نہیں کہ اس مفاہمتی یادداشت میں ایران کے بیلسٹک میزائل پروگرام اور خطے میں اس کے اتحادی گروپوں کی حمایت کا ذکر شامل ہے یا نہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر پاکستان، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا ہے اور کہا ہے کہ شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر زبردست شخصیات ہیں۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ پاکستان اور عظیم وزیراعظم شہباز شریف و فیلڈ مارشل کا شکریہ۔ شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر زبردست شخصیات ہیں۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی قیادت میں سفارتی کوششوں نے یہ جنگ بندی ممکن بنائی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ امن کی جانب مثبت پیش رفت ہے، امید ہے یہ جنگ بندی خطے میں دیرپا اور پائیدار امن کی راہ ہموار کرے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان لبنان کی خود مختاری اور علاقائی سالمیت کی مکمل حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں مستقل امن کے لیے تمام سفارتی اور سیاسی کوششوں کی حمایت جاری رکھیں گے۔ واضح رہے کہ ایران میں جنگ بندی کے بعد لبنان اور اسرائیل نے بھی جنگ بندی پر اتفاق کر لیا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مطابق ان کی لبنانی صدر جوزف عون اور اسرائیل کے وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو سے گفتگو ہوئی ہے، دونوں ممالک 10 دن کی جنگ بندی پر اتفاق کر چکے ہیں۔ امریکی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات میں نئی پیشرفت ہوئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق واشنگٹن نے ایران کے 20 ارب ڈالر کے منجمد اثاثے جاری کرنے پر رضامندی ظاہر کر دی ہے جبکہ بدلے میں ایران اپنے افزودہ یورینیم سے دستبردار ہوگا۔

بقیہ 3 — صدر مملکت

نے کہا کہ بلوچستان میں امن و ترقی کے لیے ریاستی کوششیں پوری قوت سے جاری ہیں۔ ملاقات میں پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر و سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج، چیف آف جھالاوان و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ زہری، سینیٹر میر عبدالقدوس بزنجو، سینیٹر بلال مندوخیل، حسنی بانو، رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی، رکن قومی اسمبلی ملک شاہ گورگیج، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ، صوبائی وزرا میر صادق عمرانی، ظہور بلیدی، بخت کاکڑ، حاجی علی مدد جتک، پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی، میر اصغر رند، مینا مجید، اسفند یار کاکڑ، فیصل جمالی، صمد گورگیج، مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری، رکن اسمبلی عبیداللہ گورگیج، بابا غلام رسول عمرانی، شہباز عمرانی، سابق صوبائی وزیر علی حسن زہری، پیپلز پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری ربانی کاکڑ، میر نعمت اللہ زہری اور دیگر نے شرکت کی۔

بقیہ 4 — پہلا جہاز

نامی افریمیکس آئل ٹینکر 13 اپریل کو امریکی ناکہ بندی کے آغاز کے بعد آبنائے ہرمز سے خام تیل لے کر نکلنے والا پہلا جہاز بن گیا ہے۔ یہ ٹینکر 16 اپریل کی رات خلیج فارس سے روانہ ہوا اور ایران کے جزیرے لارک کے جنوب سے گزرتا ہوا خلیج عمان میں داخل ہو گیا۔

بقیہ 5 — وزیراعلیٰ

حقیقی معنوں میں مقامی آبادی کو ریلیف مل سکے اس موقع پر میر عبدالکریم گسیتران نے بارکھان میں 50 بیڈڈ اسپتال سمیت دیگر اہم ترقیاتی منصوبوں کی منظوری اور پیش رفت پر وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ حکومت کی جانب سے جاری اقدامات سے علاقے میں بنیادی سہولیات کی فراہمی بہتر ہوگی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بارکھان سمیت پسماندہ علاقوں کی ترقی موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ نکو کے بعد بارکھان کو اپنا دوسرا گھر تصور کرتے ہیں اور علاقے کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صحت، تعلیم اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں اور ان شعبوں میں بہتری لانا حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہے۔

بقیہ 6 — گورنر

پاکستان اور صوبہ بلوچستان پورے خطے کیلئے جدت اور ترقی کے مرکز کے طور پر چمک رہے ہیں۔ ہم پاکستان کے روشن اور محفوظ مستقبل کے حوالے سے بہت پرامید ہیں۔ اس سیمینار کو وہ چنگاری بننے دیں جو دیرپا اقتصادی تبدیلی کی لہر کو بھڑکاتی ہے۔ ہم پاکستان کو ایک عالمی سرمایہ کاری کے پاور ہاؤس کے طور پر تصور کرتے ہیں جو جدیدیت اور باہمی تعاون کا حسین امتزاج بنے گا۔ ہر منصوبے کے ساتھ ہم تخلیق کاروں، اختراع کاروں اور بزنس لیڈرز کی ایک نسل کو فروغ دیتے ہیں اور اسکی بنیاد رکھتے ہیں جو تعمیر و ترقی کے جذبے کو ان طے شدہ حدود سے بہت آگے لے جائینگے۔ یہ ہمارے مستقبل کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کا بہترین وقت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چائنیز قونصلیٹ کراچی میں منعقدہ پاکستان چین انویسٹمنٹ سیمینار 2026 کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کراچی میں تعینات چینی قونصل جنرل یانگ یونڈونگ، ایاز بدرخان کاسی، صدر پاکستان چائنہ اکنامک اینڈ کلچرل کونسل، بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال کاکڑ سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد شریک تھے۔ شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہمیں محض معدنیات برآمد کرنے کی بجائے یہاں پراسیسنگ پلانٹس لگانے پر بھی توجہ مرکوز کرنی ہوگی تاکہ ہم پورے صوبے کو ایک جدید صنعتی مرکز میں تبدیل کرنے کے قابل بن سکیں۔

بقیہ 7 — آبنائے ہرمز بند

نے اس جنگ کے دوران ایران کو اسے دباؤ کے آلے کے طور پر استعمال کرنے کا موقع دیا، جہاں اس نے تنگ آبی راستے سے بعض جہازوں کو گزرنے سے روکا، جس کے نتیجے میں تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوا۔ یہ آبنائے شمال میں ایران اور جنوب میں عمان اور متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے درمیان واقع ہے۔

بقیہ 8 — محمود اچکزئی

کا فیصلہ کر لیا علیمہ خان نے محمود خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس پر سخت تنقید کی جس کے باعث انہوں نے شرکت سے انکار کیا۔ ذرائع کے مطابق محمود خان اچکزئی نے تحفظات ظاہر کیے ہیں کہ علیمہ خان کی وجہ سے کارکنان جارح ہیں، وہ جلسہ میں لیڈر شپ کے ساتھ بدتمیزی بھی کر سکتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی نے اپنا جلسہ اپنے ہی صوبہ میں کامیاب کروانے کے لیے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کو ٹاسک سونپ دیا، وزیراعلیٰ اتحادی اپوزیشن جماعتوں کو منانے کے لیے کوشاں ہیں لیکن تاحال کامیاب نہیں ہو سکے۔

بقیہ 9 — پابندی برقرار

متعلقہ نوٹیفکیشن کو قانونی طور پر برقرار رکھا ہے۔ عدالت کا فیصلہ جسٹس عامر فاروق نے انگریزی زبان میں جاری کیا، جس میں قرار دیا گیا کہ خارجہ پالیسی اور قومی سلامتی کے معاملات مکمل طور پر حکومت کے دائرہ اختیار میں آتے ہیں اور عدلیہ ان معاملات میں مداخلت نہیں کر سکتی۔ فیصلہ

بقیہ 10 — یورو بانڈز

کا اجرا پاکستان کی معیشت پر بحال ہوتے اعتماد کا مظہر ہے، عالمی سطح پر کشیدگی کے باوجود سرمایہ کاروں کی بھرپور دلچسپی حاصل ہوئی۔ دوسری جانب بانڈز کا اجرا پاکستان کی عالمی بانڈ مارکیٹس میں موجودگی کو مضبوط بنائے گا۔

بقیہ 11 — بھارتی عوام

کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ کے مطابق بھارت کی جانب سے 11 مارچ سے قبل خریدے گئے رعایتی تیل کے سودوں کی مدت اب ختم ہو چکی ہے۔

بقیہ 12 — پاک نیٹو

جنرل سید عامر رضا جبکہ نیٹو کی طرف سے ڈائریکٹر انٹرنیشنل ملٹری اسٹاف کو آپریٹو سیکیورٹی ڈویژن میجر جنرل ایرے انگوڈ نے قیادت کی۔

بقیہ 13 — بھارتی میڈیا

کا چوتھا دور اس سال فروری میں دوحہ میں ہوا تھا۔ بھارتی اخبار کے مطابق پہلی ٹریک ٹو میٹنگ مئی 2025 کی جنگ کے 2 ماہ بعد ہوئی، ان ملاقاتوں میں برطانوی تھنک ٹینک نے معاونت کی، ابتدائی ملاقاتوں میں ماحول خاصا کشیدہ تھا، تاہم بعد کی ملاقاتوں میں لہجہ نسبتاً نرم اور محتاط رہا۔ بھارتی اخبار کے مطابق مئی 2025 میں 4 روزہ شدید جھڑپوں کے بعد بھارت اور پاکستان کے درمیان باضابطہ روابط تقریباً ختم ہو چکے ہیں۔

بقیہ 14 — ڈونلڈ ٹرمپ

جب کہ اسے امریکا کی جانب سے واضح طور پر روک دیا گیا ہے۔ جمعے کے روز امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم سوشل ٹروتھ پر بیان دیتے ہوئے کہا کہ امریکا کو وہ تمام جوہری مواد حاصل ہوگا جو ان کے مطابق اسٹریٹجک بمبار طیاروں کے ذریعے تیار کیا گیا ہے اور اس کے بدلے کسی قسم کا مالی لین دین نہیں ہوگا۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ ان کے مطابق یہ معاملہ لبنان کی صورت حال سے الگ ہے اور امریکا لبنان کے ساتھ بھی علیحدہ طور پر تعاون کرے گا تاکہ وہاں موجود مسلح گروپ حزب اللہ کے مسئلے سے نمٹا جا سکے۔

بقیہ 15 — بڑا آپریشن

تعینات کیے۔ اس کے ساتھ ہی پاک فضائیہ نے فضائی نگرانی کے لیے ایئربورن وارننگ اینڈ کنٹرول سسٹم (اواکس) بھی استعمال کیا تاکہ اسلام آباد سے واپس جانے والے وفد کی سیکیورٹی یقینی بنائی جا سکے تاہم تہران کی جانب سے بریف کیے گئے ایک علاقائی سفارتکار نے کہا کہ پاکستان نے اس فضائی حفاظت پر اس وقت اصرار کیا جب ایرانی وفد نے سفر کے دوران کسی ممکنہ خطرے کے فرضی امکان کا ذکر کیا۔ کسی امکانی خطرے کے حوالے سے ایرانی وفد کے ساتھ جب وہ سفر کر رہے تھے اور پاکستانی ایئرفورس انہیں ایران پہنچانے کے لیے اسکارٹ کر رہا تھا کے بارے میں گفتگو اس سے قبل رپورٹ نہیں کی گئی تھی۔ اسرائیلی وزیراعظم کے دفتر نے فوری طور پر کمنٹس کی درخواست کا جواب نہیں دیا جبکہ جنیوا میں ایران کے مستقل مشن نے بھی فوری طور پر رد عمل کی درخواست کا جواب نہیں دیا۔ تاہم پاک فضائیہ اور فوج نے اس آپریشن سے متعلق سوالات کا جواب دیا۔

بقیہ 16 — ایرانی صدر

تحت ایرانی قوم کے حقوق برقرار رہنے چاہئیں، صدر پزشکیان نے کہا کہ امریکا اس تنازعے میں فاتح بن کر نہیں ابھرے گا، تنازعے سے خطے کے ممالک اور دنیا سنگین نقصانات اٹھائے گی۔ ایرانی صدر نے کہا کہ صیہونی رجیم اپنے عزائم کے تعاقب میں ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اسلامی امہ کا اتحاد صیہونی رجیم کے عزائم پورے ہونے سے روکے گا۔ صدر پزشکیان نے کہا کہ خطے کی سیکیورٹی خطے کے ممالک کو یقینی بنانا چاہیے۔

بقیہ 17 — انٹرنیٹ

لوڈشیڈنگ کے بعد موبائل نیٹ ورک اور انٹرنیٹ سروسز بھی شدید بحران کا شکار ہو گئیں۔ ٹیلی کام کمپنی کے ترجمان نے صارفین کو سروسز میں ممکنہ تعطل کے حوالے سے باقاعدہ آگاہ کر دیا ہے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ بجلی کی بار بار بندش اور طویل لوڈشیڈنگ ٹیلی کام انفرااسٹرکچر کے لیے بڑا چیلنج بن چکی ہے، شہروں میں زیادہ تر ٹیلی کام ٹاورز بیک اپ بیٹری سسٹم پر چلتے ہیں۔

بقیہ 18 — ایران

تاریخ ساز کاوشوں کو سراہا۔ اس موقع پر وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان خطے میں پائیدار امن اور استحکام چاہتا ہے، مشرق وسطیٰ تنازعہ کے دیرپا حل کیلئے مخلصانہ کوششیں کی جا رہی ہیں، جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں، ڈائیلاگ ہی میں تنازعات کا حل ہے۔

بقیہ 19 — عامر سہیل

سرغنہ عامر سہیل عرف مولوی حیدر نے اعتراف کیا کہ فتنۃ الخوارج میں پاکستان کے خلاف گمراہ کن پروپیگنڈے کی وجہ سے شامل ہوا۔ خارجی عامر سہیل اپنے حوالے سے بتایا کہ افغان صوبے پکتیکا میں فتنۃ الخوارج کے مرکز میں دہشت گردی کی تربیت حاصل کی، افغانستان میں فتنۃ الخوارج کے مراکز کو افغان طالبان کی مکمل پشت پناہی حاصل ہے۔

بقیہ 20 — بجلی کی قیمت

پرچیزنگ ایجنسی نے بجلی کی قیمت میں 26 پیسے فی یونٹ اضافے کیلئے نیپرا میں درخواست دائر کر دی، درخواست مارچ کی فیول کاسٹ ایڈجسٹمنٹ کی مد میں دائر کی گئی ہے۔ نیپرا سی پی پی اے کی درخواست پر 28 اپریل کو سماعت کرے گا۔

بقیہ 21 — بھائی جاں بحق

علاقے عبدالمجید اسٹریٹ میں رہائش پذیر سابق ڈپٹی ڈائریکٹر بلوچستان بورڈ عطاء اللہ کے گھر پر جمعہ کی شام کو گاڑی میں سوار نامعلوم شخص آیا اور دروازے پر دستک دی عطاء اللہ کا بڑا بیٹا سعادت اللہ باہر آیا تو وہ شخص تیغ کلامی کرنے لگا شور سن کر چھوٹا بیٹا امین اللہ بھی باہر آیا تو نامعلوم شخص نے ان پر فائرنگ کر دی اور گاڑی چھوڑ کر پیدل فرار ہو گیا فائرنگ کے نتیجے میں دونوں بھائی موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے

بقیہ 22 — سہولت ختم

کر دی گئی ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ ایکس پر ایک بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ معزز عدالت نے پاور ڈویژن کی عرضی کو قبول فرمایا فری یونٹس کا خاتمہ عوام کا سب سے پرانا اور دیرینہ مطالبہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اس مطالبے کو پورا کرنے کا اعزاز ہمیں عطا فرمایا، انشاء اللہ ہر وہ اقدام ضرور کریں گے جو ملک اور قوم کی اجتماعی بہتری کے لیے ہو۔ لاہور ہائیکورٹ نیوا پڈا اور پاور کمپنیوں کے گریڈ 17 کے افسران کی فری بجلی یونٹس ختم کرنے کے خلاف درخواستوں پر فیصلہ جاری کیا تھا۔ عدالت نے فری بجلی یونٹس ختم کرنے کا وزارت انرجی کا فیصلہ درست قرار دیتے ہوئے درخواستیں خارج کر دیں۔

بقیہ 23 — دہشتگرد

کراچی میں بڑی کارروائی کی منصوبہ بندی کر رہے تھے، گرفتار ملزمان میں عمران ولد علی محمد اور دیگر شامل ہیں، دہشتگردوں سے 30 بور پستول اور 18 گولیاں برآمد ہوئیں۔ سی ٹی ڈی حکام کا مزید کہنا تھا کہ اسلحہ شہر میں تخریب کاری کے لیے استعمال ہونا تھا، ملزمان کے خلاف مقدمات درج، مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 24 — رول اوور

تقریب امریکی دارالحکومت واشنگٹن ڈی سی میں ہوئی، جس میں وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے شرکت کی۔ جب کہ امریکا میں پاکستان کے

شرپسند عناصر پاکستان کیخلاف پروپیگنڈہ کر رہے ہیں' صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی

بھارت ہمیشہ الزام عائد کرتا رہا کہ پاکستان خطے میں دہشتگردی پھیلا رہا ہے، وہ خود نہیں چاہتا خطے میں امن قائم ہو' سردار مسعود لونی

فیلڈ مارشل نے واضح کر دیا کہ پاکستان خطے میں امن برقرار اور دہشتگردی کے خاتمے کیلئے ہمہ وقت کوشاں رہے گا' سلیم کھوسہ

[illegible] ...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ایم این اے امان اللہ کنرانی سے [illegible] ملاقات کر رہے ہیں

پوپ کی تقریر پر ٹرمپ کا ردعمل قابل مذمت ہے' امان اللہ کنرانی

دنیا میں امن کو فروغ دینے اور انسانی حقوق کے تحفظ کی ضرورت ہے [illegible]

کوئٹہ (آن لائن) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن پاکستان کے سابق صدر سینیٹر (ر) امان اللہ کنرانی نے جمعہ 17 اپریل کو ایک بیان میں کیتھولک مسیحی پوپ لیو کے کیمرون میں 16 اپریل کو مقامی چرچ کے مقامی لوگوں سے خطاب کا خیر مقدم کیا ہے جس میں انہوں نے زمان و مکان سے قطع نظر امن کو فروغ دینے اور جنگ سے احتراز کرنے کا درس دیا ہے اور اس کے اثرات کو تباہ کن بتاتے ہوئے تباہی لمحوں میں تعمیر صدیوں میں ہونے کی طرف متوجہ کیا ہے پوپ ...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

ذوالقعدہ 1447ھ ہجری کا چاند آج دیکھا جائے گا

[illegible] ...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

امیر حمزہ زہری کے اعزاز میں قائد حزب اختلاف کی جانب سے عشائیہ

مشیر بلدیات اور اراکین اسمبلی کے درمیان مختلف سیاسی و ترقیاتی امور پر گفتگو

[illegible] ...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں انسداد پولیو مہم 5 ویں روز بھی جاری رہی

مہم میں 11 ہزار سے زائد ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں، ایمرجنسی آپریشن سینٹر

[illegible] ...... شرکت کو یقینی بنائیں۔

مسلم لیگی قیادت نے ملک کو بحرانوں سے نکال دیا، جمال شاہ کاکڑ

ملک کی خدمت ہم سب کا فرض' کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے' رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) جمال شاہ کاکڑ کی خصوصی ملاقاتیں پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی نے پارٹی کے مخلص اراکین کارکنان اور عہدیداران سے خصوصی ملاقاتیں کی ملاقاتوں میں بلوچستان بھر سے پارٹی کے سینئر شخصی اراکین صوبائی مختلف ڈویژن اور اضلاع کے عہدیداران بھی موجود تھے پارٹی اراکین نے ان کی خیریت دریافت کی اور اپنے نیک خواہشات کا اظہار کیا اس موقع پر جمال شاہ کاکڑ نے ...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

ایکسائز کے 2 اہلکار مبینہ رشوت ستانی کے الزام میں معطل

اہلکاروں نے زمباد گاڑیوں کے ڈرائیوروں کو دھمکیاں دے کر فی کس 250000 وصول کئے

اسسٹنٹ ای ٹی او حسن ناصر رودینی اور انسپکٹر وقاص احمد نوتیزئی کو فوری معطل کر دیا گیا' سیکرٹری ایکسائز

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے دو اہلکاروں کو مبینہ رشوت ستانی کے الزام میں معطل کر دیا کرتے ہوئے واقعہ کی تحقیقات کے لئے انکوائری کا حکم دے دیا گیا ہے سیکرٹری ایکسائز ٹیکسیشن و انسداد منشیات سید ظفر علی بخاری کے جاری کردہ حکم کے مطابق سوشل میڈیا پر موصول ہونے والی اطلاعات میں الزام عائد کیا ...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

جعفر ایکسپریس سے ایرانی کرنسی اسمگل کرنیکی کوشش ناکام' ملزم گرفتار

ملزم محمد ظفر اقبال کو ریلویز پولیس نے مشتبہ پا کر تلاشی لی، کھجور کے ڈبوں میں 1 ارب 70 کروڑ کی ایرانی کرنسی چھپائی گئی تھی

پولیس نے ملزم اور برآمد شدہ کرنسی ایف آئی اے کوئٹہ کے حوالے کر دی، کامیاب کارروائی پر آئی جی ریلویز کی ٹیم کو مبارکباد

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ریلویز پولیس نے ایک بڑی کارروائی کرتے ہوئے ریلوے اسٹیشن کوئٹہ سے ایرانی کرنسی کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بناتے ہوئے بھاری ایرانی کرنسی برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق، آج مورخہ 17 اپریل 2026 کو دوران چیکنگ ایس ایچ او محمد شہباز نے اپنی ٹیم محمد قدیر (ہیڈ کانسٹیبل) اور محمد اکرم (ہیڈ کانسٹیبل) کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ایک مشتبہ شخص کو حراست میں لیا۔ ٹیم نے تلاشی کے دوران ملزم کے قبضے سے کھجور کے ڈبے میں مہارت سے چھپائی گئی ایرانی کرنسی برآمد کی جس کی مالیت تقریباً 1 ارب 70 کروڑ ایرانی کرنسی ہے۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزم ایرانی ...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ڈی سی عبداللہ بادینی انسداد پولیو مہم کی کارکردگی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حلقہ انتخاب کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے کوشاں ہیں' نور محمد دمڑ

ہرنائی اسپین تنگی شاہراہ منصوبے کی خود نگرانی کریں گے' صوبائی وزیر خوراک

ہم بلند و بانگ دعوے نہیں عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں

ہرنائی (این این آئی) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ حلقہ انتخاب کے اضلاع کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے دن رات کوشاں ہیں ہرنائی اسپین تنگی روڈ جو کہ 75 کروڑ کا منصوبہ تھا جسے میں نے منظور کروایا تھا اور باقاعدہ اس کا افتتاح ہمارے مقررہ کردہ ڈسٹرکٹ فوکل پرسن حاجی باز محمد دمڑ محکمہ سی اینڈ ڈبلیو روڈ ...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

حافظ نعیم کی پیپلز پارٹی پر تنقید، حق دو کراچی تحریک پر دھمکیوں کا الزام

کیا کل حق دو کراچی کا نعرہ لگانے پر شہریوں کو گرفتار بھی کیا جائے گا؟ امیر جماعت اسلامی

کراچی (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے الزام عائد کیا ہے کہ پیپلز پارٹی کراچی میں حق دو کراچی کے بینرز چھاپنے پر دکانیں سیل کرنے کی دھمکیاں دے رہی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ کیا کل حق دو کراچی کا نعرہ لگانے پر شہریوں کو گرفتار بھی کیا جائے گا؟ انہوں نے کہا کہ یہ طرز عمل فسطائیت اور فاشزم کے مترادف ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے پیپلز پارٹی کی کارکردگی پر تنقید کرتے ...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت قرض ادائیگی کیلئے عوام کو قربانی کا بکرا بنا رہی ہے' پشتونخوا نیپ

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ واپس' گیس پریشر درست اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کیا جائے' نصر اللہ زیرے

فارم 47 کی حکومت نے ایران' اسرائیل جنگ کو جواز بنا کر عوام پر پیٹرول و ڈیزل بم گرا دیا' محمد عیسیٰ روشان

صوبے میں امن و امان دگرگوں' شہری اذیت ناک صورتحال سے دوچار ہیں' پریس کلب کے سامنے مظاہرین سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے اور پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان نے کہا ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں فوری پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ واپس لیں، گیس پریشر میں کمی اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کریں، حکومتی اور سیکورٹی اخراجات میں کمی لا کر عوام پر مسلط ٹیکسوں کا بوجھ کم کیا جائے، صوبے میں امن وا ...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: نواب ایاز جوگیزئی و دیگر شہید عثمان کاکڑ کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ایکسائز کی کارروائی' قلعہ عبداللہ میں 100 ایکڑ پر مشتمل افیون کی کاشت تلف

ڈرون ٹیم نے مشتبہ علاقوں کی فضائی نگرانی کرتے ہوئے فصل کی درست نشاندہی کی

منشیات کے خاتمے کیلئے مربوط حکمت عملی کے تحت اقدامات جاری ہیں' سیکرٹری ایکسائز

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ میں منشیات کے خلاف بڑی کارروائی کے دوران 100 ایکڑ سے زائد رقبے پر کاشت کی گئی افیون کی فصل کو تلف کر دی گئی، کارروائی خفیہ اطلاعات، مربوط حکمت عملی اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے تحت کی گئی محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے حکام کے مطابق آپریشن کے دوران ایکسائز کی ڈرون ٹیم نے مشتبہ علاقوں کی فضائی نگرانی کرتے ہوئے غیر قانونی فصل کی درست نشاندہی کی، جس کے بعد زمینی ٹیموں ...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

چاغی میں نایاب ہرنوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ریکارڈ

جنگلی حیات کی افزائش نسل کی محکمانہ کاوشوں کے مثبت نتائج ملنے لگے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے ضلع چاغی ہرنوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق پہاڑی اور قدرتی ماحول میں ہرنوں کے بڑے بڑے جھنڈ آزادانہ طور پر نقل و حرکت کرتے دیکھے جا رہے ہیں، جو علاقے میں ماحولیاتی بہتری اور محفوظ مساکن کی نشاندہی کرتے ہیں۔ حکام کے مطابق محکمہ کی مؤثر حکمت عملی اور فیلڈ ٹیموں کی مسلسل کوششوں کے باعث صوبے میں جنگلی حیات کے تحفظ اور افزائش نسل کے حوالے سے مثبت نتائج ...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

قومی ہم آہنگی اندرونی و بیرونی چیلنجز سے نمٹنے کی اصل قوت ہے' مولانا عبدالواسع

خطے میں تیزی سے بدلتی ہوئی جغرافیائی و سیاسی صورتحال میں پاکستان کا کردار مزید نمایاں ہو چکا' صوبائی امیر جمعیت علماء اسلام

قائد جمعیت کی فہم و دانش نے ہمیشہ بروقت رہنمائی فراہم کی، جو آج بھی پیچیدہ معاملات کے حل میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے

آبنائے ہرمز کے کھلنے اور عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے بعد حکومت فوری اس کے ثمرات عوام تک منتقل کرے' سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پاکستان آج عالمی منظرنامے میں جس مقام اور شناخت کے ساتھ ابھر رہا ہے، وہ محض اتفاق نہیں بلکہ اس کی اسٹریٹجک اہمیت، نظریاتی بنیادوں کی مضبوطی اور ایٹمی قوت ہونے کا مظہر ہے ان کا کہنا تھا کہ خطے میں تیزی سے بدلتی ہوئی جغرافیائی و سیاسی صورتحال میں پاکستان کا کردار مزید نمایاں ہو چکا ہے، اور یہی وہ مقام ہے جس کی بحالی اور استحکام کیلئے جمعیت علماء اسلام اور اس کی قیادت ہمیشہ کوشاں رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی ...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

ایم پی اے زرک خان مندوخیل سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ' چین و پاکستان کے درمیان ورچوئل سمپوزیم منعقد

ماہرین نے سیکھنے کے عمل کو براہ راست آپریشنل ماحول کے ساتھ مربوط کیا

اقدامات کا مقصد مہارتوں کو مقامی سطح پر منتقل کرنا ہے' ژانگ ژی جون

کوئٹہ (آن لائن) چین اور پاکستان کے درمیان ایک ورچوئل سمپوزیم گزشتہ روز منعقد ہوا، جس میں دونوں ممالک کے ملازمین نے سرحدوں سے بالاتر ہو کر تجربات اور کامیابیوں کا بامعنی تبادلہ کیا۔ یہ تقریب چینی تکنیکی ماہرین لیو گوانگ یوان اور وانگ فینگ جنہ کیلئے ایک باقاعدہ الوداعی موقع بھی تھی، جبکہ اس دوران پاکستانی ملازمین کی گزشتہ ایک سا ...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

اڈوں کی بندش کی خبروں میں صداقت نہیں ہے، اسلام آباد پولیس

بین الاضلاعی پبلک ٹرانسپورٹ کی بندش کے متعلق پیشگی اطلاع دی جائے گی، ترجمان

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ترجمان اسلام آباد پولیس نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں اڈوں کی بندش کی خبروں میں صداقت نہ ہے۔ ترجمان اسلام آباد پولیس نے کہا کہ اسلام آباد میں بین الاضلاعی ٹرانسپورٹ معمول کے مطابق چل رہی ہے، اڈوں اور بین الاضلاعی پبلک ٹرانسپورٹ کی بندش کے متعلق پیشگی اطلاع دی جائے گی۔ ترجمان نے کہا کہ ٹریفک کی صورتحال کے متعلق مصدقہ خبروں کے لئے اسلام آباد ٹریفک پولیس کا وٹس ایپ چینل فالو کریں ...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

پبلک سروس کمیشن کا سیکڑوں اسامیوں پر نئی بھرتیوں کا اعلان

اسامیوں کی تقسیم میں صوبائی، علاقائی، خواتین اور اقلیتی تناسب کو مدنظر رکھا گیا

اسلام آباد (شاکر رحمان) فیڈرل پبلک کمیشن (ایف پی ایس سی) نے سینٹرل سپیریئر سروسز (سی ایس ایس) 2025 کے لیے نئی اسامیوں کا اعلان کر دیا ہے، جس میں اوپن میرٹ، صوبائی، خواتین اور اقلیتی کوٹہ شامل ہے اور مذکورہ تعیناتیاں پولیس، فارن سروس، آفس مینجمنٹ سمیت دیگر شعبوں میں ہوں گی۔ ایف پی ایس سی کی جانب سے جاری اشتہار میں بتایا گیا ہے کہ سی ایس ایس 2025 کے لیے اشتہار جاری کر دیا ہے اور مجموعی طور پر 327 ...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

رحمن بابا ایکسپریس میں آتشزدگی، ریلوے پولیس اہلکار جاں بحق

پاکستان ایکسپریس شورکوٹ کینٹ ریلوے سٹیشن پر حادثے سے بال بال بچ گئی

کراچی (م ڈ) کراچی سے پشاور جانے والی رحمن بابا ایکسپریس کے انجن میں آگ بھڑک اٹھی، ریلوے پولیس اہلکار دھوئیں سے شدید متاثر ہو کر جاں بحق ہو گیا۔ تفصیل کے مطابق کراچی سے پشاور جانے والی رحمن بابا ایکسپریس کے انجن میں کراچی سے تقریباً 55 کلومیٹر کے فاصلے پر گدر اور دھابیجی سٹیشن کے درمیان آگ بھڑکی، قابو پانے کے دوران ڈیوٹی پر موجود ریلوے پولیس کراچی ڈویژن کے انسپکٹر مختیار مہر آگ بجھانے کے دوران ...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

یکم ذوالقعدہ 19 اپریل بروز اتوار ہونے کی توقع ہے، سپارکو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپارکو نے کہا ہے کہ (آج) 18 اپریل کو ذوالقعدہ کا چاند نظر آنے کے روشن امکانات ہیں، یکم ذوالقعدہ 19 اپریل بروز اتوار ہونے کی توقع ہے۔ ترجمان کے مطابق نیا چاند 17 اپریل کی صبح 4 بج کر 52 منٹ پر پیدا ہو چکا ہے، 18 اپریل کو غروب آفتاب کے وقت چاند کی عمر 26 گھنٹے سے زائد ہوگی، ساحلی علاقوں میں چاند نظر آنے کا وقت 81 منٹ تک ہوگا۔ ترجمان سپارکو کے مطابق نئے اسلامی مہینے کا حتمی اعلان رویت ہلال کمیٹی کرے گی

برطانوی وزیراعظم کا آبنائے ہرمز کھلنے کا خیر مقدم

دفاعی مشن آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کی حفاظت کیلئے کام کرے گا، پریس کانفرنس

لندن (م ڈ) برطانوی وزیراعظم سر کیئر اسٹارمر نے آبنائے ہرمز کھولنے کے اعلان کا خیر مقدم کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق پیرس میں پریس کانفرنس کے دوران برطانوی وزیراعظم نے کہا کہ آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنا ایک عالمی ضرورت اور ذمے داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم آبنائے ہرمز کھولنے کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہیں، اہم آبی گزرگاہ کو دوبارہ کھولنا ایک ایسے مستقل اور قابل عمل منصوبے پر ہونا چاہیے جو طویل مدت تک چل سکے۔ سر ...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

رجب بٹ کا نام سفری پابندی کی فہرست سے نکالنے کے کیس میں اہم پیش رفت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ میں ٹک ٹاکر و یوٹیوبر رجب بٹ کا نام سفری پابندی کی فہرست سے نکالنے کے کیس میں اہم پیش رفت سامنے آ گئی۔ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے رجب بٹ کا نام سفری پابندی کی فہرست سے نکالنے کا جواب جمع کروا دیا۔ جواب میں کہا گیا کہ ایڈیشنل ڈائریکٹر لاہور زون نے ڈائریکٹر آپریشنز کو رجب علی کا نام پی سی ایل سے نکالنے کے لئے مراسلہ ارسال کر دیا۔ این سی سی آئی اے نے اپنے جواب میں کہا کہ رجب علی انکوائری میں شامل ہو چکے ہیں، رجب بٹ کا نام پی سی ایل سے نکالنے پر کوئی اعتراض نہیں

جمعیت مظلوم طبقات کی توانا آواز ہے' مولانا عبدالرحمان رفیق

باطل قوتیں نوجوانوں کو دین سے دور کرنے کی سازشوں میں مصروف ہیں' مین اللہ شمس

جماعت نے ہر دور میں قومی مفادات کے تحفظ کیلئے جدوجہد کی' مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی مین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل، شاہ زاہد مشوانی اور دیگر رہنماؤں نے ...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

بنو قابل پروگرام جدید تعلیم سے آراستہ کرنیکا اہم ذریعہ ہے' مولانا ہدایت الرحمن

پروگرام کے ذریعے نوجوانوں کو بااختیار بنایا جا رہا ہے جو بلوچستان کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کریں گے' صوبائی امیر جماعت اسلامی

پروگرام کی کامیابی یقینی اور ثمرات زیادہ سے زیادہ نوجوانوں تک پہنچائیں' زیر صدارت اجلاس میں ذمہ داران کو ہدایت

کوئٹہ (آن لائن) بنو قابل بلوچستان کی ریجنل مینجمنٹ کمیٹی کا ایک اہم اجلاس الحمد اسلامک یونیورسٹی، ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ میں منعقد ہوا، جس کی صدارت امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان نے کی۔ اجلاس میں نائب امیر صوبہ و رئیس الحمد اسلامک یونیورسٹی ڈاکٹر عقیل روشن، ناظمہ جماعت اسلامی خواتین بلوچستان شازیہ عبداللہ، جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی بلوچستان مرتضیٰ خان کاکڑ، امیر جماعت اسلامی کوئٹہ عبدالنعیم رند، سیکرٹری الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان عثمان خان کاکڑ، ڈ ...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس کے 1139 اہلکاروں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا' آئی جی بلوچستان

گزشتہ سال سے جاری خصوصی مہم کے دوران 780 اشتہاری 1466 مفرور اور 1404 جرائم پیشہ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے' محمد طاہر خان

مطلوب ملزمان کے جرائم کی فہرست کا تبادلہ دیگر صوبوں سے بھی کیا جا رہا ہے' 26 مغوی بازیاب کرائے

[illegible] ...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: سلطان ماننگ کمپنی [illegible]

خضدار' منشیات سمگلنگ کی کوشش ناکام' 20 کلو چرس برآمد

ملزمان اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے' حکام

خضدار (خ ن) ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس ڈیپارٹمنٹ نے ایک مؤثر اور بروقت کارروائی کے دوران منشیات اسمگلنگ کی بڑی کوشش ناکام بناتے ہوئے 20 کلوگرام چرس برآمد کر لی۔ محکمہ ایکسائز کے ترجمان کے مطابق یہ کارروائی ڈائریکٹر جنرل ساؤتھ زون محمد زمان خان کی خصوصی ہدایات پر عمل میں لائی گئی۔ کارروائی کی قیادت ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر سلیم نے کی جبکہ نارکوٹکس انچارج ای میر ذاکر باجوی، انسپکٹر ممتاز ...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

خاران سے 1 شخص کی لاش برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) خاران کے علاقے سے ایک شخص کی لاش برآمد ہوئی جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز خاران سے ایک شخص کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا نعش کی شناخت محمد اشرف سکنہ زرد نام سے کی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی خاران پولیس کر رہی ہے۔

کوئٹہ' قوانین کی خلاف ورزی پر 4 واٹر پلانٹس سیل

بعض یونٹس میں پراسیسنگ ایریا میں پالتو پرندوں کی موجودگی پائی گئی' بی ایف اے

کوئٹہ (خ ن) ناقص و غیر محفوظ بوتل بند پانی کی فراہمی کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جاری کارروائیوں کے دوران قوانین کی سنگین خلاف ورزیوں پر 4 واٹر پلانٹس کو سیل کر دیا گیا۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے ڈائریکٹر آپریشنز محمد ریاض کی سربراہی میں میکانگی روڈ، شاہ کشاہ روڈ، موتی رام روڈ، ہزارہ ٹاؤن اور اسپنی روڈ میں واٹر پیوریفیکیشن پلانٹس کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے غیر ...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

بجلی بحران: سابق نگران وفاقی وزیر اعداد و شمار سامنے لے آئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق نگران وفاقی وزیر گوہر اعجاز نے کہا کہ پاکستان میں بجلی بحران صلاحیت کا نہیں انتظام کا مسئلہ ہے۔ گوہر اعجاز نے پاکستان میں جاری بجلی بحران بارے اعداد و شمار سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر شیئر کر دیے۔ سابق نگران وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ حیران کن ہے کہ 46,605 میگاواٹ نصب شدہ صلاحیت کے باوجود صنعت کو 2 سے 4 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ کا سامنا ہے

تمبو، ڈی ایم جمالی اور ڈیرہ بگٹی میں واقعات' فائرنگ سے خاتون جاں بحق

گوٹھ غفور میں علی مراد اور طالب علم وسیم بگٹی موٹر سائیکل سے گر کر زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو، ڈیرہ مراد جمالی اور ڈیرہ بگٹی مختلف واقعات فائرنگ سے خاتون جاں بحق جبکہ ایک بچے سمیت دو افراد زخمی ہو گئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ بگٹی سوئی میں نامعلوم مسلح ڈاکوؤں کی گھر میں فائرنگ سے ...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ایڈیشنل مجسٹریٹ صدر محمد حبیب سردار امتحانی مرکز کا معائنہ کر رہے ہیں

امریکہ ایران مذاکرات' اگر اصرف چند نکات پر اتفاق ہونا باقی ہے' اسحاق ڈار

47 سال بعد ایران، امریکہ مذاکرات کی ثالثی پاکستان کیلئے قابل فخر ہے، تنازعے کی وجہ سے اس خطے کی معیشت اور تجارت متاثر ہوئی

ہم پہلے دن سے ایران امریکہ تنازعے کو حل کرنے کے لیے سفارتی کوششیں کر رہے ہیں، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کا اظہار خیال

اسلام آباد (زاہد احمد خان) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ امریکا اور ایران مذاکرات میں صرف چند نکات پر اتفاق ہونا باقی ہے۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے انطالیہ ڈپلومیسی فورم میں مباحثہ میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہم پہلے دن سے ایران امریکہ تنازعے کو حل کرنے کے لیے سفارتی کوششیں کر رہے ہیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ 47 سال کے بعد ایران، امریکہ مذاکرات کی ثالثی پاکستان کے لیے قابل فخر ہے، ایران امریکا تنازعے کی وجہ سے اس خطے کی معیشت اور تجارت متاثر ہوئی ہے۔ نائب وزیراعظم ...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی، عجب اللہ اچکزئی، عبدالمالک کاکڑ، اصغر باچا خان ملک شکور کاکڑ مسلم باغ میں شہید عثمان خان کاکڑ کی والدہ و ایم این اے خوشحال خان کاکڑ کی دادی کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں۔

سرکاری اداروں کے 1000 ارب روپے سنگل ٹریژری اکاؤنٹ سے باہر ہونیکا انکشاف

ملک کے ریاستی ادارے سرکار کے پیسے پر ہی حکومت سے منافع لے کر خود کھا رہے ہیں، سینیٹر انوشہ رحمان

قائمہ کمیٹی ارکان نے قومی خزانے کے ساتھ سنگین مذاق قرار دیدیا، وزارت خزانہ سے مکمل رپورٹ طلب

اسلام آباد (شاکر رحمان) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ میں سرکاری ملکیتی اداروں کے 1 ہزار ارب روپے سنگل ٹریژری اکاؤنٹ سے باہر ہونے کا انکشاف ہوا ہے، جس پر کمیٹی ارکان نے اسے قومی خزانے کے ساتھ سنگین مذاق قرار دے دیا۔ سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزارت خزانہ اور کمیٹی ارکان نے بتایا ہے کہ سرکاری ملکیتی ادارے قومی خزانے کے اربوں روپے اپنے ذاتی اکاؤنٹس میں رکھ کر منافع کما رہے ہیں۔ قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں انکشاف ہوا کہ سرکاری ادا ...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی میں بڑی کارروائی، حوالہ ہنڈی میں ملوث 5 ملزم گرفتار

کراچی (بیورو رپورٹ) ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل کراچی نے کارروائی کے دوران حوالہ ہنڈی میں ملوث 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق حوالہ ہنڈی کے منظم نیٹ ورک کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل کراچی نے ایم اے جناح روڈ کے قریب فلک ناز ٹاور کراچی میں واقع دفتر پر چھاپہ مار کارروائی کی اور اس دوران متعدد افراد کو غیر قانونی حوالہ ہنڈی کے کاروبار میں ملوث پایا گیا۔

کوئٹہ: جمعیت کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع سے وفد ملاقات کر رہا ہے

منچلوں نے سوشل میڈیا پر جے ڈی وینس کو پاکستانی بنا دیا

امریکی نائب صدر کو کہیں چپلی کباب کھاتے تو کہیں پاڑے کے پیکٹ پر بھی دکھایا گیا

اسلام آباد (م ڈ) امریکا ایران مذاکرات کے پہلے مرحلے کیلئے اسلام آباد آنے والے امریکی نائب صدر جے ڈی وینس اور اگلے مرحلے کیلئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی متوقع پاکستان آمد کے حوالے سے سوشل میڈیا پر میمز کا طوفان آ گیا۔ ان میمز میں پاکستانیوں نے امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کو اپنا بنا لیا۔ آرٹیفیشل انٹیلی جنس (AI) کی تخلیقی دنیا میں جے ڈی وینس پاکستانیوں کے رنگ میں رنگ گئے جہاں انہیں کہیں بیف کڑاہی اور انڈا پراٹھا کھاتے ہوئے ...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

لبنان اور ایران سے جنگ بندی، اسرائیل میں معمولات زندگی بحال

بیروت (م ڈ) اسرائیل نے لبنان سے جنگ بندی کے نفاذ کے بعد ملک بھر میں عائد ہنگامی پابندیاں ختم کرنے کا اعلان کر دیا جس کے بعد معمولات زندگی بتدریج بحال ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی فوج کے ہوم فرنٹ کمانڈ کے بیان میں کہا گیا کہ اب پورے ملک میں مکمل سماجی اور معاشی سرگرمیوں کی اجازت دے دی گئی ہے جس کے تحت تعلیمی ادارے، دفاتر اور عوامی سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری رہ سکیں گی تاہم شمالی اسرائیل کے سرحدی یا فرنٹ لائن علاقوں میں عارضی طور پر احتیاطی اقدامات برقرار رکھے گئے ہیں

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی سے مہنگائی بھی کم ہو گئی

ہفتہ وار مہنگائی میں 0.69 فیصد کی ریکارڈ، مجموعی سالانہ شرح 12.6 فیصد پر آ گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں ڈیزل اور پیٹرول کی قیمتوں میں حالیہ کمی کے اثرات سامنے آنا شروع ہو گئے، ہفتہ وار مہنگائی میں 0.69 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، مجموعی سالانہ شرح 12.16 فیصد پر آ گئی۔ وفاقی ادارہ شماریات کی مہنگائی سے متعلق جاری ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق حالیہ ہفتے ڈیزل 25.77 فیصد اور پیٹرول 3.10 فیصد سستا ہوا جبکہ ایل پی جی کی قیمتوں میں بھی 4.15 فیصد کمی دیکھنے میں آئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ 1 ہفتے کے دورا ...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کے حقوق کے تحفظ کیلئے آواز بلند کرتے رہیں گے' زمرک اچکزئی

عوامی نیشنل پارٹی کسی صورت بلوچستان کے عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گی

صوبے میں گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ قابل مذمت ہے' پارلیمانی لیڈر

میزئی اڈہ (نامہ نگار) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی ہمیشہ عوام کے حقوق کے تحفظ کیلئے آواز بلند کرتی رہے گی اور کسی بھی صورت میں بلوچستان کے عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گی انہوں نے کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں گیس کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ میں اضافے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ عمل نہ صرف عوام کے ساتھ ناانصافی ہے بلکہ صوبے کے بنیادی حقوق کی بھی کھلی خلاف ورزی ہے انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان ...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

پن بجلی کی پیداوار میں 2300 میگاواٹ اضافہ

بہتری سے لوڈ مینجمنٹ کا دورانیہ کم ہو کر ڈھائی سے تین گھنٹے رہ گیا، پاور ڈویژن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاور ڈویژن نے بتایا ہے کہ ڈیموں سے پانی کے اخراج میں اضافے کے باعث پن بجلی کی پیداوار میں 2300 میگاواٹ کا بڑا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اس بہتری سے لوڈ مینجمنٹ کا دورانیہ 6 گھنٹے سے کم ہو کر ڈھائی سے تین گھنٹے رہ گیا۔ ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق گزشتہ رات ڈیموں سے پانی کا اخراج آٹھ ہزار کیوسک سے بڑھا کر 30 ہزار کیوسک کر دیا گیا۔ اس سے پن بجلی کی پیداوار 1800 ...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی، نالے میں گرنے سے 3 افراد جاں بحق

کراچی (م ڈ) کراچی کے علاقے لیاری میں نالے میں گرنے سے 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ترجمان ریسکیو 1122 نے بتایا کہ لیاری سیکٹر 36 میں 3 افراد نالے میں گر گئے تھے، جنہیں نکال لیا گیا۔ ریسکیو ادارے نے بتایا کہ تینوں افراد بعد میں دم توڑ گئے۔

موسمیاتی تبدیلی اب نئی حقیقت بن چکی ہے' وفاقی وزیر منصوبہ بندی

ہر سال نقصانات کی مرمت کی بجائے اپنی دفاعی و حفاظتی صلاحیتوں کو مضبوط بنانا ہوگا' احسن اقبال

بلوچستان کی مالی مشکلات کے پیش نظر وفاق نے 400 ملین ڈالر کا پروگرام ترتیب دیا' خطاب

اسلام آباد / کوئٹہ (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے انفراپ کے تحقیقی ورکشاپ بعنوان ڈیزائننگ ریزیلینس ایٹ اسکیل، جیسن پلاننگ، فلڈ ماڈلنگ اور انفراسٹرکچر ٹیلیجنٹی سے خطاب کرتے ہوئے بلوچستان میں موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے خطرات کے پیش نظر مربوط، سائنسی اور شواہد پر مبنی حکمت عملی ...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرولیم مصنوعات کا ذخیرہ ایک ماہ کیلئے کافی ہے، حکام

ملک میں گیس کی موجودہ صورتحال بہتر، سینیٹ قائمہ کمیٹی پیٹرولیم کو بریفنگ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیٹرولیم ڈویژن کے حکام نے دعویٰ کیا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کا دستیاب ذخیرہ ایک ماہ کیلئے کافی ہے۔ تفصیلات کے مطابق جمعہ کو سینیٹر منظور کاکڑ کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے پیٹرولیم کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں پیٹرولیم ڈویژن کے حکام نے ملک میں تیل و گیس کی سپلائی، درآمدی معاہدوں اور علاقائی صورتحال کے اثرات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ملک میں ایندھن کی دستیابی سے متعلق پیٹرولیم ڈویژن نے کہا کہ ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کا دستیاب ذخیرہ فی الوقت ایک ماہ کی ضروریات ...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل میں قید فلسطینیوں پر مظالم کا نوٹس لیا جائے' جمعیت نظریاتی

فلسطینیوں پر انسانیت سوز مظالم کی مذمت کرتے ہیں، مولانا عبدالقادر لونی' اسرائیل نے تمام قوانین کو پامال کیا، مفتی شفیع الدین

انسانی حقوق کی عالمی تنظیمیں فلسطینی قیدیوں پر جاری بدترین تشدد رکوانے کیلئے فوری اقدامات اٹھائیں، عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے اسرائیلی قید میں قیدیوں پر انسانیت سوز مظالم اور قیدیوں کو ظالمانہ سزاوں کی مذمت کرتے ہوئے انسانی حقوق کی عالمی دنیا کے تنظیموں سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے اسرائیل نے فلسطینیوں پر مظالم کے تمام حدود کو پار اور قیدیوں کے متعلق تمام قوانین اصولوں کو پامال کی ہے اور مزید کہا ...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر